# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Monday the April 29, 2024
(337th Session)
Volume XV, No.03
(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XV SP.XV (03)/2024
No.03 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Leave of Absence ..... 2
3. Presentation of Report of Special Committee by Senator Farooq Hamid Naek regarding the proposals for making recommendations on Money Bill, the Tax Law (Amendment) Bill 2024 ..... 2
   - Senator Azam Nazeer Tarar (Mnister for Law and Justice) ..... 3
   - Senator Saadia Abbasi ..... 4
   - Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law) ..... 7
   - Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition ..... 8
   - Senator Azam Nazeer Tarar ..... 10
   - Senator Mohsin Aziz ..... 11
4. Adoption of the Recommendations of the Special Committee on the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024 ..... 14
5. Introduction of [The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2023] ..... 14
6. Introduction of [The Price Control and Prevention of Profiteering and Hoarding (Amendment) Bill, 2023] ..... 14
7. Introduction of the [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] (Insertion of new sections 160A and 160B in the PPC and subsequent amendments in Schedule II of the Cr. Pc) ..... 15
8. Introduction of [The National Highways Safety (Amendment) Bill, 2023] ..... 16
9. Introduction of [The General Clauses (Amendment) Bill, 2022] ..... 16
   - Senator Mohammad Abdul Qadir ..... 22
10. Introduction of [The Islamabad Rent restriction (Amendment) Bill, 2023]. ..... 22
11. Withdrawal of [The prevention and Control Of Human Trafficking ( Amendment) Bill,2024]. ..... 23
12. Point Of Public Importance Raised By Senator Dost Muhammad Khan Regarding Non-Provision Of Funds To The Affectees Of Ex-FATA, And Economic Revival Post-Merger ..... 24
13. Point of public importance raised by Senator Palwasha Mohammad Zai Khan regarding news about taxation on solar energy. ..... 27
   - Senator Sherry Rehman ..... 29
14. Point of public importance raised by Senator Mohammad Abdul Qadir regarding the Supreme Court judgement in Mubarak Sani case. ..... 29
15. Point Public Importance raised by Senator Atta Ur Rehman regarding delay in Senate Elections in KP Assembly33
16. Point of public importance raised by Senator Anusha Rahman Ahmed Khan regarding revival of PECA Law to combat fake news and propaganda in social media ..... 36
17. Point of public importance raised by Senator Naseema Ehsan regarding the rigging in the General Election, 2024 ..... 38
18. Point of Public Importance raised by Senator Aon Abbas regarding the low Wheat support price set by the Punjab Government ..... 40
   - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui ..... 43
19. Point of Public Importance raised by Senator Hidayatullah Khan regarding news about taxation on solar energy ..... 44
20. Point raised by Senator Manzoor Ahmed regarding political situation in the country ..... 47
21. Point of Public Importance raised by Senator Jan Muhammad regarding recent catastrophic flooding in Balochistan and negligent behaviour of authorities concerned ..... 50
22. Point raised by Senator Abdul Wasay regarding the irregularities in the election process ..... 52
23. Point of public importance raised by Senator Nadeem Ahmed Bhutto regarding political and economic conditions in the country. ..... 55
24. Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding successful conclusion of Hanglaj Mela in Balochistan and abduction of six-year-old Priya Kumari in Sangrar, Sindh. ..... 57
25. Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding the alleged corruption of PASSCO zonal head in Balochistan. ..... 60

26. Point of Public Importance raised by Senator Zamir Hussain Ghumro regarding the Provincial autonomy and socio-economic issues ........ 61
27. Point raised by Senator Saifullah Abro regarding political and economic situation in the country ........ 63
28. Point raised by Senator Poonjo Bhel regarding representation of minorities in the assemblies and Senate and political struggle of Pakistan Peoples' Party ........ 69
29. Point raised by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur regarding the prevailing political situation in the country and release of political workers. ........ 72
30. Point of Public Importance raised by Senator Bilal Ahmed Khan regarding installation of LPG plants to address the issue of gas shortage in Balochistan ........ 75
31. Point of public importance raised by Senator Shahzaib Durrani regarding prevailing political situation in the country and non-serious attitude portrayed by the Opposition Members ........ 78
32. Point of public importance raised by Senator Zeeshan Khan Zada regarding present political situation in the country and release of the former Prime Minister, Imran Khan and Bushra Bibi ........ 81
33. Points of Public Importance raised by Senator Falak Naz regarding insensitive approach of NDMA towards recent flooding in Chitral and release of incarcerated Imran Khan and his wife ........ 83
    - Senator Fawzia Arshad ........ 84

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, the April 29, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five O'Clock in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿٩﴾ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٠﴾ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۗ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿١١﴾ وَجَعَلْنَا
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَ
الْحِسَابَ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿١٢﴾

ترجمہ : بے شک یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا راستہ ہے اور خوشی سناتا ہے ایمان والوں کو جو اچھے کام کرتے ہیں اور ان کے لیے بڑا ثواب ہے۔ اور یہ کہ جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے لیے بڑا دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے! اور انسان برائی اس طرح مانگتا ہے جیسے اسے بھلائی مانگنی چاہیے، اور انسان بڑا جلد باز ہے۔ اور ہم نے رات اور دن کو تو نشانیوں کے طور پر پیدا کیا ہے۔ پھر رات کی نشانی کو اندھیرا بنا دیا، اور دن کی نشانی کو روشن کر دیا ہے، تاکہ آپ اپنے رب کا فضل تلاش کر سکو، اور آپ کو سالوں کی گنتی اور (مہینوں کا) حساب معلوم ہو سکے۔ اور ہم نے ہر چیز کو الگ الگ واضح کر دیا ہے۔

(سورۃ بنی اسرآئیل آیات نمبر ۹ تا ۱۲)

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Prof. Sajid Mir has requested for the grant of leave today from 29th April, 2024 due to his personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Sadia Abbasi has requested for the grant of leave for 26th April, 2024 due to personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Mir Dostain Khan Domki has requested for the grant of leave for 26th April, 2024 due to personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Kamran Murtaza has requested for the grant of leave for the whole 337th Session due to personal engagements abroad. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Order No.2. Senator Farooq Hamid Naek.

## Presentation of Report of Special Committee by Senator Farooq Hamid Naek regarding the proposals for making recommendations on Money Bill, the Tax Law (Amendment) Bill 2024

Senator Farooq Hamid Naek: I, Senator Farooq Hamid Naek, Convener, Special Committee to examine the money Bill, to present report of the Committee on the proposals for making recommendations on the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024.

Mr. Chairman: Report stands laid. Report

پڑھی ہے انہوں نے، یہ Reports بھیجیں۔ Minister for Law and Justice.

**Senator Azam Nazeer Tarar (Mnister for Law and Justice)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! جس دن آپ نے یہ Bill بھیجا National Assembly سے کیونکہ یہ Money Bill ہے tax Laws میں چند amendments کی گئیں جن کے ذریعے صرف litigation کے processes ہیں ان کو stream line کیا گیا، آسان کیا گیا اور اس وقت ملک کی جو economic health ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے ایک شکایت تھی کہ سینکڑوں ارب کے جو matters ہیں وہ Tribunals میں pending پڑے ہیں اور کام نہیں ہو رہا تو اس تناظر میں یہ کچھ amendments جو ہیں Income Tax Ordinance, Sales Tax میں introduce کرائی گئیں تھیں۔

Under the scheme of law, The House of Federation examines the Bill and makes recommendations. Your honour was pleased to constitute the Committee convened by Senator Farooq Naek, myself and Senator Ali Zafar.

سینیٹر علی ظفر سے لاہور میں بھی اس پر discussion ہوتی رہی وہ واپس آ گئے ہیں۔ سینیٹر علی ظفر نے کچھ تجاویز in writing بھیجی تھیں ان کی باقی چیزیں incorporate کر لیں۔ ان کی ایک تجویز تھی کہ commission tax کا pecuniary level...

(continued)

T02-29Apr2024 FAZAL/ED: Mubashir 05:10 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ جاری ہے۔۔۔ان کی ایک تجویز تھی کہ commissioner tax کا جو pecuniary level ہے۔ وہ دو کروڑ کی بجائے پانچ کروڑ کر دیا جائے۔ جناب چیئرمین! وہ ساری ہم نے وہاں سے منگوائی۔ دو کروڑ تک individual بھی چھوٹی کمپنیاں ہیں۔ پھر اس سے اوپر جب تین، چار اور پانچ کروڑ میں جاتا ہے تو اسی میں وہ complex چیز تھی۔ تمام اداروں نے یہ request کی کہ اگر آپ یہ اچھا کر ہی رہے ہیں تو pecuniary jurisdiction جو ہیں۔ جناب چیئرمین! Law تو ہمیشہ کے لیے ہوتے نہیں ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ جو آپ کی تجاویز تھیں ان کو دیکھ کر ایک دو میں explanation کی ضرورت تھی وہ ریکارڈ کر دی تھی۔ اس حد تک کمیٹی نے پھر consensus سے کہا کہ دو کروڑ ہی رہنے دیں۔ پھر وہ سارا بوجھ tribunals کو چلا جائے گا۔ ہمارا خیال تھا کہ commissioner tax and tribunals میں balance out کر دیں تاکہ جو موٹے cases ہیں وہ judicial side پر tribunals میں دیکھیں۔ یہ departmental hierarchy ہے۔ یہ اپنا کام 20 million تک کر دیں۔ جناب چیئرمین! اس استدعا

کے ساتھ میں صرف عرض یہ کروں گا کہ قومی اسمبلی بھی ایک دو اور دنوں تک جائے گی۔ جناب چیئرمین ! یہ ایک ایسا law ہے جس میں حکومت اپنا اختیار چھوڑ رہی ہے۔ Appointment of judicial income tax tribunals ہیں وہ پہلے Ministry of Law and Justice recommend کرتی ہے اور rules کے تحت وزیراعظم ان کو appoint کر دیتے ہیں۔ وزیراعظم اپنا یہ اختیار چھوڑ رہے ہیں۔ Open competition invite کر کے testing bodies, it may be LUMS, وہ prescribe ہو جائے گی۔ May be IBA or any other reputed institutions جو بھی criteria ہے اس کے تحت written examinations لیں گے اور اس کے بعد ایک selection committee ہے which is headed by a retired Judge of Supreme Court, اس میں Pakistan Tax Bar کو بھی ہم نے کہا کہ وہ اپنا ایک سینیئر ترین رکن نامزد کریں جیسا کہ JCP میں ہے۔ It would be also having representation from Parliament جو ٹیکنو کریٹ آپ شامل کرنا چاہیں گے وہ rules میں prescribe ہو گا۔ مقصد یہ تھا کہ فرد واحد کا جو اختیار ہے وہ delete ہو جائے اور merit based چیزیں ہم introduce کروائیں۔ وہی کمیٹی سالانہ assessment کرے گی اور ان کا تین سال کی بجائے ہم نے انہیں service میں offer کر دی ہے کہ 62 years عمر تک جا سکتے ہیں provided ان کی رپورٹس ٹھیک ہیں۔ جناب چیئرمین ! یہ ہماری ایک اچھی کوشش تھی۔ ہم نے اس کو introduce کرانے سے پہلے قومی اسمبلی میں اپوزیشن کے دوستوں سے ان کی کاپیاں share کر لی تھیں۔ آپ کے پاس بھی یہ کاپیاں پانچ چھ دنوں سے پڑی ہیں۔ یہ شاید ہم نے جمعرات کے دن introduce کروایا تھا۔ میری استدعا ہو گی کہ یہ item لے لیں تاکہ یہ transmit ہو کر آج چلا جائے گا۔ کل شاید ان کا سیشن ہے ورنہ پھر یہ رک جائے گا۔

Mr. Chairman: Saadia Abbasi Sahiba, yes, please.

**Senator Saadia Abbasi**

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب چیئرمین ! شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ جناب چیئرمین ! میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ یہ ایک Special Committee بنی ہے۔ جس میں wide ranging changes آپ لانا چاہتے ہیں in the process of tax filing and tax matters میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ آخر کونسی ایسی عجلت اور جلدی تھی۔ ہماری سینیٹ کی کمیٹیاں بننے والی ہیں ایسی کونسی جلدی تھی کہ پارلیمنٹ کے اس ایوان کے کم از کم 87 ممبرز بیٹھے ہوئے ہیں ان میں صرف تین ممبران کو لے کر آپ کہتے ہیں کہ law میں

کر دی جائیں اور ان کو consult بھی نہ کیا جائے۔ جن حضرات کو آپ نے ارکان بنایا ہے نہ میں ان کی wide ranging changes credibility پر اور نہ ان کی competence پر بات کر رہی ہوں۔ جناب چیئرمین! میں یہ بات کرنا چاہ رہی ہوں کہ ہمارے ملک میں قوانین کو پاس کرنے کا جو طریقہ اور methodology adopt کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ہر کام عجلت میں کریں۔ ہر کام جلد بازی میں کریں۔ پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ کے ممبران کو bypass کریں۔ جناب چیئرمین! 2017 کی حکومت ختم ہوئی تو الیکشن ہوئے اور حکومت بنی تو ایک صاحب آئے جن کا نام تھا حفیظ شیخ صاحب۔ حفیظ شیخ صاحب نے اس تیزی کے ساتھ پاکستان کی معیشت کو تباہ کیا جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ وہ کدھر گئے ہیں۔ ہم سارے بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ چلا گیا۔ کبھی ہم ادھر اور کبھی ادھر چلے جاتے ہیں۔ ہم صرف کاغذوں کو آگے پیچھے کر رہے ہوتے ہیں لیکن وہ صاحب جو ملک کو نقصان پہنچا کر گیا ہے اس کو آج تک پاکستانی عوام بھگت رہے ہیں۔ اسی طرح ہر مرتبہ ایک حکومت آتی ہے اور ان کو یہ عندیہ دیا جاتا ہے کہ کبھی آپ یوٹیلیٹی بلز بڑھا دیں کیونکہ لوگ ٹیکس نہیں دیتے۔ کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ devaluation کر دیں تو economy بھاگنے لگ جائے گی۔ کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ افسران کو تبدیل کرنے سے سب کچھ ہو جائے گا۔ جناب چیئرمین! پارلیمنٹ کو bypass کرنے کا یہ جو طریقہ کار ہے یہ رائج جمہوری روایات کے خلاف ہیں یہ غلط طریقہ ہے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو تھوڑا سا یہ سمجھانا چاہتی ہوں کہ 27 اپریل کی اخبار میں ہم نے یہ پڑھا ہے۔ Panel okays consulting firm proposal on FBR digitalization. جناب چیئرمین! FBR digitalization ایک بڑا اہم کام ہے۔ پاکستان کے تمام revenue sources کو digitalization کی طرف لے کر جانا چاہتے ہیں۔ اگر یہ کام کرنا چاہتے ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ پاکستان میں بالکل لوگ ہی موجود نہیں ہیں جو یہ کام کر سکیں۔ جناب چیئرمین! اس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ

"The Steering Committee on Digitalization of the FBR under the chairmanship of Minister of Finance has approved the top proposal from McKinsey and Company, a globally renowned consulting firm".

جناب چیئرمین! آخر کس نے یہ authorize کیا تھا کہ آپ McKinsey کو hire کریں۔ آخر اس ملک میں PPRA rules ہیں۔ کوئی طریقہ کار موجود ہے۔ آپ کو ٹینڈر invite کرنا پڑتا ہے۔ پھر اس کے بعد ٹینڈر کے ذریعے جو bids آتی ہیں ان کے اوپر فیصلہ ہوتا ہے۔ یہ فرد واحد کا فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ جناب چیئرمین! اس کے بعد میں پڑھ رہی ہوں کہ

"Federal Minister for Finance and Revenue, Senator Muhammad Aurangzeb, chaired the meeting of the Steering Committee on Digitalization of the Federal Board of Revenue (FBR). The meeting was attended by key stakeholders, including Chairman FBR, CEO Karandaaz of the Bill and Melinda Gates Foundation".

جناب چیئرمین! آپ مجھے بتائیں Karandaaz of the Bill and Melinda Gates Foundation پاکستان کے اندر کیسے stakeholder بن گئے۔ FBR میں stakeholder کیسے بن گئے۔ وہ تو ایک NGO ہے جو microfinance کے لیے اس ملک میں آیا تھا۔ آپ اپنے ملک کے FBR کا data ان کے حوالے کر رہے ہیں۔ مجھے یہ کوئی بتائے کہ Karandaaz کو کس نے employ کیا۔ اس بات کی تو clarity ہونی چاہیے۔ آخر پاکستان میں کوئی نہیں تھا۔ کسی میں بھی اتنی سمجھ اور سوجھ بوجھ نہیں ہے کہ یہ کام کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ یہ کام زیادہ احسن طریقے سے کیا جا سکتا ہے لیکن اپنے ملک کے data کو جو revenue کا ذریعہ ہے اور ان sources کو جو identify کرتا ہے ان کو ہم دو کمپنیوں کے حوالے کر رہے ہیں۔ ایک Karandaaz of the Bill and Melinda Gates Foundation اور دوسرا McKinsey. جناب چیئرمین! مجھے جس چیز کا دکھ ہوتا ہے اور جس چیز کا افسوس لگتا ہے کہ اور لوگوں کے ایجنڈے کو ہمارے اوپر ڈالا جاتا ہے اور ہمیں کہا جاتا ہے کہ اس کو آپ آگے بڑھائیں۔ یہ جو طریقہ کار اپنایا گیا ہے یہ ملک کو نقصان پہنچانے والا ہے۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب چیئرمین! میں اپنی بات ختم تو کر دوں ناں۔ اس سے پہلے بھی اور لوگ آئے تھے۔ انہوں نے تو اس ملک کو نقصان دے کر چلے گئے لیکن وہ اس ملک کے عوام بھگت رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! اسی طرح آخر میں solarization کا issue ہے۔ لوگوں نے solar panels لگوانے شروع کر دیے۔ جناب چیئرمین! یہ جو چیزیں ہیں۔ عوام کے اوپر سارا بوجھ ڈال دیا جاتا ہے۔

Mr. Chairman: Let me hear from the Minister. Yes, Minister for Law and Justice.

**Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میری صرف یہ استدعا ہے کہ جہاں تک taxation کے نظام کا تعلق ہے اس کی جو بھی revamping ہونی ہے۔ وزارت خزانہ میں اس پر کام ہو رہا ہے۔ McKinsey and Karandaaz کی credibility پر آج تک کسی نے انگلی نہیں اٹھائی۔ طریقہ کار پر کسی کو اعتراض ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے سوال جمع کروائیں۔ وزیر خزانہ آئیں گے تو اس کا جواب دے دیں گے۔ میں نے تو صرف یہ استدعا کی تھی کہ سیشن اختتام ہونے کو ہے۔ تو میری صرف عرض یہ تھی کہ یہ رپورٹ آپ کے سامنے رکھ دی گئی ہے۔ اس وقت تین بڑی جماعتیں ہیں۔ جو legal side پر کام کرنے والے لوگ ہیں۔ The honourable Chairman in his own wisdom انہوں نے یہ ذمہ داری سونپی ہے۔ علی ظفر صاحب موجود نہیں تھے لیکن انہوں نے in writing چیزیں بھیجی تھیں۔ دو ایک چیزوں پر explanation تھی وہ ریکارڈ کر دی گئی۔ دو تین چیزیں ان کی incorporate کر لی گئیں۔ Main ایک jurisdiction تھا pecuniary کہ دو کروڑ یا پانچ کروڑ۔ علی ظفر صاحب! میں نے آپ کو وضاحت دے دی۔ میری یہ request ہو گی کہ میں motion move کروں۔ نہ ہم نے اس پر ووٹ کرنا ہے۔ نہ ہم اس کو reject کر سکتے ہیں۔ میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ اس نیت کے ساتھ اس کو لے کر آئے تھے کہ ہم نے ابھی advertisement میں جانا ہے۔ اس کا time پورا ہونا ہے۔ (آگے T03 پر جاری ہے)

T03-29Apr2024 Rafaqat Waheed/Ed: Ahsan 5:20 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری) اس کا time پورا ہونا ہے، لوگوں نے applications دینی ہیں، درخواستیں دے کر testing کا سارا نظام ہونا ہے۔ ہماری خواہش یہ ہے کہ by the start of fiscal year یہ سارا نظام متعارف کرا دیا جائے۔ یقین مانیے یہ ایسی چیز ہے جس میں حکومت نے اپنا پچیس تیس سالہ اختیار چھوڑا ہے۔ بجائے اس کے کہ ہم اسے اور بڑھاتے، ہم نے کہا ہے کہ اسے independent رہنے دیں۔ ہائی کورٹس کو ہم نے کہا ہے کہ آپ ٹیکس کے benches بنا دیں۔ جناب! 2700 ارب روپے منہ سے کہہ دینا شاید آسان ہے بلکہ وہ بھی مشکل ہے۔ آج کا جو ریکارڈ ہے، پچھلے دس پندرہ سالوں سے یہ accumulate ہوتا آ رہا ہے۔ 2700 ارب کے قریب جو revenue ہے، tribunals میں اور superior courts میں stuck پڑا ہے، اس کو سیدھا کرنے کے لیے یہ effort کی گئی ہے۔ ہم سب کا یہ فرض ہوتا ہے کہ جو مثبت تبدیلیاں کی جا رہی ہوں، اس میں ہم ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور ہاتھ مضبوط کریں۔ کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا جا رہا، کوئی ٹیکس ختم نہیں کیا جا رہا، کوئی right ختم نہیں ہو رہا۔ جو right of appeal, tribunal کا تھا، تجویز آئی، انہوں نے

کہا کہ اگر آپ کمشنر انکم ٹیکس کو نیچے کے لیے abolish نہیں کر رہے تو دو اپیلیں دینے کی بجائے دونوں streams ہائی کورٹ میں جا کر کیس file کر دیا کریں۔ پہلے ہائی کورٹ کا جو reference تھا، علی ظفر صاحب بیٹھے ہیں، وہ صرف question of law پر ہوتا تھا۔ Tribunal کے بعد چونکہ یہ main litigation arena ہوگا تو ہم نے کہا کہ question of law and fact دونوں پر آپ بات کر سکتے ہیں۔ اس کا scope بڑھا دیا۔ Automatic stay کر دیا کہ جب تک اپیل file نہیں ہوتی، اگر آج tribunal فیصلہ دیتا تھا، FBR کی ٹیمیں effective ہو جاتی تھیں کہ accounts پر cautions لگا دو، پیسے نکال لو وغیرہ۔ ہم نے tax payers کو protection دی ہے کہ جب تک within 30 days آپ کی اپیل نہیں جاتی، وہ اس میں سے پیسہ نہیں نکالیں گے۔

جناب! آخری بات میں یہ کرنا چاہوں گا، اس ایوان کا ادب احترام سر آنکھوں پر، میں خود رکن ہوں اور جو سیکھا ہے اسی ایوان سے سیکھا ہے۔ یہ ہماری recommendations ہیں جبکہ یہ بل قومی اسمبلی میں جا کر vote ہوگا۔ اس لیے میری یہ استدعا ہوگی، اگر اجازت دیں تو میں motion move کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: لیڈر آف دی اپوزیشن۔

**Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition**

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! شکریہ۔ ایک تو سینیٹر سعدیہ عباسی نے جو باتیں کی ہیں، بڑی اہم ہیں اور ہم ان کو endorse کرتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ ایک چیز تو ہم طے کر لیں کہ اس بل کو یہاں پر محض lay کرنا اور اس کو قومی اسمبلی میں بھیجنا ہے، ظاہر ہے money bill پر سینیٹ کا کوئی اتنا کردار نہیں ہے لیکن اس ہاؤس کی ایک respect ضرور ہے۔ ہم money bill میں کچھ زیادہ interfere نہیں کر سکتے لیکن اپنی suggestions ضرور دیتے ہیں، بجٹ ہو یا اس قسم کے money bills ہوں۔

نمبر ایک، گزارش یہ ہے کہ دنیا کے مہذب یا ترقی یافتہ ممالک میں ایک ایک بل پر سالوں لگتے ہیں۔ ہمارے ہاں تو ایسے لگتا ہے کہ press the button اور بل نکال لیں، بغیر کسی discussion کے، بغیر کسی collective wisdom کو استعمال میں لائے یا ہم جو یہاں پر decoration pieces بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو علیحدہ کرکے بل منظور کروالیا جاتا ہے۔ میں احترام کرتا ہوں علی ظفر صاحب کا، فاروق نائیک صاحب کا اور تارڑ صاحب کا لیکن جناب! یہ صرف law کی بات نہیں ہے، یہ صرف قانون کی بات نہیں ہے، اس میں اور بڑے issues ہیں۔ یہ ہمارا ایک ایسا issue ہے جس میں مخصوص مافیاز نے یا وہ لوگ جو ٹیکس pay نہیں کرتے، اس ملک کو اپنے حصار میں لیا ہوا

ہے۔ ہم سب پاکستانیوں کا فرض ہے کہ tax pay کریں، ہم اس کو بالکل support کرتے ہیں لیکن قانون اس لیے لایا جاتا ہے کہ اس کا کوئی impact ہو، اس کی کوئی implementation ہو۔ صرف یہ نہیں کہ قانون ادھر سے pass ہو گیا، اُدھر چلا گیا، اس سے کچھ فرق نہیں پڑے گا۔ ہمیں یہ بتایا جائے کہ انہوں نے یہ جو reform کی ہے، اس سے قومی خزانے کو کتنا فائدہ ہوگا۔ 2.7 ٹریلین جو کہ میرے خیال میں صرف گیس کے circular debt کے قریب کی figure ہے۔ کیا انہوں نے کوئی time دیا ہے۔ صرف tribunal بنانے سے، دس کی جگہ بیس بنانے سے کیا ہوگا۔

ہمیں ہر چیز بتائیں، اگر آپ نے کچھ introduce کیا ہے تو آپ ہمیں یہ بتائیں کہ اس بل کا مقصد یہ ہے اور اس سے ملک کی treasury کو، ہمارا جو ٹارگٹ ہے اس پہلے مالی سال میں اتنا ہوگا اور اگلے سال اتنا ہوگا۔ ہمیں صرف figures سے impress نہ کریں کہ 2.7 ٹریلین tax recover کر لیں گے۔ It is just because of some brilliant idea that we have removed the tier and we have introduced more tribunals. ان کا criteria کیا ہے، ان کی accountability کیسے ہو گی۔ ہمیں دو سالوں کے بعد یہ نہ بتایئے گا کہ یہ ہو گیا اور وہ ہو گیا۔ ایسے نہیں ہونا چاہیے۔ If you are presenting the bill, then you are responsible for it, responsible for the results and the implementation and a very effective implementation so that we are able to collect tax without harassing people, without making the people trapped in different kinds of institutions. اس پر آپ نے تھوڑا غور کرنا ہے۔ اگر آپ کے پاس یہاں پر کچھ کہنے کے لیے نہیں ہے تو پھر یہ ٹیم بنانے کی اور یہاں پر lay کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ کم از کم ہم یہاں discussion کر کے اسے بھیجیں۔

میں آپ سے کہتا ہوں کہ majority of your party, Peoples Party and unfortunately, including our Tehreek-e-Insaf, we don’t know what was discussed. اگر یہاں کوئی ہے تو بتا دے، مجھے تو پتا نہیں کہ کیا decide ہوا، کس نے کیا propose کیا، ہمیں علم نہیں ہے۔ میں آپ کو assure کرتا ہوں کہ نہ مسلم لیگ کے legislators کو پتا ہے اور نہ پیپلز پارٹی کے کہ what has been added and what has been subtracted. Sir, let us not make this as a mockery. اس کو ہم نے ایک بڑے مربوط طریقے سے، اپنے جتنے بھی سینیٹرز ہیں، انہیں

respect دینی ہو گی اور ان سے رائے لینی ہو گی۔ Collective wisdom یہ تو نہیں ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن چونکہ نمائندگی کرتا ہے تو جو اس کی مرضی آئے، وہ کرے .without consulting their respective teams لہٰذا، اس معاملے کو ذرا دیکھ لیں، جیسے علی ظفر صاحب نے اس دن کہا تھا کہ bulldoze کیا جا رہا ہے۔ یہ بھی ایک بڑی sophisticated قسم کی bulldozing ہے کہ تین بندے مل کر بیٹھ جائیں اور وہ آپس میں فیصلہ کر لیں کہ یہ ہونا ہے۔ نہیں جناب! ایسے نہیں ہونا چاہیے۔

آخری بات، چونکہ committees نہیں ہیں، اس پر بھی آپ کو تھوڑا غور کرنا پڑے گا کیونکہ میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ اس طرح کے bills آتے رہیں گے اور committees چونکہ نہیں ہوں گی تو کہیں گے کہ اب committees موجود نہیں ہیں تو پھر ان کو ایسے ہی pass کریں۔ اس طرح majority اس کو pass کر دے گی اور باقی دیکھ لیں گے۔

جناب چیئرمین: ایسا نہیں ہو گا۔

سینیٹر سید شبلی فراز: بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: محسن عزیز صاحب کا ایک point لے لیں۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! صرف ایک بات کہنا چاہوں گا۔ تقریر کرنا بہت آسان ہے اور انگلی اٹھانا بھی۔ کیا لیڈر آف دی اپوزیشن نے پانچ دنوں میں کسی کمیٹی کو ایک بھی line لکھ کر دی ہے؟ آپ کے ایوان کی کمیٹی ہے۔ میں آپ کے ساتھ بیٹھا، سب بیٹھے ہیں، کمیٹی announce ہو چکی تھی اور کمیٹی کی میٹنگ notified تھی۔ آپ میں سے کسی معزز رکن نے یہ کوشش کی کہ ایک line پر اعتراض کیا ہو۔ اعتراض برائے اعتراض، تنقید برائے تنقید، میں ہاتھ جوڑ کر کہوں گا، ہم نے timelines کو قریب کیا ہے، تقریر کرنا بہت آسان ہے، اس پر لوگوں نے کم از کم دو مہینے بیٹھ کر کام کیا ہے۔ حکومت آئی تو یہ پہلا task تھا کہ اس کو ٹھیک کریں، یہ بہت زیادہ خراب ہے۔

جناب! میں عرض کرتا ہوں، یہ بل آپ کے سامنے lay کیا گیا۔ اس ایوان نے کہا کہ کمیٹی کو بھجوائیں اور meanwhile میں نے اس دن کہا کہ یہ پانچ چھ دن کا وقت ہے، لوگ بھی پڑھیں اور میرے معزز اراکین بھی۔ جو تجویز بھی آئے گی اور یہی رواج ہمیشہ رہا ہے کہ تجاویز آتی ہیں، ہم amendment move نہیں کر سکتے کیونکہ یہ ہمارا مینڈیٹ نہیں ہے۔ آپ نے کہا کہ اس میں اچھا کیا ہوا ہے اور برا کیا ہوا ہے۔ اچھا یہ ہوا ہے کہ جو چھ چھ مہینے کی timelines تھیں، ان کو تیس اور ساٹھ دن پر کیا۔ پہلے adjournment پر

adjournment آتی تھی اور کوئی صورت ہی نہیں تھی کہ چھ سات سال سے پہلے stay vacate ہو جائے۔ جناب! چار چار ارب کے stay پڑے ہوئے ہیں۔ لکھا کہ پندرہ دنوں کی extension ہو گی اور تیس دن سے زیادہ aggregate extension نہیں ہو گی جو time دیا گیا ہے اور ہر adjournment کے اوپر tribunal یا پھر ہائی کورٹس بھی اس کی reasons record کریں گی۔ اپیلوں کا mechanism بتایا گیا ہے، ایک hearing schedule دیا جائے گا۔ ساری دنیا میں hearing schedules آتے ہیں۔ جس دن میں stay کے لیے جاتا ہوں، میں file کروں گا، tribunal مجھ سے پوچھے گا، اچھا، آپ کس دن available ہیں، ٹیکس والے کس دن available ہیں، وہ date طے ہو جائے گی۔ اس سے ایک ہفتے، دو دن، تین دن، چار دن hearing کروائیں لیکن اس کے بعد adjournments نہیں ملیں گی۔ یہ تمام چیزیں اس کے اندر لکھی ہوئی ہیں۔

خدارا! میں آپ سے التجا کروں گا، اس کے ذریعے کوئی ٹیکس نہیں لگایا جا رہا، کوئی ٹیکس ختم نہیں کیا جا رہا۔ ہماری جو legal hierarchy ہے، اس کو smooth کیا ہے، streamline کیا ہے، tax payer friendly بنایا ہے۔ چوروں کے لیے مشکل کیا ہے اور یہ آپ کے ملک کے بھلے میں ہے۔

Mr. Chairman: One point of order for Mohsin Aziz.

سینیٹر محسن عزیز: جناب! یہاں پر اگر میں کہوں کہ آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے تو شاید غلط نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں، ایسے نہیں۔ اگر کوئی specific بات ہے تو وہ کریں۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں وہی کر رہا ہوں۔ جہاں تک money bill کا سوال ہے، میں پچھلے نو سالوں سے فنانس کمیٹی میں ہوں، word by word یہاں پر پڑھا جاتا ہے۔ (جاری۔۔۔۔T04)

T04-29April2024 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 05:30 p.m.

سینیٹر محسن عزیز:--(جاری)—میں پچھلے نو سال سے Finance Committee کا ممبر ہوں۔ وہ word for word وہاں پڑھا جاتا ہے whereas in the National Assembly, cut motions کے سوا کچھ نہیں ہوتا اور پھر ہماری recommendations جاتی ہیں۔ مجھے نہیں پتہ کہ Money Bill میں ہمارا کیا کام ہے۔ اب یہاں نیت کی بات نہیں ہو رہی بلکہ طریقہ

کار کی بات ہو رہی ہے۔ پس پردہ کیا ہے، صرف یہ بات نہیں ہونی چاہیے بلکہ اسے عجلت میں لانے کی کیا ضرورت تھی۔ آپ نے یہاں پر ایک بات لکھی ہے۔ اسے لکھنے میں کیا عجلت تھی؟ آپ نے یہاں ایک 5 ملین اور دوسرے 10 ملین روپے والے کو refund کی relief دینے کا کہا ہے یا اس متعلق tribunal بنانے کی بات کی ہے۔ دوسروں کو چھوڑیں، آج تو صرف 10 ملین ایک چھوٹے دوکاندار کا بنتا ہے۔ اگر آپ نے relief دیا ہے تو کسے دیا ہے؟ میں بس یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے اسے اتنی عجلت میں کیا ہے تو اس میں کوئی substantive چیز بھی ہوتی۔ میں تو بس طریقہ کار کو سمجھنا چاہتا ہوں۔ ابھی سینیٹر شبلی فراز، لیڈر آف دی اپوزیشن نے جو کہا، میں بھی اسے reiterate کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ اس کے پس پردہ کیا چیز ہے؟ اگر آپ کو نظر آ رہی ہے، اس میں عوام اور حکومت کا کوئی فائدہ ہے تو پھر کوئی بات بنتی ہے otherwise میری سمجھ میں یہ بل نہیں آیا اور ابھی اس کی amendments بھی پڑھ رہا ہوں، وہ بھی مجھے سمجھ نہیں آ رہیں کہ آپ relief کسے دینا چاہتے ہیں اور tax کس سے collect کرنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب! آپ سینیٹر صاحب کے specific question کا جواب دیں کیونکہ procedure آپ کے سامنے تھا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جب ہم نے یہ بل پیش کیا تو میں نے ہاتھ باندھ کر یہ استدعاء کی تھی کہ یہ بل آپ کے tables پر آ چکا ہے۔ آپ اسے پڑھیں اور جو تجاویز ہیں، وہ دیں۔ آپ نے کہا تھا کہ رائج الوقت طریقہ یہی ہے کہ کوئی Committee constitute ہو جائے اور اس میں تینوں جماعتوں کی نمائندگی ہو۔ وہ بھی ہو گئی۔ اگر آپ کو ہم پر کوئی mistrust ہے تو وہ ضرور show کریں لیکن میں تقریروں پر نہیں جاؤں گا۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب نے ابھی 5 اور 10 ملین کی بات کی۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب! اس میں 35 ملین والی بات نہیں بلکہ اس میں tiers 5, 10 and 20 million کے ہیں۔

Mr. Chairman: Address the Chair, please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Income tax assessments personal اور companies کی الگ ہوتی ہیں کیونکہ sales tax کا volume پھر زیادہ ہو جاتا ہے اس وجہ سے اسے income tax میں کم اور sales tax میں زیادہ رکھا گیا ہے۔ آپ نے ابھی کہا کہ جو چھوٹے لوگ اور companies ہیں، وہ tribunals میں جائیں گے اور یہ tribunals, provincial capitals or High Court benches میں ہوتی ہیں۔ ہم نے divisional level پر Commissioners کو deal appeal کرنے کے

اختیارات دے دیے تاکہ انہیں وکیل engage کرنے کی دقت سے بچایا جاسکے۔ جو بڑے cases ہیں، وہ سنجیدہ نوعیت کے ہوتے ہیں اور ان کے لئے وہ direct tribunals میں جائیں۔ دونوں کو ایک، ایک right of appeal بھی دیا گیا ہے اور اس کے لئے timelines بھی fix کردیے ہیں۔ اگر وہ beyond timelines جائیں گے تو انہیں Commissioner, tribunals or High Courts کے سامنے reasons دینا پڑیں گی۔ اگر چھ، چھ سال cases چلتے رہیں اور recoveries halt ہوتے رہیں تو اس کے ذریعے یہ تیز اور recovery process, transparent ہوگا۔ ان میں appointments کا بھی طریقہ شفاف ہوگا۔ Appointments politically motivated ہوتی ہیں اور پھر ایوان میں both sides of aisle سے اعتراضات ہوتے ہیں۔ اگر میں آپ کے ساتھ list share کروں تو مختلف ادوار میں جتنے لوگ بھرتی کیے گئے ہیں، ان کا کوئی tax background نہیں تھا۔ اسی وجہ سے پھر problems آئیں۔

جناب! FBR میں accounting members کے لئے ایک بڑی parking lot بنی تھی۔ اب FBR کو یہ پابند کیا گیا ہے کہ وہ اپنے بہترین افسران adjudication and tribunals میں بھیجیں گے جو کم از کم 20 گریڈ میں تین سال کام کر چکے ہوں اور ان کا adjudication کا experience ہو۔ اس بل میں اس سے زیادہ اور چیزیں نہیں ہیں۔ یہ بل پچھلے 6 دن سے آپ احباب کے پاس رہا ہے۔ کوئی ایک دوست یہ کہے کہ اگر اس نے ٹیلی فون پر بھی بات کی ہو اور کہا ہو کہ مجھے اس بل پر مطمئن کریں اور اگر ایسا نہیں کیا گیا ہے تو میں ذمہ دار ہوں۔ میرے دوست یہ کیوں بھول رہے ہیں کہ اسے چھ دن پہلے lay کیا گیا ہے۔ The Bill is a public document اور یہ Senate website پر available ہے۔ رپورٹ میں بھی کوئی major changes نہیں ہیں۔ میری یہ بڑی مودبانہ التجاء ہوگی کہ Agenda Item No. 23 پر House کا sense لیا جائے کہ recommendations adopt کرنی ہیں یا نہیں۔

جناب چیئرمین: جی، شکریہ۔ سینیٹر دنیش کمار آپ بیٹھ جائیں۔ I will now address Leader of the Opposition. جب یہ Bill lay ہوا تو اس وقت کچھ کی رائے تھی کہ اسے ایک دن میں ختم کیا جائے۔ I did not agree with that and I went to Lahore. آج میں آیا ہوں اور میں satisfied ہوں کہ آپ اس پر اپنی تیاری کر چکے ہوں گے۔ اب ایک Agenda item پر پوری بحث نہیں ہو سکتی

so I give the floor to Senator Farooq Hamid Naek to move Order. No. 23.

**Adoption of the Recommendations of the Special Committee on the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024**

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you, Mr. Chairman! I, Convener, Special Committee to examine the Money Bill, move that the recommendations on the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024, as reported by the Committee, be adopted.

Mr. Chairman: It has been moved that the recommendations on the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024, as reported by the Committee, be adopted.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The recommendations stand adopted. Senator Saifullah Abro, the Bill has been laid so there is no need for any debate. We now move onto Order. No. 3. It stands in the name of Senator Mohsin Aziz. Please, move the Order.

**Introduction of [The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Mohsin Aziz: I wish to move for leave to introduce a Bill further to amend the Payment of Wages Act, 1936 [The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. We now move onto Order. No. 5. It stands in the name of Senator Mohsin Aziz. Please, move the Order.

**Introduction of [The Price Control and Prevention of Profiteering and Hoarding (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Mohsin Aziz: I wish to move for leave to introduce a Bill further to amend the Price Control and Prevention of Profiteering and Hoarding Act, 1977

[The Price Control and Prevention of Profiteering and Hoarding (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! متعلقہ محکمے کی طرف سے کچھ amendments آئی ہیں۔ مجھے وہ آج briefing کے دوران بتائی گئیں لیکن it is appropriate کہ اسے Committee کو بھیج دیں تاکہ amendments وہاں consider ہو جائیں۔

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. I request Federal Minister for Law and Justice, the Parliamentary Leader of Pakistan Muslim League (N) and other Parliamentary Leaders to expedite the process of Committees' constitution.

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: ہم نے اب تک ایک عارضی میٹنگ کی ہے۔ اب پھر مل کر یہ کرلیں گے ان شاء اللہ۔

Mr. Chairman: We now move onto Order. No. 7. It stands in the name of Senator Dr. Afnan Ullah Khan. Please, move the Order.

**Introduction of the [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] (Insertion of new sections 160A and 160B in the PPC and subsequent amendments in Schedule II of the Cr. Pc)**

Senator Dr. Afnan Ullah Khan: Thank you, Mr. Chairman! I move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] (Insertion of new sections 160A and 160B in the PPC and subsequent amendments in Schedule II of the Cr. Pc.

Mr. Chairman: Is it opposed? **(Continued T-05)**

**T05-29APR2024 Taj/Ed: Khalid 05:40 p.m.**

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر قانون): یہ کمیٹی کو بھیج دی جائے، ایک محکمے نے آدھ چیز بتائی تھی، میں نے کہا کہ بہتر ہے کہ کمیٹی میں discuss ہو جائے۔

سینیٹر افنان اللہ خان: جناب! اگر میں بات کر لوں۔

جناب چیئرمین: ویسے بھی ہم تو مان گئے۔

سینیٹر افنان اللہ خان: ٹھیک ہے جناب۔

Mr. Chairman: Referred to the concerned Committee. Order No. 9, Mohsin Aziz Sahib.

**Introduction of [The National Highways Safety (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Mohsin Aziz: Thank you Sir. I would like to move for leave to introduce a Bill further to amend the National Highways Safety Ordinance, 2000 [The National Highways Safety (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس میں بھی محکمے والوں نے ایک آدھ چیز بتائی تھی کہ improve ہونے والی ہے۔۔۔۔

Mr. Chairman: please order in the House. Yes. If it is not opposed, then it is referred to the concerned Committee.

Senator Mohsin Aziz. Thank you Sir.

Mr. Chairman: Order No. 11, Senator Fawzia Arshad.

**Introduction of [The General Clauses (Amendment) Bill, 2022]**

Senator Fawzia Arshad: I would like to move for leave to introduce a Bill further to amend the General Clauses Act, 1897 [The General Clauses (Amendment) Bill, 2022].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس پر debate ہو جائے تو بہتر ہو جائے گی، کمیٹی کو refer کیا جائے۔

Mr. Chairman: Referred to the concerned Committee.

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! میں نے آپ سے بات کرنی تھی، یہ کہنا تھا کہ اس میں کوئی ایسی لمبی چھوڑی بات ہے نہیں کہ

it should go to the Committee or it should be passed immediately….

Mr. Chairman: We have already referred it to the Committee.

Senator Fawzia Arshad: It can be passed right now today also if you just listen to my request. It is not something very big…..

Mr. Chairman: I have already referred it.

سینیٹر فوزیہ ارشد: آپ مجھے بولنے دیتے تاکہ آپ میری بات سن کر شاید فیصلہ ہم کچھ اور کرتے۔

جناب چیئرمین: آپ کو موقع ملے گا۔ Order No. 13, Mohsin Aziz Sahib, man of the day.

Senator Mohsin Aziz: Thank you Sir. I would like to move for leave to introduce a Bill further to amend the State Bank of Pakistan Act, 1956 [The State Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ بڑے senior parliamentarian ہیں، میں ان کی توجہ Article 74 of the Constitution کی طرف مبذول کرواؤں گا اور پھر Section 46 (b) and sub-section 8 of the State Bank Act. Article 74 says: "A money Bill or a Bill or an amendment which is enacted and brought into operation, would involve expenditure from the Federal Consolidated Fund or withdrawal from the public account of Federation or affect the currency of the Pakistan or the Constitution and functions of State Bank of Pakistan, shall not be introduced or moved in Majlis-e-Shoora (Parliament) except by or with the consent of Federal Government." So, prior approval is required.

جناب! یہ Private Bills کے ذریعے نہیں آتے۔

In its present form it is not competent. It is opposed.

Mr. Chairman: It is opposed and we put it to the House.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ وزارت خزانہ سے consultation کریں، ان کے نوٹس میں لائیں۔

Mr. Chairman: Yes, please.

Senator Mohsin Aziz: This is not a money Bill, this is nothing to do with money. This is only to do with the distribution or lending by the private banks to the private sector in different provinces. This Bill was introduced earlier which was discussed in the Committee. It was passed in the Committee and it was passed here in the Senate and it went to the National Assembly but there was no session and it lapsed there. That's why it is being reintroduced.

اس پر تقریباً 5 meetings ہوئی تھیں۔ State Bank was there and finally, Senator Farooq Naek has just now gone. وہ کمیٹی کو head کر رہے تھے۔ انہوں نے اسٹیٹ بینک کو بلایا تھا۔ اس میں ترامیم کرنے کے بعد، ایک ترمیم شدہ بل تھا، اس کو میں نے کمیٹی کے سامنے پیش کیا تھا۔ وہاں سے pass ہو کر یہاں آیا تھا، یہاں voting ہوئی تھی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: وہاں اور کون Members تھے؟

سینیٹر محسن عزیز: جناب! وہاں سلیم مانڈوی والا صاحب تھے، اور بہت سارے لوگ تھے۔ اس پر میں آپ کو عرض کروں کہ بل ہے کیا چیز۔ یہ بل ہے، اگر اعظم صاحب میری بات صحیح طریقے سے سن لیں گے تو ان شاء اللہ وہ اس کی مخالفت نہیں کریں گے۔ یہ بل وہ بل ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا، جس کا میں باشندہ ہوں، اس کو پرائیویٹ سیکٹر کی طرف سے، private banks کی طرف سے صرف اور صرف 96%. lending ہوتی ہے۔ دس فیصد سے گرتا گرتا یہ پانچ فیصد پر آیا اور گرتا ہوا اب less than 1% ہو گیا یعنی ایک صوبے کو خیرات سے بھی کم ہو جائے۔ صوبہ بلوچستان کے اراکین بھی یہاں بیٹھے ہیں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ legal position بتائیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میری عرض سنیں۔ دو صوبوں کو ملا کر، جو اس پر deliberation ہوئی ہے، وہ میں آپ کو عرض کر دوں۔ کیونکہ یہ اس کے ممبر نہیں ہیں، میں گزارش کرتا ہوں کہ مجھے صرف دو منٹ دے دیں۔

جناب چیئرمین: آپ کو دے دیے۔ جی وزیر برائے قانون۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ کیونکہ State Bank Bill سے متعلق ہے، departments کی اس میں anxiety ہوتی ہے، کوئی حرج نہیں ہے۔ نہ اسے آج pass کرتے ہیں، نہ fail کرتے ہیں اور نہ refer کرتے ہیں۔ This may be deferred for the next sitting. میں محسن صاحب کے ساتھ بیٹھ جاؤں گا۔ آپ کی consultation کرادیں گے، اس کے بعد ایوان میں لے آئیے گا، یہ آسان طریقہ ہے۔۔۔

Mr. Chairman: Deferred till the next meeting.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: No more discussion. No, it is deferred for the next meeting. Order No. 15, Mohsin Aziz Sahib.

Senator Mohsin Aziz: I would like to move for leave to introduce a Bill further to amend the Control of Narcotic Substances Act, 1997 [The Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: Minister, is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ کہتے ہوئے تکلیف ہوتی ہے، محسن عزیز صاحب ہمارے سینئر دوستوں میں سے ہیں اور ان سے ویسے بھی پیار ہے، ان کا دوسرا Bill oppose کرنا پڑ رہا ہے۔ Narcotics Division نے اس لیے oppose کیا، یہ شاید وہی بل ہے جس کے ذریعے بچوں کی جو سکولوں، کالجوں میں پڑتے ہیں، منشیات کے حوالے سے ان کی testing ہے۔ اس کے لیے مانگا جا رہا کہ وہ رائج کی جائے۔ Anti-Narcotics والوں کا خیال یہ ہے کہ یہ ذاتی زندگی میں بھی، جناب! اس حوالے سے آئین میں بھی کچھ guarantees ہیں، ان پر بھی زد آئے گی اور اس میں وزارت تعلیم اور وزارت صحت سے ایک prior consultation کی ضرورت ہے۔ اس لیے Narcotics Division نے اسے oppose کیا ہے۔ اگر آپ Anti-Narcotics Division کو سکولوں اور کالجوں کے دروازوں پر بٹھادیں گے کہ وہ law کے ذریعے ایجنسیاں بنائے اور بچوں کو ٹیکے لگا لگا کر ہراساں ہوں گے۔ یہ نہیں ہے کہ اس کے خلاف drive نہیں ہونی چاہیے۔ نیت بہت اچھی ہے، طریقہ کار مناسب نہیں ہے۔ Dignity of man is protected under the Constitution. آیا ان کا کیا

طریقہ کار ہونا چاہیے، جناب! وزارت صحت اور وزارت تعلیم کے ساتھ ایک larger consultation کی ضرورت ہے، اس کے بعد اس کو examine کیا جائے۔۔۔۔

Mr. Chairman: To be referred to the concerned Committee?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں جناب! مجھے جو instructions ہیں، وہ oppose کرنے کی ہیں۔ اگر اس طرح کے Bills لانا شروع کریں گے اور یہ passage میں جائیں گے تو اس سے chaos مچے گا۔

سینیٹر محسن عزیز: وزیر قانون صاحب نے میرے Bills پر توجہ نہیں دی، ان کو پڑھا نہیں ہے۔ ایک محکمے کے comments آئے ہیں، صرف ان کو پڑھ کر آپ یہ objection کر رہے ہیں۔ آپ صاحب اولاد ہیں، آپ عزت دار آدمی ہیں اور آپ پاکستانی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہاں آپ پاکستان کی بہتری کے لیے بات کریں گے۔ اگر آپ اس بل کو detail میں پڑھیں تو I think he will have no reason but to go back to those people and tell them that what is so wrong about this Bill. What I have said here, I have said کہ اگر اس میں ایسی کوئی بات آتی ہے، میں نے نہ اس میں کسی law enforcing agency کو ڈالا ہے۔ اس میں ہم کسی کو harass نہیں کرنا چاہتے، ہم کسی کو extra powers نہیں دینا چاہتے۔ .Issue a warning in writing to the educational institution اس میں اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ایک بچہ منشیات کا عادی ہو گیا ہے۔ جناب! آپ کو معلوم ہونا چاہیے، آپ کو معلوم ہوگا کہ اس وقت اسلام آباد میں، اللہ بچائے، more than 60% of our students are used to these very cheap, synthetic drugs جو ہمارے پورے معاشرے کو ختم کر رہی ہے۔ اس menace کو ختم کرنے کے لیے میں نے اس میں کوئی drastic step نہیں لیا اور نہ اس میں کوئی drastic step propose کیا گیا ہے۔ پہلا step یہ ہے کہ اگر شک وشبہ کی بناپر سکول، ادارہ کہے گی کہ یہ بچہ مجھے غلط نظر آتا ہے تو اس کے والدین کو warning دی جائے گی، نمبر ا۔ نمبر ۲، اگر پھر بھی وہ دوبارہ پایا گیا تو اسے rehabilitation centre میں بھجوایا جائے گا۔ نمبر ۳، پھر اسے سکول سے نکالا جائے گا۔ جناب! اس میں مجھے ایسی چیز نظر نہیں آتی۔ اگر Narcotics والوں کو تکلیف ہے تو پھر Narcotics department کو ختم ہو جانا چاہیے، اسے اس ملک میں ہونا نہیں چاہیے کیونکہ اس ملک میں menace of narcotics بڑھ رہی ہے۔

(T06 پر جاری ہے)

سینیٹر محسن عزیز:۔۔۔جاری ہے۔۔۔ narcotics department اس ملک میں ہونا نہیں چاہیے کیونکہ Menace of narcotics اس ملک میں بڑھ رہی ہے۔ہماری جو آنے والی نسل ہے جس نے پاکستان کو کل بنانا ہے، پاکستان کو بچانا ہے وہ ختم ہو رہی ہے۔آپ سے میں request کرتا ہوں کیونکہ میں تارڑ صاحب کی بڑی عزت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ثمینہ ممتاز صاحبہ آپ اسی point پر کوئی بات کرنا چاہتی ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس کو بھی میں آپ کے ساتھ بیٹھ کر دیکھ لیتا ہوں جو چیزیں بہتر ہو سکتی ہیں وہ ہم کر لیتے ہیں۔اگلے session میں اس کے ساتھ ہی آ جائے گا۔

Mr. Chairman: Deferred till the next session.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اگلے میں put کر لیں۔ اگلے سیشن میں oppose نہیں کروں گا یہ committee کو بھیج دیا جائے۔

جناب چیئرمین: یہ Deferred ہو گیا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ والا اگلی meeting میں آ جائے Sir میں ان کے ساتھ in the meanwhile بیٹھ جاتا ہوں۔

جناب چیئرمین: یہ defer کیا ہے اس کا تو decision ہو گیا ہے۔ ,one second میں ان کی بات سن لوں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: Narcotics is a Provincial subject , Federal list میں نہیں ہے اور آئین میں لکھا ہوا ہے کہ Parliament shall not have the power to make laws with respect to any matter not enumerated in the Federal Legislative List So it is a Provincial subject ,Sir اس پر legislation نہیں ہو سکتی۔

جناب چیئرمین: Thank you , please take your seat.۔میں نے یہ defer کر دیا ہے۔یہ تو defer ہو چکا ہے۔ محسن عزیز صاحب تشریف رکھیں جی۔

**Senator Mohammad Abdul Qadir**

سینیٹر محمد عبدالقادر: Narcotics department and narcotics business کرنے والے اتنے powerful ہیں کہ پچھلے ایک ڈیڑھ سال سے جو اسلام آباد میں Ministry of Interior کے under ایک National Forensic Science Agency جو National Forensic lab ہے ۔ اس میں وہ material وہ چیزیں ہی موجود نہیں ہیں جو narcotics کو test کریں اور بتائیں کہ یہ Hashish ہے، یا Cocaine ہے، یا Ice ہے، یا Meth ہے یہ کیا ہے۔ پچھلے 14 مہینے سے اس کی جو testing کے لیے chemicals آتے ہیں وہ نہیں خریدے گئے۔ High Court نے اپنے ایک order میں لکھا ہے کہ 877 cases are pending , in which most of the people have got bails without testing and reports. آپ اندازہ لگائیں کہ narcotics department اور اس کاکاروبار کرنے والے کتنے طاقتور لوگ ہیں اور یہ Mafia کس طرح کام کرتا ہے کہ حکومت کی ناک کے نیچے Ministry of Interior میں National Forensic Science Agency اس کا نام ہے جو ان کی laboratory ہے اس کی report آپ منگوائیں کہ آپ نے بارہ مہینے سے کیوں test نہیں کیے۔

جناب چیئرمین: اس پر ہم یہ کر رہے ہیں کہ deferred till the next session.

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order No. 17 Mohsin Aziz. It is already deferred.

یہ reopen نہیں ہو سکتا۔ آپ اپنے desk پر جائیں۔ Voting کریں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: محسن عزیز صاحب وہ آپ کے ساتھ بیٹھیں گے، بات کریں گے۔ Order No. 17

**Introduction of [The Islamabad Rent restriction (Amendment) Bill, 2023].**

Senator Mohsin Aziz: I Senator Mohsin Aziz, move for leave to introduce a Bill further to amend the Islamabad Rent Restriction Ordinance, 2001 [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2003].

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Azam Nazeer Tarar: I do not oppose this Bill and it may please be referred to committee Sir.

جناب چیئرمین: محسن صاحب آپ کو پوری favour ہو رہی ہے۔ Senator Samina Mumtaz Zahri move Order N. 19.

**<u>Withdrawal of [The prevention and Control Of Human Trafficking ( Amendment) Bill,2024].</u>**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I Samina Mumtaz Zehri, seek to leave to withdraw the Bill further to amend the Prevention and control of Human Trafficking Ordinance, 2002 [The Prevention and Control of Human Trafficking (Amendment) Bill,2024], as introduced in the Senate on 1st January,2024. Sir may I just add something I requested, I could speak on that Bill but you deferred it. With all due respect Mr. Tarar understands that we worked on this Narcotics Bill and I am sure we all have childrens and you know it is very concerning issue, where these drugs are being supplied to the schools. Testing is a second issue but within it I think the Ministry should add-on more.

جناب چیئرمین: یہ بل deferred ہوا ہے تو اس پر بعد میں بات کریں گے آپ۔ You want to withdraw?

Senator Samina Mumtaz Zehri: No Sir I don’t want to withdraw.

Mr. Chairman: Senator Samina Mumtaz Zehri have sought the leave to withdraw the Bill further to amend the prevention and control of Human Trafficking Ordinance 2002 the Prevention and Control of Human Trafficking (Amendment) Bill, 2024], as introduced in the senate on 1st January,2024.

The Motion is carried and the leave to withdraw as the Bill is granted.

*(Motion was Carried)*

Mr. Chairman: Senator Samina Mumtaz Zehri may move Order No. 20.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I Senator Samina Mumtaz Zehri, wish to withdraw the Bill further to amend the Prevention and control of Human Trafficking Ordinance, 2002 [The Prevention and Control of Human Trafficking (Amendment) Bill,2024].

Mr. Chairman: The Bill Stands withdrawn. Order No. 21. Mr. Kamran Murtaza, Since Mr. Kamran Murtaza is not present, it's dropped. Any Point of Order?

**Point Of Public Importance Raised By Senator Dost Muhammad Khan Regarding Non-Provision Of Funds To The Affectees Of Ex-FATA, And Economic Revival Post-Merger**

سینیٹر دوست محمد خان: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ ایک تو میں آپ کو چیئرمین کا منصب سنبھالنے پر آپ کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ آپ کو اور بھی دن گنی اور رات چگنی ترقی دے۔ جناب میں بات کروں گا کہ پاکستان میں پچھلے دو سال سے جو سیاسی کھلواڑ شروع ہے۔ ریاست ہو گی تو سیاست ہو گی، قائد اعظم نے یہ ملک vote کے ذریعے حاصل کیا ہے اور ہر محب وطن پاکستانی انتہائی پریشانی کا شکار ہے۔ ایک ایسی سیاسی جماعت کو نشانہ بنا رہے ہیں، جس کا public mandate 70% سے اوپر ہے اور یہ عوام نے ثابت کر دیا ہے کہ most popular party پاکستان تحریک انصاف ہے۔ یہی الیکشن East Pakistan میں بھی ہوئے تھے اور اس کا نتیجہ آپ نے دیکھ لیا کہ ملک ہمارا دولخت ہوا۔ جس طرح عمران خان، اس کی جماعت اور اس کے کارکنان مرد و خواتین کو رگڑے دیے جا رہے ہیں ۔اس پر میں یہ کہوں گا کہ ایسے مناظر نہ ہم نے پہلے دیکھیں ہیں اور ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ ہمارے آنے والے بچے بھی ایسے مناظر نہ دیکھیں۔ جناب! ان کی حرکتوں کی وجہ سے لوگ ملک چھوڑ رہے ہیں۔ آپ نے اس قائد کو تختہ مشق بنایا ہوا ہے جس کا نعرہ تھا right from the very beginning, right from his childhood. اس نے یہ نعرہ نہیں لگایا تھا کہ "جاگ پنجابی جاگ تیری پگ نوں لگ گیا داغ"۔ آپ نے عمران خان کو تختہ مشق بنایا ہوا ہے، جناب اس اہل اسلام بھی پریشان ہے۔۔۔ (جاری ہے T07 پر)----

سینیٹر دوست محمد خان: آپ نے عمران خان کو تخت سے فرش پر بٹھایا ہوا ہے، اس سے اہل اسلام بھی پریشان ہے۔ اس کا عملی مظاہرہ اور اس پر فلسطین کے ان opinion leaders کا بیان بھی ہے کہ خدا کے واسطے عمران خان کو ایک دو دن کے لیے جیل سے رہا کر دیں تاکہ وہ ہماری آواز بن سکے۔ جناب والا! پچھلے ہفتے وزیراعظم صاحب کراچی گئے ہوئے تھے وہاں کے تاجروں نے کہا ہماری economy تو ڈوب گئی ہے خدا کے واسطے ملک کا خیال کرو اور اڈیالہ جیل کے قیدی کے ساتھ بات کرو۔ جناب والا! صدر زرداری صاحب نے کوئی خاص تقریر نہیں کی، مجھے ان کی تقریر میں ایک بات جو اچھی لگی وہ جناب شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے بارے میں تھی۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا ایک بہت بڑا صدمہ ہے، جب تک پاکستان رہے گا اس کا نام بھی رہے گا۔

دوسری بات۔ ہم نے یہ سنا ہے کہ امریکہ کو اڈے دیے جا رہے ہیں یا دیے گئے ہیں۔ ہمارا جو Leader of the House ہے وہ Deputy Prime Minister بھی بن گیا، Finance Minister بھی بن گیا اور پتا نہیں کون کون سی ٹوپیاں اپنے سر پر رکھی جائیں گی۔ میں اس ایوان میں آپ لوگوں کو advice نہیں خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ یہ غلطی نہ کرنا اگر آپ نے امریکہ کو اڈے دیے تو ہمارے پڑوسی ممالک اور جو برادر اسلامی ممالک ہیں، جن میں سے ایک ایران، افغانستان ہے اور ساتھ چائنہ بھی ہے۔ ہمارے تعلقات ان سے انتہائی کشیدہ ہوں گے اور ملک میں زبردست قسم کی دہشتگردی بھی ہو گی۔ جناب والا! ملک میں ہلاکتیں ہوں گی، ہمارے پاک فوجی شہید ہوں گے، ہمارے پولیس افسران شہید ہوں گے اور ہماری جو پبلک شہید ہو گی وہ ایک اور کہانی ہے۔

جناب والا! اگر زرداری صاحب اپنی تقریر میں پسماندہ علاقے جن میں خاص طور پر سابقہ فاٹا کے بارے میں بات کرتے تو ہم کہتے واقعی تقریر میں کچھ وزن ہے لیکن اس نے فاٹا کو بالکل ignore کیا۔ اگر آپ فاٹا سے دہشتگردی کو ختم کرنا چاہتے ہیں، ایک تو ہمارے گھر دہشتگردی کی وجہ سے تباہ اور برباد ہوئے ہیں، بالکل demolish ہوگئے ہیں۔ ہمیں جب کہا گیا اب operation ختم ہو گیا آپ اپنے گھروں کو جائیں تو وہاں کے لوگوں نے کہا کہ یہ ہمارے گھر نہیں ہیں، ہم کدھر جائیں؟ حکومت پاکستان نے ہمارے ساتھ commitment کی کہ ہم فی گھر کے لیے چار لاکھ روپے دیں گے۔ 2015 میں World Bank نے ڈالروں میں پیسے دیے تھے، اب تک آدھے لوگوں کو ملے ہیں اور آدھے running from pillar to post ہیں، ہم ان کو سمجھاتے ہیں کہ ہم آپ کی آواز پہنچائیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کا یہ مسئلہ حل ہو گا۔ جناب والا! سابقہ چیئرمین صادق سنجرانی نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ یہ جو survey کے پیسے ہیں، میں اس کو Prime Minister کے

notice میں لاؤں گا اور اس وقت یہی Leader of the House, Senator Azam Nazeer Tarar Sahib تھے اور ابھی بھی ہیں، انہوں نے کہا تھا میں آپ کا مسئلہ وزیر اعظم سے discuss کرکے سات سے دس دنوں تک حل کرواؤں گا، دو سال ہو گئے ہیں مسئلے کا کوئی حل نہیں نکالا گیا۔ دوسری، جو فاٹا کو تکلیف ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے پیسے جب وفاق سے جاتے ہیں، جناب والا! میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ ہمارے پیسے جب وفاق سے جاتے ہیں تو خیبر پختون خوا کی حکومت اس کو کاٹ لیتی ہے۔ ہمیں 106 or 110 billion سے لیکر، جناب والا! سنیں آپ تو بڑے patience والے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے آپ بہت patience سے تقریر سنتے ہیں۔ ہمیں Constitution guarantee دی گئی تھی کہ ہم ہر سال NFC سے 100 billion rupees بھی دیں گے اور پچیس تیس بلین فاٹا کا بنتا ہے وہ بھی دیں گے، پچھلے چھ سالوں میں 106 or 110 billion دیے گئے ہیں اور اس پر بھی خیبر پختون خوا کی حکومت نے آدھا cut لگا دیا اپنے دوسرے Districts کو دے دیا۔ میری آپ سے یہ request ہے کہ آپ مہربانی کرکے وزیر اعظم صاحب کے notice میں یہ بات لائیں، ہم آپ کو facts and figures دے دیں گے کہ کتنے پیسوں کی ضرورت ہے، ہمیں 70,72 ارب روپے کی ضرورت ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ ہمیں یہ یک مشت دے دیں، ہمیں ہر سال کچھ نہ کچھ رقم دے دیں تاکہ یہ مسئلہ حل ہو جائے۔

جناب والا! ہمیں فاٹا کے لیے ایک separate Secretariat چاہیے and to be headed by the Additional Chief Secretary. میں یہاں پر عمران خان صاحب کا بھی ذکر کروں گا، March-2022 میں عمران خان صاحب نے تین چیزیں کیں، ایک 17 ارب روپے survey کے لیے دیے، 100 ارب روپے NFC award کے لیے دیے اور جو ہماری seats کم ہوئی ہیں وہ 12 سے 6 پر آ گئی تھیں، عمران خان صاحب نے کہا تھا اس کو اوپر لائیں کیوں کہ وہ Constitution amendment کی requirement تھی۔ اسد قیصر صاحب نے ہمارے ایک قبائلی ایم این اے کو کہا ہمیں آپ دو lines کا ایک note دیں میں اس Bill کو two, third majority سے پاس کروالوں۔ In the meanwhile عمران خان صاحب کی حکومت چلی گئی اور جو پیسے تھے، ان میں سے کچھ پیسے لاہور transfer کیے گئے، 17 ارب روپے لاہور چلے گئے اور 100 ارب روپے جو ان کے اپنے MNAs تھے جن میں فاٹا کے تین MNAs بھی شامل تھے ان کو تین تین ارب روپے development projects کی مد میں دیے گئے۔ ان لوگوں نے کہا تھا ہم عوام کو خود face کریں گے، ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے، آپ یہ پیسے ہمیں دے دیں تاکہ ہم الیکشن لڑ سکیں لیکن خدا کا شکر ہے عوام نے تحریک انصاف کے ساتھ مل کر بڑی غیرت کی اور ہم نے تینوں کو بری شکست دی۔ جناب والا! میں آپ سے یہ

request کروں گا کہ Survey پر آپ وزیر اعظم صاحب کو note بھجوادیں، مجھ سے سابقہ چیئرمین نے commitment کی تھی کہ میں وزیر اعظم صاحب کو summary بھجواؤں گا۔ میں آپ کو facts and figures دے دوں گا، آپ summary بھجوادیں تاکہ ہمارا یہ مسئلہ۔۔۔

Mr. Chairman: I will only refer to the Government, Chairman is not the Government.

سینیٹر دوست محمد خان: جناب والا! سابقہ چیئرمین صاحب نے مجھے دو بار assure کیا کہ میں summary بھجواؤں گا، آپ record اٹھا کر دیکھیں۔ آپ southern district سے ہیں، آپ southern district کی غربت کو بہت زیادہ جانتے ہیں کہ وہاں پر کتنی غربت ہے، آپ تو ہمارے ساتھ ایک قدم آگے بڑھیں۔ جب آپ Leader of the Opposition تھے، جس طرح آپ نے مجھے DI Khan کے airport پر support کیا تھا، وہاں پر لوگوں نے مجھے Gulf and Saudi Arab سے calls کی کہ ہماری طرف سے سید یوسف رضا گیلانی صاحب کو مبارک باد دیں اور ہم دعا کرتے ہیں جناب والا! آپ کس طرح back out ہو رہے ہیں؟ میں تو بڑا خوش ہوں آپ یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں سے غریبوں کے مسئلے حل ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین: میں ابھی ایک sense of the House لینا چاہ رہا ہوں کہ if you want to debate on the Presidential Address اس پر Parliamentary Leaders کو دس منٹ کا وقت ملے گا اور وہ almost کر بھی چکے ہیں۔ Point of Order پر debate اتنی لمبی نہیں ہونی چاہیے، میں صرف یہ چاہتا تھا کہ I will give you Point of Order مگر اس پر پوری تقریر کر دینے میں باقی سب deprive ہو جائیں گے۔ سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان if you want to speak on Point of Order.

## Point of public importance raised by Senator Palwasha Mohammad Zai Khan regarding news about taxation on solar energy.

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ، میں آپ کا تھوڑا وقت لوں گی کیوں کہ ایک مسئلہ جو بڑی تشویش کا باعث بن رہا ہے اور حکومت کے لیے بھی ہے، میں سمجھتی ہوں وزیر اعظم صاحب کے خلاف میں اسے تو ایک بڑی سازش ہی کہوں گی، پچھلے کئی دنوں سے solar energy پر taxation کی جو خبریں اڑائی جارہی ہیں، ان سے لوگوں میں تشویش ہے، لوگ پریشان ہیں۔ دنیا میں یہ پہلا ملک ہے

جہاں اس قسم کی خبریں اڑا کر حکومت کے لیے مشکلات پیدا کی جاتی ہیں، میں یہ demand کرتی ہوں کہ پتا کروایا جائے کہ یہ خبریں کہاں سے اڑائی جارہی ہیں اور اگر یہ سچ نہیں ہیں۔ دیکھیں لوگوں نے اپنے اثاثہ جات بیچ کر solar panels لگائے ہیں اور اپنے جیب سے investment کی ہے۔آپ کس حق سے clean and green energy جس کو پوری دنیا میں promote کیا جارہا ہے۔ پاکستان نے پچھلے آٹھ مہینوں میں 7000 MW system میں ڈالے ہیں اور produce کیے ہیں۔ آپ کس حساب سے پہلے ہی 22 rupees کا unit خرید کر 70 rupees کا بیچتے ہیں، آپ کو اس کا کتنا منافع ہے؟ اس کو tax کرنے کا اگر کوئی سوچ بھی رہا ہے تو وہ حکومت کے خلاف سخت زیادتی کر رہا ہے۔ وزیر اعظم صاحب اس پر action لیں، وزیر اعظم صاحب دیکھیں کہ یہ کون کر رہا ہے اور اس کے پیچھے یہ adhocism اور کسی کو بابو بیٹھ کر فائدہ۔۔۔۔۔جاری۔۔۔T-8۔۔۔۔

T08 – 29Apr2024 IMRAN/ED: WAQAS 06:10 pm

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: (جاری ہے۔۔۔) بابو بیٹھ کر فائدہ اپنے منظور نظر لوگوں کو پہنچانا چاہ رہے ہیں، ہم یہ نہیں ہونے دیں گے۔ ہم یہاں اس کو resist کریں گے اور ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ جناب اس پر کمیٹی بنائیں کہ یہ باتیں کہاں سے نکل رہی ہیں۔ آگے ہی آپ یونٹ اکیس روپے کا لے رہے ہیں اور یہ آج کی نیوز میں لکھا ہے کہ اس کو گیارہ روپے کرنے کی تیاری ہے۔ اس سے لوگوں کا سارا سرمایہ، جو انہوں نے چیزیں بیچ کر یہ لگوایا تھا، وہ تو ڈوب گیا۔ تو آپ بتائیں کہ لوگ اس کو کیسے برداشت کریں گے۔ آپ کیا چاہتے ہیں کہ لوگ دیوار سے لگ جائیں۔ اگر پانی نہیں ہے تو بور کروائیں، گیس نہیں ہے تو کیا کریں۔ ہم اس سولر پر convert کر رہے تھے اور اب آپ سولر پر بھی اس قسم کی احمقانہ اور غیر سیاسی قسم کے ٹیکس لگا دیں گے۔ یہ جو بھی کر رہا ہے وہ حکومت کے خلاف کام کر رہا ہے۔

میری آپ سے یہ گزارش ہے اور آپ کے توسط سے وزیر اعظم پاکستان سے گزارش ہے کہ اس پر ایک inquiry کریں اور FIA سے کہیں کہ یہ کہاں سے ایسی خبریں پھیل رہی ہیں اور جس نے بھی یہ پھیلائی ہیں اس کو پکڑیں اور نشان عبرت بنائیں۔ کیوں اس ماحول میں لوگوں میں مزید اشتعال پیدا کیا جارہا ہے۔ آگے کم مسائل ہیں، لوگ معیشت اور مہنگائی کے ہاتھوں مر گئے ہیں۔ یہ جو لوگوں نے تھوڑے panels اپنے گھروں کی چھتوں پر لگا رکھے ہیں ان کی اس محنت پر آپ پانی پھیرنے کے چکروں میں ہیں۔ تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ اس پر ہم بذریعہ FIA یہ تحقیقات کریں کہ یہ خبر نکلی کہاں سے ہے تاکہ اس بات کا پتا چلایا جاسکے کہ اس کا کھرا کہاں نکلتا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی بہت شکریہ۔ میں عبدالقادر کے بعد دے دوں؟ اچھا۔ محترمہ شیری رحمٰن صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمٰن: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ چونکہ میرے فاضل ممبران یہاں موجود نہیں ہیں تو جو سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے وہ بہت اہم بات ہے اور اس بات کو کچھ اور دوست بھی bring-up کرنا چاہ رہے ہیں۔ چیئرمین صاحب! یہ weekend کو بات نکلی ہے، غالباً بروز ہفتہ اور اس وقت میں نے دو تین tweets ڈالے کہ یہ بہت غلط ہے اور stated country ambitions کے بھی خلاف ہے۔ جو وزیراعظم نے پچھلے سال اور اس سال commitments دیں ہیں، یہ ان کے بھی خلاف ہے۔ آپ کی پالیسی کے بھی خلاف ہے اور اس میں میں صرف یہ واضح کرنا چاہتی ہوں کہ صرف taxation کی خبر نہیں تھی بلکہ جیسے سینیٹر صاحبہ نے جو توجہ دلوائی اور بالکل صحیح کہا کہ یہ بھی خبر تھی کہ solar panel سے جو net metering ہوتی ہے، اس کے buy back rates بھی تبدیل کیے جائیں گے جو اس industry کو بالکل ختم کر دے گی۔ اس حوالے سے پھر مجھے یہ خبر آئی کہ جو آپ کی tweets ہیں، میں نے صرف تین tweets کی تھیں اور کوئی خبر نہیں ڈالی تھی اور یہ بھی لکھا کہ وزیراعظم اس کا ضرور نوٹس لیں گے اور میری نظر میں وہ یہ پاس نہیں ہونے دیں گے کیونکہ یہ خالی IPPs کی aging dinosaur industry کو تقویت دینے کے لئے پورے ملک کو اس میں نہیں جھونک سکتے۔ تو پھر power ministry نے ایک informal message float کیا کہ ایسا کچھ بھی نہیں ہونے جارہا۔

لیکن جناب چیئرمین! یہ ایک بہت تشویش ناک بات ہے کہ یہ trial balloon تھا اور power division نے اس طرح کی بات کیوں کی؟ ملک میں بہت سے لوگ جس میں diplomats اور green energy والے بھی شامل ہیں، انہوں نے فون کیے کہ کیا ہم اپنی investments یہاں سے لے جائیں؟ تو میں صرف واضح کرنا چاہتی ہوں کہ یہ بات آگے جانی تو درکنار، ہونی بھی نہیں چاہیے تھی۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: عبدالقادر صاحب۔

## Point of public importance raised by Senator Mohammad Abdul Qadir regarding the Supreme Court judgement in Mubarak Sani case.

سینیٹر محمد عبدالقادر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَعَلَی آلِ وصحبہ مُحَمَّد۔ شاعر کہتا ہے کہ (فارسی میں شعر پڑھا) ہزار بار بشویم دہن بہ شک و گلاب، ہنوز نامِ تو گفتن کمال بے ادبیست۔ شاعر کہہ رہا ہے کہ اگر میں منہ کو ہزار بار عرق گلاب اور امبر

سے بھی دھولوں، تب بھی نبی پاک ﷺ کا نام لیتے ہوئے مجھے بے ادبی محسوس ہوتی ہے۔ میرے ماں باپ آپ ﷺ کی حرمت پر اور عزت پر قربان۔ مسلمانوں کا ایک بالکل واضع عقیدہ ہے کہ اللہ ایک ہے اور نبی پاک محمد عربی ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں۔ جس کسی کے بھی عقیدے میں نبی پاک ﷺ کے آخری نبی ہونے میں فرق ہے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

جناب چیئرمین! چھ فروری یا فروری کی کسی تاریخ کو پاکستان کی سپریم کورٹ نے مبارک عثمان نامی شخص کو ایک bail grant کی جس پر 2022 یا 2023 میں ایک مقدمہ درج ہوا تھا کہ وہ ایک تفسیر صغیر نامی کتاب تقسیم کر رہا تھا۔ اس کتاب کو قران پاک کی اصل تفسیر کو pervert کرکے اور اس کو تحریف کرکے بنایا گیا تھا اور وہ اس کو distribute کر رہا تھا۔ سپریم کورٹ نے bail order دیا اور اس کا جب تفصیلی فیصلہ جاری کیا تو اس فیصلے میں کچھ ایسے clauses اور ایسی چیزیں اس میں لکھ ڈالیں جس کا آنے والے وقت میں بہت گہرا اثر ہوگا اور نہ صرف اثر ہوگا بلکہ وہ ہر forum پر govern کرے گی کیونکہ پولیس، FIA یا اور کوئی investigation agency جب بھی کسی اس طرح کے معاملے کو investigate کرے گی تو سپریم کورٹ کے یہ orders ہر وقت اور ہمیشہ govern کریں گے۔ جناب چیئرمین! سپریم کورٹ نے جب اپنا detailed bail order جاری کیا تو اس کے para نمبر سات، آٹھ اور نو میں قران پاک کی آیات کا حوالہ دیا۔ ایک آیت جس کا اس order میں حوالہ دیا گیا وہ یہ تھی (عربی میں قران کی آیت پڑھی) لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ جس کا ترجمہ یہ ہے کہ دین کے معاملے میں کوئی زور اور زبردستی نہیں ہے۔ صحیح بات غلط خیالات سے الگ چھانٹ کر رکھ دی گئی ہے۔ اب جو کوئی طاغوت کا انکار کرکے اللہ پر ایمان لے آئے، اس نے ایک ایسا مضبوط سہارا تھام لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ جس کا سہارا اس نے لیا ہے سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح انہوں نے ایک اور آیت اس میں تحریر کی۔ اس کا میں صرف ترجمہ پڑھ دیتا ہوں کہ بے شک ہم نے یہ یاد دہانی نازل کی ہے اور بے شک ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ سپریم کورٹ نے یہ آیات produce کرکے قادیانیت اور احمدیت کو اقلیتوں میں under cover ڈالنے کی کوشش کی ہے اور کہا کہ آئین میں اقلیتوں کے اپنے حقوق ہیں۔ جی جناب، Hinduism ہو، Christianity ہو، Sikhism ہو، Judaism ہو، ان کا اپنا مذہب ہے۔ وہ اسلام میں perversion نہیں کر رہے۔ وہ قران پاک میں اور احادیث کے ترجموں کو pervert کرکے اپنے حق میں نہیں بنا رہے۔ ان کو اقلیتوں کے حقوق آئین بھی دیتا ہے اور اسلام بھی دیتا ہے لیکن جو

نبی پاک ﷺ کے آخری نبی ہونے میں یا قران پاک اور احادیث کو pervert کرکے ایسی دلیلیں لانے میں شامل ہوگا تو اس کو اقلیتوں کے حقوق نہیں دیئے جا سکتے۔

سپریم کورٹ نے ان آیات کو reproduce کرکے نہ صرف ان کو اقلیتوں کے حقوق دیتے ہوئے اپنے مذہب کی نشر و اشاعت کی بلکہ تعلیم و ترویج کی اجازت دے دی ہے۔ یہ بہت ہی خطرناک معاملہ ہے۔ اس سے ملک کے تمام forms پر اور مختلف جگہوں میں ایک جھگڑا کھڑا ہوگا، لوگوں میں فساد برپا ہوگا اور مسلمانوں کے ایمان اور مذہب کا حساس ترین معاملہ چھڑ جائے گا۔ 1974 میں پارلیمان نے ہی ان کو دائرہ اسلام سے خارج کیا اور ان کو تعلیم و ترویج سے روکا۔ لیکن ہمیں سمجھ نہیں آیا کہ کسی آدمی نے اپنی bail grant کرنے کی لیے درخواست لگائی۔ اس کو bail grant کرتے ہوئے سپریم کورٹ کو کیا ضرورت محسوس ہوئی کہ جو کام Council of Islamic Ideology کا ہے یا وہ کام مقنّنہ پارلیمان کا ہے کہ ہم نے احمدیت اور مرزائیت کو ان کی تعلیم کی، تبلیغ کی، ترویج کی اور نشر و اشاعت کی اجازت دینی ہے یا نہیں دینی، اس کو سپریم کورٹ نے اپنے تفصیلی فیصلے میں کیوں لکھا؟

میری honourable Supreme Court سے یہ استدعا ہے کیونکہ پنجاب گورنمنٹ نے اس میں review petition file کی ہے اور سپریم کورٹ نے پھر یہ کیا کہ review petition میں دس مختلف اسلامی اداروں سے تحریری comments مانگ لیے ہیں۔ (T09 پر جاری ہے)

**T09-20APR2024 ASHFAQ/ED. KHALID 6.20PM**

سینیٹر محمد عبدالقادر (جاری)۔۔۔:written comments مانگ لئے ہیں۔ جناب! آپ اس کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جب مختلف اداروں سے written comments آئیں گے، ان میں کچھ نہ کچھ معمولی فرق ضرور ہوگا اور یہ دوبارہ Pandora box کھولنے کے مترادف ہوگا کیونکہ یہ انتہائی حساس معاملہ ہے اور یہ ہمارے دین اور ایمان کا حصہ ہے۔

جناب! میری Supreme Court of Pakistan سے درخواست ہے کہ judges Supreme Court of Pakistan کی کرسی پر بیٹھ کر یہ فیصلے نہیں کر سکتے۔ اس کے لیے Parliament کا forum موجود ہے، یہاں پر اس کی committees موجود ہیں، Council of Islamic Ideology موجود ہے اور علمائے کرام موجود ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی اسلام، شریعت اور دین کو دی ہے۔ اس پر بحث ہوگی، اگر 10 اداروں سے رائے مانگی ہے، وہ بھی وہاں پر بلائے جائیں تاکہ ایک level پر بیٹھ کر

جو Clauses میں review petition نے آپ کے لیے خدا ۔جائے ہو فیصلہ کا اس کہ تاکہ ہو discussion پر اس اور ہو cross talk مرزائیت اور احمدیت اقلیتوں کے حقوق دلوانے اور ان کی تبلیغ، ترویج اور تعلیم کھلم کھلا کرنے کی اجازت سے relate ہو رہی ہیں۔ Kindly وہ Clauses اپنے detailed فیصلے سے ختم کریں۔

جناب! Supreme Court of Pakistan کو یہ احساس ہونا چاہیے کہ یہ 24 کروڑ لوگوں کا ملک ہے اور اس میں 95% Muslims ہیں۔ اس قسم کے فیصلوں سے کل فساد برپا ہو سکتے ہیں اور یہ ہر جگہ reference کے طور پر quote کئے جائیں گے۔ یہ فیصلہ Council of Islamic Ideology and Parliament کو بھیجیں اور جس کے پاس کوئی argument ہے، وہ وہاں پر وہ argument دے، وہاں پر فیصلہ ہو۔ یہ اس کو اپنے detailed فیصلے سے نکالیں، اس وقت جو فیصلہ پڑھا جا رہا ہے، اس فیصلے سے یہ تاثر ملتا ہے بلکہ تاثر دیا گیا ہے۔ وہ کھلم کھلا قرآن پاک کے ترجمے، تفسیر اور کسی چیز میں کوئی چیز لائیں، اس کو print کریں اور distribute کریں جو ہمارے مذہب اور ایمان سے متصادم ہے اور ہمارے لیے دکھ کی بات ہے۔ جناب! آپ کا شکریہ۔

جناب! میرا چھوٹا سا ایک point of order ہے کہ مارچ میں گلشن جناح میں Housing Ministry والوں نے لوگوں کو notices دیے ہیں اور لوگوں کے پاس کوئی alternate جگہ نہیں ہے، ان کے بچوں کے schools ہیں اور کچھ دوسرے مسائل ہیں۔ Housing Ministry نے گلشن جناح میں رہنے والے Officers کو notices serve کئے ہیں۔ ان کی report بھی مانگ لی جائے۔ جناب! آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں کہوں گا کہ Minister should be present in the House, there is nobody present in the House جب ان کا business ختم ہو جاتا ہے تو وہ چلے جاتے ہیں۔ میں اسی point پر آ رہا ہوں۔ میں سب سے تھوڑی سی معذرت کروں گا اور میں نے پارلیمانی لیڈر JUI سے commit کیا تھا کہ میں آپ کو اگلے اجلاس میں سب سے پہلے وقت دوں گا لیکن آج وہ خود دیر سے آئے ہیں تو I give the floor to Senator Atta Ur Rehman Sahib. میں دیکھ رہا ہوں کہ سب کی lights on ہیں۔

## **Point Public Importance raised by Senator Atta Ur Rehman regarding delay in Senate Elections in KP Assembly**

سینیٹر عطاء الرحمٰن : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علیٰ رسوالکریم۔ امابعد (عربی)۔ جناب ! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے اس دن نہ سہی لیکن آج موقع دیا ہے۔ اس وقت پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اجلاس ہو رہے ہیں اور دونوں ایوانوں میں مختلف موضوعات پر بحث مباحثہ ہو رہا ہے۔ گزشتہ انتخابات میں جو کچھ ہوا، وہ ہم سب کے سامنے ہے، آپ نے جمعہ کے دن فرمایا تھا کہ ایوان مکمل ہو چکا ہے۔ میں اس دن بھی یہی عرض کرنا چاہتا تھا کہ ایوان مکمل نہیں ہے اور ہمارے صوبے خیبر پختونخوا میں ابھی تک سینیٹ کے انتخابات نہیں ہوئے۔ ہم بڑی کوشش کے باوجود وہاں پر کامیاب نہیں ہو سکے۔ احساس محرومی اس لیے جاگتا ہے کہ ہمارے باقی صوبوں میں بلا مقابلہ انتخابات ہو جاتے ہیں، یہاں پر ان کی نمائندگی مکمل ہو جاتی ہے اور صوبہ خیبر پختونخوا میں بلامقابلہ تو چھوڑیں لیکن مقابلے والے دن order آتا ہے کہ آپ کا election ملتوی کر دیا گیا ہے۔ ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ زیادتی صوبہ خیبر پختونخوا سے کیوں ہو رہی ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟ کیا صوبہ خیبر پختونخوا اس ملک کا حصہ نہیں ہے؟ کیا کوئی اتنی بڑی رکاوٹ ہے؟

جناب ! میں دست بدستہ گزارش کروں گا کیونکہ وہاں پر Senate کا election ہونا ہے اور آپ اس وقت اس ایوان کے custodian ہیں۔ لہٰذا میں نے اس دن بھی یہ درخواست کی تھی کہ آپ ذرا اس پر توجہ دیں کہ اس کی کیا وجوہات ہیں؟ کیا صوبہ خیبر پختونخوا سے ابھی تک یہ توقعات نہیں ہیں کہ آپ کی مرضی کے مطابق اس کا نتیجہ آئے، کیا کوئی اپنی حیثیت سے زیادہ demand کر رہا ہے۔ اس بات پر اب تک کیوں اتفاق پیدا نہیں ہو سکا۔ لہٰذا آج ایک مرتبہ پھر آپ کی خدمت میں یہ گزارش کروں کہ اس پر توجہ دی جائے، ہمارے صوبے میں احساس محرومی ہے اور اس احساس محرومی کو مزید بڑھایا جا رہا ہے۔

جناب ! اس طرح قومیں تقسیم ہوتی ہیں جب آپ ان کو محروم رکھیں گے۔ ہماری نوجوان نسل کو یہ سوچ اور فکر جائے گی کہ ہماری شنوائی نہیں ہو رہی ہے اور جب شنوائی نہیں ہو گی تو پھر کوئی نوجوان پارلیمنٹ سے ہٹ کر کوئی دوسرا راستہ اختیار کرے گا، ہم اور آپ جس کو جرم کہیں گے تو کیا اس وقت یہ خاموشی جرم نہیں ہے۔ کیا اس وقت elections نہ کرانا، کیا یہ جرم نہیں ہے؟ کیا احساس محرومی کو تقویت کیا یہ جرم نہیں ہے؟ یہ صرف خیبر پختونخوا میں کیوں ہو رہا ہے؟ لہٰذا میں دست بدستہ گزارش کروں گا کہ جو بھی رکاوٹ ہے، اس کو فی الفور ختم کیا جائے، اگر کوئی سیاسی پارٹی رکاوٹ ہے تو اس کو سمجھانے کی کوشش کی جائے۔۔۔آگے۔۔۔T10

سینیٹر عطاء الرحمٰن۔۔۔جاری۔۔۔جو بھی رکاوٹ ہے اسے فی الفور ختم کیا جائے، اگر کوئی سیاسی جماعت رکاوٹ ہے اسے سمجھانے کی کوشش کی جائے، کوئی اور ادارہ رکاوٹ ہے تو اسے سمجھانے کی کوشش کی جائے یا کیا قصداً اور عمداً ہم ایک صوبے کو ان حالات کی طرف دھکیل رہے ہیں کہ جن حالات سے ہم ایک عرصہ سے گزرتے آئے ہیں۔

ایک وہ زمانہ تھا کہ جب فاٹا ایک الگ صوبہ تھا۔ فاٹا کے حالات آپ کے سامنے ہیں، اگر آپ کو یاد ہو یہاں پارلیمنٹ کی بلڈنگ میں ایک اجلاس ہوا تھا اور جناب چیئرمین آپ بھی اس اجلاس میں موجود تھے۔ میں نے زور دیا کہ اس کا فی الفور فیصلہ کریں، میں یہ کوشش کر رہا تھا کہ اس پر کوئی رائے آ جائے لیکن کچھ ساتھیوں کی رائے تھی کہ نہیں، فی الفور فیصلہ کریں۔ میں نے اس وقت بھی آپ کے سامنے ایک مثال پیش کی تھی کہ دیوار نے میخ سے کہا کہ میں نے تمہارا کیا نقصان کیا ہے تو اس نے کہا کہ پیچھے ہتھوڑے کا زور ہے۔ تو آج بھی میں وہی سوال کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس کے پیچھے بھی کسی ہتھوڑے کا زور ہے۔ کیا اس صوبے کو اسی طرح محروم رکھنا ہے۔ جو کچھ عام انتخابات میں ہوا، جو کچھ آپ نے کیا، ہم نے تو نہ 2018 کے انتخابات کو اور اس کے نتائج کو تسلیم کیا ہے اور نہ ان انتخابات کے نتائج کو تسلیم کیا ہے البتہ برداشت کیا ہے۔ لیکن کب تک برداشت کریں گے، کب تک ان حالات کو برداشت کیا جائے گا، کب تک ہماری پارلیمنٹ کو خریدا اور بیچا جائے گا، کب تک ہمارے ممبران کو بیچا اور خریدا جائے گا۔ کیا بلوچستان اسمبلی 80-70 ارب میں نہیں بکی؟ کیا وہاں سے سپیشل بکسے بنوا کر جہازوں پر پیسا load کر کے نہیں لایا گیا؟ اگر بلوچستان جیسے صوبے میں یہ صورت حال ہے تو پھر آپ بتائیں کہ ہمارے خیبر پختونخوا میں کیا صورت حال ہو گی۔ اس کے باوجود ہمیں کہتے ہیں کہ آپ خاموش رہیں، آپ برداشت کریں، ہم برداشت کرنے کو تو کرتے آ رہے ہیں لیکن یہ کہ ہم گلہ بھی نہ کریں، یہ کہ ہم قوم کے سامنے صورت حال بھی بیان نہ کریں، ہم پارلیمنٹ میں بھی اس کے لیے آواز نہ اٹھا سکیں، لہٰذا میں ایک مرتبہ پھر ان اداروں سے کہنا چاہتا ہوں، ان لوگوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں یہ ملک عزیز ہے، ہم نے اس ملک کی آزادی کے لیے بہت قربانیاں دی ہیں، یہاں کے نوجوانوں نے، بوڑھوں نے اپنا خون دیا ہے، یہاں کی خواتین نے اپنی عزتیں قربان کی ہیں اور اس ملک کو حاصل کیا ہے، دست بستہ گزارش کرتا ہوں کہ اس ملک کو چلنے دیں۔

اپنی من مانیاں، اپنے فیصلے، ہم پر اور پارلیمنٹ پر مسلط نہ کیے جائیں۔ اگر یہی رویہ رہے گا تو کل پھر کہیں گے کہ یہ ملک سیاست دانوں کی وجہ سے تقسیم ہوا ہے۔ نہ پہلے ملک سیاست دانوں کی وجہ سے تقسیم ہوا ہے اور اگر آئندہ بھی ملک تقسیم ہو گا تو اس میں سیاست دانوں کا کردار نہیں ہو گا بلکہ ان اداروں کا کردار ہو گا۔ مجھے بتایا جائے کہ اس ملک اور قوم کی آزادی میں Establishment کا کردار کیا ہے؟ انہوں نے اس ملک

کے لیے کیا کیا ہے؟ یہ بھی ذرا قوم کو بتایا جائے۔ آج جو ہمارے سروں پر مسلط ہیں وہ ذرا اپنا کردار تو بتلائیں کہ ان کا اس ملک کے لیے کیا کردار ہے، انہوں نے کتنی قربانیاں دی ہیں، کیا کیا ہے تم نے اس ملک کے لیے؟ اور جن لوگوں نے قربانیاں دی ہیں انہیں تم نے کان سے پکڑ کر باہر کر دیا ہے لیکن میں ایک چیز اور بھی محسوس کرتا ہوں، میں بڑے ادب اور احترام کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ اس کے لیے ہم سیاسی لوگ استعمال ہوئے۔ ہماری قیادت استعمال ہوتی ہے، ہمارے بڑے استعمال ہوتے ہیں۔ میں دست بستہ اپنی قیادت کے سامنے گزارش کرتا ہوں کہ اگر اس ملک کی آزادی میں آپ کا کردار ہے تو ملک کے تحفظ میں بھی آپ کا کردار ہونا چاہیے۔ اس ملک کو ہم نے مل کر محفوظ کرنا ہے اگر ملک کی آزادی میں Establishment کا کوئی کردار نہیں ہے تو پھر ملک کو بچانے اور محفوظ کرنے میں بھی ہمیں ان کی ضرورت نہیں ہے، سیاست دانوں کو آگے آنا چاہیے اور اپنے کانوں کو مضبوط کرنا چاہیے کیونکہ آپ کے کانوں میں جو بھرا جاتا ہے، جو بتلایا جاتا ہے وہ حقیقت نہیں ہے، حقیقت وہ ہے جو قوم کہہ رہی ہے۔

بڑا نعرہ لگایا گیا پاکستان کا مطلب کیا لا الہٰ الا اللہ، بتائیں کہ گزشتہ 76-75 سالوں میں ہم نے کون سا قانون لا الہٰ الا اللہ کے تحت بنایا ہے۔ آج سے پچاس سال پہلے 1973 میں یہ پارلیمنٹ قانون سازی کرتی ہے، یہ پارلیمنٹ ہمیں راستہ بتاتی ہے اور ہم وہ قانون بناتے ہیں لیکن مجھے بتایا جائے کہ ان پچاس سالوں میں قانون اور آئین کی کسی ایک شق پر عمل ہوا ہے؟ جب پچاس سالوں تک آپ پارلیمنٹ کے اراکین کو اپنے حق رائے دہی سے محروم رکھیں گے تو پھر یہاں مایوسی آئے گی، اپنی مرضی کے ارکین کو یہاں پر لایا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کو اپنی مرضی کے لوگوں سے بھرا جا رہا ہے، اپنی مرضی کے فیصلے مسلط کرنا چاہتے ہیں تو پھر وہ لوگ جو اس ملک اور قوم کے ساتھ مخلص ہیں، جو اس ملک اور قوم کے لیے کچھ کرنا چاہتے ہیں انہیں مایوس کیا جا رہا ہے۔ اگر ہم نے اپنی روش نہ بدلی، اپنا طریقہ نہ بدلا اور یہ قوم اسی طرح محرومی کے دلدل میں جاتی رہی تو پھر انتظار کریں کہ ایک مرتبہ پھر مسلمانوں کو دولخت کیا جائے گا۔ مسلمانوں کو تقسیم کیا جائے گا۔ ہم بھلے یہاں پاکستان سے محبت کا اظہار کریں۔۔۔آگے جاری۔۔۔(T-11)

T11-29April2024 Naeem Bhatti/ED: Ahsan 6:40 pm

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: (جاری۔۔۔۔۔) اور یہ قوم اسی طرح اگر محرومی کی دلدل میں جاتی رہی تو پھر انتظار کریں کہ ایک مرتبہ پھر مسلمانوں کو دولخت کیا جائے گا، مسلمانوں کو تقسیم کیا جائے گا۔ ہم بھلے یہاں پاکستان سے محبت کا اظہار کریں، ہم بھلے یہاں ملک کی وحدانیت کی قسمیں کھاتے رہیں لیکن اگر ہمارا کردار یہ ہو گا تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ یہ ملک ایک مرتبہ پھر تقسیم ہو گا اور ملک کی تقسیم میں جہاں ہمارے ادارے

مجرم ہیں، وہاں ہماری سیاسی قیادت کو بھی اپنے کردار پر سوچنا چاہیے۔ ہمیں بھی اپنے گریبانوں میں دیکھنا چاہیے کہ ہم نے کس کے کہنے پر حکومتیں سنبھالیں، ہم نے کس کے کہنے پر اپوزیشن کی seats سنبھالیں، ہم نے کس کے کہنے پر کردار ادا کیا ہے؟ اگر ہم اور آپ، اس ملک اور اس پارلیمنٹ کے ساتھ مخلص نہیں ہوں گے تو کوئی اور آ کر ہمیں اس طرح چلانے کی کوشش کرے گا۔ لہٰذا میں اپنی سیاسی قیادت سے دست بستہ گزارش کروں گا، چاہے وہ پاکستان پیپلز پارٹی ہو، مسلم لیگ (ن) ہو یا کوئی اور پارٹی ہو، ان کی قیادت کو عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ اقتدار اور کرسیاں آپ کو پھر بھی مل جائیں گی لیکن خدارا! اس ملک کے مستقبل کا سوچیں۔ آ جائیں، اٹھ کر اِس طرف آ جائیں، ہمارے ساتھ یہاں بیٹھیں، ان لوگوں پر واضح کریں کہ ہم نے ملک اور قوم کے لوگوں کے ساتھ جانا ہے، ہم نے اداروں کے ساتھ نہیں جانا۔ جناب چیئرمین! اگر ہمیں عوام سے یہ توقع ہوتی ہے کہ وہ ملک کے لیے قربانی دیں گے تو ہمیں خود بھی کچھ قربان کرنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں آپ کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ وآخر دعوانا اِن الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین: میں کوشش کر رہا ہوں کہ دونوں طرف time دوں۔ محترمہ انوشہ رحمٰن صاحبہ۔

## Point of public importance raised by Senator Anusha Rahman Ahmed Khan regarding revival of PECA Law to combat fake news and propaganda in social media

سینیٹر انوشہ رحمٰن احمد خان: اَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے آپ کو مبارکباد پیش کرنا چاہتی ہوں کہ آپ چیئرمین سینیٹ منتخب ہوئے، آپ کے تجربے سے سینیٹ یقیناً مضبوط ہوگا۔ میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ social media پر fake news and propaganda, پھیلانے کے حوالے سے آج کل بہت شور مچا ہوا ہے۔ ایک سیاسی جماعت جو اپنے آپ کو سیاسی جماعت کہتی ہے اس نے fake news and propaganda پھیلانے کی بنیاد ڈالی جس سے پاکستان کے عوام کے اندر جھوٹ کو ترویج دینے کی ایک sense پیدا ہوئی۔ جس سیاسی جماعت کی بنیاد جھوٹ پر رکھی گئی، اس کی وجہ سے ہم نے ان نتائج کو دیکھا جو شاید وہ نہ ہوتے اگر honestly social media کے platform کو استعمال کیا جاتا۔ میں جب 2013-14 میں IT and Telecom کی Minister بنی تو اس ملک میں spectrum auction سات سالوں سے awaited تھا اور spectrum

auction کرنے کے بعد جب social media کا extensive استعمال شروع ہواتو ہم نے ایک Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 introduce کروایا، اس میں Section 20 and 21 بہت تفصیل کے ساتھ fake news and propaganda کو یا pedophile یا ایسا کوئی بھی content جو sexually affect کرے، کسی کی جھوٹی تصاویر upload ہوں، کسی کے حوالے سے جھوٹا content create ہو، اس پر پانچ سال تک قید کے ساتھ upto Rs. 50 lac تک fine کی بھی اجازت دیتا ہے۔ اس قانون کو پاکستان میں implement کرنے کی ذمہ داری دو اداروں FIA and PTA کو دی گئی۔ PTA کا کام content management کرنا تھا اور FIA کا کام perpetrators کو پکڑنا تھا۔ اب اگر کسی قانون کو استعمال نہ کیا جائے، اس پر عمل نہ کیا جائے تو یہ کہہ دینا کہ قانون ہی موجود نہیں ہے، یہ غلط ہوگا۔ میں آپ کے توسط سے یہ پیغام دینا چاہتی ہوں کہ قانون موجود ہے، ہمارے پاس قانون کی specific clauses, fake news and propaganda کو deal کرنے کے لیے موجود ہیں۔ Section 20 and 21 Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 بہت تفصیل کے ساتھ اس سارے process کو deal کرتا ہے۔ اگر ہم ان clauses پر عمل نہیں کرتے اور ہمارے ادارے ان پر عملدرآمد نہیں کرپاتے تو ہمیں آکر بتائیں کہ کس amendment کی ضرورت ہے جس سے وہ enable ہو سکیں، بجائے یہ کہ وہ social media پر چھوڑ دیں، جو بھی fake news آرہی، propaganda آرہاہے اور ان perpetrators کو چھوڑ دیں اور پاکستان مزید ان fake news کی دلدل میں پھنستا چلا جائے، یہ کسی کو suit نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین! ان fake news and propaganda کی وجہ سے social media پر freedom of expression کا بھی گلہ گھونٹ دیا جائے، یہ بھی غلط ہوگا۔ اس لیے ہم نے جو یہ balance لے کر چلنا ہے، اس کی ہمیں بے حد ضرورت ہے۔ یہ ضروری ہے کہ اگر ہم بات کرتے چلے جائیں اور FIA کو کمزور ہی رہنے دیں تو پھر یقیناً ہمیں اس میں کچھ کرنے کی ضرورت ہو گی۔

جناب والا! میں جانتی ہوں کہ ہماری limitations ہیں، جب قانون سازی کی جائے تو اس میں NGOs کی مداخلت سے عدالتوں کے سامنے کچھ ایسے facts پیش کیے جائیں جن سے عدالتوں کے فیصلے شاید اس spirit کو violate کریں یا اس spirit کو وہ کمزور کردیں جس کے تحت وہ قانون بنا تھا تو وہ طریقہ کار بھی غیر مناسب ہے۔ جسٹس اطہر من اللہ صاحب نے اسی طرح NGOs کے motion پر ایک فیصلہ دیا جب 2022 میں عمران خان کے دورِ حکومت میں PECA میں amendments آئیں اور اس process میں Section 20 of

بھی Comma, full stop کا جو قانون تھا، یہ اس کا 2016 کر دیا گیا اور delete کے اندر سے تین الفاظ کو the PECA law ‘harms the reputation’ by order of the honourable Judge of نہ کر پائے لیکن تین الفاظ change ہزاروں the High Court delete کر دیے گئے۔ اس پر FIA کو یقیناً appeal کرنی چاہیے تھی کیونکہ بچیوں کے حوالے سے as the House of the Federation مقدمات ہیں جو FIA میں موجود ہیں اور جن پر عمل ہونا تھا، وہ عمل رک گیا۔ اب ہمیں اسے دیکھنے کی ضرورت ہے کہ ‘harms the reputation’ جسے PECA law میں criminalize کیا گیا اور جسے ہائیکورٹ کے order سے نکال دیا گیا جس سے FIA incapacitate ہو گئی، ہمیں اسے review کرنے کی ضرورت ہے۔ میں ایوان کی توجہ اس قانون کی طرف مبذول کروانا چاہتی ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، نیشنل پارٹی سے سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔

## **Point of public importance raised by Senator Naseema Ehsan regarding the rigging in the General Election, 2024**

سینیٹر نسیمہ احسان: اَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطٰانِ الرَّجیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم۔ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔ سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَ سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ جناب چیئرمین! میں بلوچستان نیشنل پارٹی سے سینیٹر ہوں۔ میں سب سے پہلے آپ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ آپ کے کاندھوں پر بحیثیت اس ایوان کے custodian کے بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ حکومتی اور اپوزیشن بنچوں کے درمیان توازن قائم کرنا، سینیٹ کا اہم organ standing committees کو فعال رکھنا اور سینیٹ کے تمام ممبران کی اہمیت، حیثیت اور عزت کو یکساں رکھنا آپ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

جناب والا! میں بلوچستان میں آنے والے حالیہ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی طرف آنا چاہتی ہوں۔ میں بلوچستان حکومت، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی شکر گزار ہوں کہ وہ سیلاب زدگان کی اشک شوئی کے لیے گوادر گئے۔ (جاری۔۔۔۔۔)

(جاری)۔۔۔ سینیٹر نسیمہ احسان: حالیہ سیلاب سے متاثرین لوگ ہیں اور میں شکر گزار ہوں بلوچستان حکومت کی، وزیر اعلیٰ بلوچستان سیلاب زدگان کی اشک شوئی کے لیے گوادر گئے اور وزیر اعظم صاحب کی بھی شکر گزار ہوں جو کہ خود بھی گوادر گئے اور اپنی امدای ٹیمیں بھی بھیجیں لیکن حالیہ سیلاب سے جو نقصانات ہوئے ہیں اور حکومت کی طرف سے سیلاب زدگان کو جو امداد فراہم کی گئی ہے وہ ناکافی ہے۔

جناب چیئرمین! اس پر نظر ثانی کرنی چاہیے اور اس کے علاوہ بلوچستان میں .Reko Diq gold projectبلوچستان کے ضلع چاغی کی سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ یہاں کے نوجوان جو اپنےdocumentsہاتھ میں لے کر گھوم رہے ہیں ان کو روزگار میسر نہیں ہو رہا ہے۔ وہprojectکچھ شخصیات کے ہاتھوں یرغمال ہو چکا ہے یا پھر اسے یرغمال بنا کر رکھا ہوا ہے وہ من پسند لوگوں کو روزگار فراہم کر رہے ہیں اور میں سلام پیش کرتی ہوں اپنے بھائی مولانا صاحب کو جو بہت دل گردے والے ہیں جنہوں نے یہاں پرEstablishmentکے خلاف کہوں یا حق میں کہوں جو بولا، یہاں پر جو گزارشات کیں میں ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کروں گی کیونکہ ہم بلوچستان والے ایسا نہیں بول سکتے ہیں۔ اگر ہم کچھ بولیں تو دوسرے دن ہمیںincoming callآ جاتی ہے یا پھر ہمیں بولا جاتا ہے کہ بی بی آپ خاموش رہیں۔

جناب چیئرمین! ہم اگر missing personsکے حوالے سے بولیں تب بھی ہمارا یہ ہی حال ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ missing personsکے حوالے سے آپ درد رکھتے ہیں کیونکہ آپ اس دور سے گزر چکے ہیں۔ میں زیادہ گہرائی میں نہیں جانا چاہتی لیکن electionکے حوالے سے مولانا صاحب نے جو آج فرمایا، پہلے ہم سمجھتے تھے کہ electionہوتے ہیں پھرselectionہوتی ہے۔ اس دفعہ جیسے مولانا صاحب نے کہا ہے کہ auctionہوا ہے جس کی بھی زیادہ بولی لگی ہے ان کے سر پر مرغ ہما بیٹھ چکا ہے اور جن کو عوامی نمائندگی حاصل ہے ان کو form 45, form 47کے تحت ناکام قرار دیا گیا ہے اور جو کامیاب ہو چکے ہیں وہ بھی حیران اور پریشان ہیں کہ ہم کس طرح کامیاب ہوئے ہیں اور جن کو بہ زور بازو ناکام قرار دیا گیا ہے وہ ایک مخمصے میں ہیں کہ ہمیں عوامی نمائندگی حاصل ہے اور پھر بھی ہمیں ناکام قرار دے دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ صرف 2024کےelectionsنہیں ہیں اس سے پہلے بھی اگر دیکھا جائے .2013, 2018

(اس موقع پر ایوان میں مغرب کی اذان سنائی دی)

سینیٹر نسیمہ احسان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ اس election میں بھی دھاندلی ہوئی ہے اور دیکھا جائے تو 1970 میں بھی یہی صورتحال تھی۔ ایک Party کی 161 seats تھیں اور ایک Party کی 86 seats تھیں۔ اس کا نتیجہ کیا ہوا پاکستان دولخت ہوگیا، اللہ تعالیٰ نہ کریں کہ اس طرح کا کوئی واقع ہو لیکن ہم تباہی کی جانب جارہے ہیں۔ اگر یہی عمل چلتا رہا اور ایسا ہی ہوتا رہا تو ہم تباہی سے دور نہیں ہیں۔ ابھی بھی ہم اس دروازے پر کھڑے ہیں انتظار کر رہے ہیں کہ شاید ہم بلوچستان والوں کے ساتھ انصاف ہو۔ ابھی آٹھ تاریخ کو ضمنی election ہوئے ہیں ان میں بھی PB 20 جہاں سے مینگل صاحب Balochistan National Party سے جیتا ہوا ممبر یا شخص یا امیدوار۔ اس کو ناکام کرنے کی سرتوڑ کوشش ہو رہی ہے اور ballot papers جن پر ان کے vote ہیں ان پر دو دو مہریں لگائی جائیں۔

جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے درخواست کرتی ہوں کہ خدارا ہمیں اس تباہی کے دہانے پر نہ لے کر جائیں۔ بہت شکریہ آپ نے مجھے تسلی سے سنا۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عون عباس۔

## Point of Public Importance raised by Senator Aon Abbas regarding the low Wheat support price set by the Punjab Government

سینیٹر عون عباس: جناب چیئرمین! شکریہ۔ On a lighter note کل ایک notification ہوا ہے Deputy Prime Minister کا تب سے میرا بھی دل کر رہا کہ میں آپ سے request کروں کہ مجھے Vice Chairman Senate appoint کر دیں۔ ایک notification ہی issue کرنا ہے جس کو جو دل کرے لگا دیں Deputy Prime Minister بن سکتا ہے تو Vice Chairman Senate بھی بنادیں۔

جس وقت ہم بات کر رہے تھے اس وقت ایک واقعہ پیش آیا۔ لاہور مال روڈ پر کچھ کسان اکھٹے ہوئے اپنی ٹرالیاں اور گندم لے کر اور الحمداللہ جو PTI کے ساتھ ظلم پنجاب پولیس کرتی تھی آج اس سے زیادہ ظلم انہوں نے کسانوں پر کیا ہے، مارا گیا، پیٹا گیا، shelling کی گئی اور وجہ کیا تھی کہ کسان protest کیوں کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! کسان protest نہ کریں تو اور کیا کریں؟ جس کی پچیس سو روپے من گندم نا بکے آخر وہ کر ہی کیا سکتا ہے اور مزے کی بات ہے آج میں کچھ ایسے facts لے کر آیا ہوں کہ شاید آپ بھی پریشان ہو جائیں گے۔ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے اپنی پچھلی

تقریر میں کہا تھا کہ پاکستان میں 46 lac ton کے قریب گندم پڑی تھی جس وقت نگران حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم Ukraine سے گندم منگوا لیتے ہیں، .46 lac ton یہ بات ہے 22nd October, 2023 کو جب نگران حکومت نے فیصلہ کیا کہ ہم Ukraine سے گندم منگوا لیتے ہیں۔ اس دن سے لے کر آج تک 34 lac ton Ukraine سے گندم منگوائی جا چکی ہے جس کی landed cost میں نے اس وقت بھی بتائی تھی کہ 3100 روپے من ہے۔ وہ گندم پنجاب میں 4500 روپے من sale ہوئی، 1400 rupee per ton اگر 400 rupees transportation, middle men سارے commission نکال دیے جائیں ایک ہزار روپے من اس 31 lac ton کے پیچھے نفع بنایا جو کہ 85 ارب روپے بنتا ہے۔ کسی نے اس system میں بیٹھ کر 85 ارب روپے نفع کمایا profit لگایا جائے

حیرانی کی بات سنیئے۔۔۔ (جاری)

T13-29Apr2024 FAZAL/ED: Khalid 07:00 pm

سینیٹر عون عباس جاری ہے۔۔۔۔ حیرانی کی بات سنیئے۔ 22 اکتوبر کو نگران حکومت اعلان کرتی ہے کہ یو کرائن سے گندم منگوائیں۔ یکم نومبر کو پہلا جہاز یو کرائن سے پاکستان آ جاتا ہے۔ 8 دن کے اندر پہنچ جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! اگر آپ جہاز یو کرائن سے منگوائیں تو 22 تا 24 دن لگ جاتے ہیں۔ آج حکومت نے اعلان کیا کہ ہم نے اجازت دے دی ہے کہ آپ یو کرائن سے گندم منگوا سکتے ہیں۔ پھر وہ LC کھلے گی۔ بنک جانا ہوتا ہے۔ 100 مسئلے ہوتے ہیں۔ ایک جہاز کو یو کرائن سے کراچی آنے میں 22 دن لگ جاتے ہیں۔ پہلا جہاز 8 دن کے اندر آ گیا۔ جناب چیئرمین! کوئی نہ کوئی تو نفع بنا رہا تھا۔ جس کو یہ بھی پتا تھا کہ نگران حکومت اجازت دینے والی ہے۔ اس نے advance میں order place کیا تھا اس لیے 8 دن میں جہاز کراچی پہنچ گیا۔ اس وقت کراچی میں تین جہاز گندم سے بھرے ہوئے کھڑے ہیں۔ کوئی پوچھنے والا نہیں تھا کہ پنجاب کے کسان کی گندم 46 لاکھ ٹن اس وقت گوداموں میں رل رہی ہے اور اس سے پہلے 34 لاکھ ٹن یو کرائن سے منگوا چکا تھا۔ یہ 85 ارب روپے کا منافع تو کسی نہ کسی نے کمایا ہے۔ اس سے بڑھ کر دیکھیں کہ ایک ارب ڈالر حکومت پاکستان نے اپنا نقصان کیا یعنی ہمارے reserve سے ایک ارب ڈالر یہاں سے چلے گئے۔ یہ بھی کسی کو خیال نہیں آیا۔ آج کسان جو لاہور میں بیٹھا ہوا تھا وہ کہہ رہا تھا کہ میرا خرچہ ایک ایکڑ کے پیچھے ایک لاکھ پچاس ہزار روپے آیا ہے۔ اس وقت گندم کی قیمت 2500 روپے ہے۔ اگر حکومت مجھے 2500 روپے قیمت دے گی تو میں پچاس ہزار روپے فی ایکڑ کا نقصان کر رہا ہوں۔ اس وقت پنجاب کے کسان کو 100 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ یاد رکھیں کہ جو نقصان آج ہو رہا ہے اگلے تین سالوں تک اس کے aftershocks آئیں گے۔ اگلے سال کسان گندم کاشت نہیں کرے گا۔ پھر یہ حکومت باہر سے گندم درآمد کرے

گی۔اس میں پھر پیسا کمایا جائے گا۔ یہ ایک ایسا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جو کہ نہ ختم ہونے والا ہے۔ جناب چیئرمین! میں ایک اور چیز آپ کو بتاتا ہوں کہ جن لوگوں نے درآمد کیا ہے میں نے ان کو فون کرکے پوچھ لیا کہ آپ لوگوں نے درآمد کیوں کیا ہے تو مرکزی حکومت والے کہتے ہیں کہ ہمیں پنجاب حکومت نے کہا تھا اور پنجاب حکومت والے کہتے ہیں کہ ہمیں مرکزی حکومت نے کہا تھا۔ چور ان دونوں گھروں میں بیٹھا ہے۔ جس نے پیسا بنایا، جس نے نفع کمایا اور آج کسان ان کی وجہ سے رو رہا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ سے میری مودبانہ گزارش ہے۔ میں اس وقت Ministry of Food Production کے statistics لے کر آیا ہوں۔ 22 اکتوبر کو جس دن Federal Cabinet کو یہ proposal دیا گیا تھا اس وقت یہ لکھا پڑھا تھا کہ پاکستان میں 60 لاکھ ٹن کے ذخائر پڑے ہیں۔ وہ کونسے لوگ ہیں جنہوں نے یہ درآمد کرنے کی اجازت دی۔ دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے گندم کی سرکاری نرخ 4600 روپے مقرر کیا اور کہا کہ ہم گندم 4600 روپے من سے کم پر مہیا نہیں کریں گے۔ فلور ملز والوں کو کہا کہ تمہیں 4600 روپے فی من پاکستانی گندم مل رہی ہے اس لیے تم یوکرائن کی گندم 4300 روپے فی من خرید لو۔ جان بوجھ کر ایسا incentive create کیا گیا کہ اس وقت فلور ملز والوں نے پنجاب کی گندم نہیں اٹھائی اور وہ یوکرائن والی خرید لی۔ آج اس کا حل یہ ہے کہ اس وقت fields میں گندم کی گندم رُل رہی ہے۔ یقین جانیے کہ روزمرہ بارشوں کی وجہ سے اس کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ لیکن مجال ہے کہ اس سائیڈ پر بیٹھے جو دوست ہیں وہ اتنے بے حس ہیں کیونکہ کسان کی مرنے کی آواز اسلام آباد میں کب پہنچے گی۔ وہ لاہور، ملتان اور سندھ میں مر کھپ ہو جائے گا۔ یہاں پر تو الحمدللہ سب کی رپورٹ اچھا کی چلی ہے۔ جناب چیئرمین! اگر ہو سکے تو سیکرٹری اور Minister of Food کو بلائیں اور ان کو کہیں کہ نگران حکومت نے یہ جو proposal دیا تھا یہ کس کے کہنے پر اور کس intension پر دیا تھا اور جن جن لوگوں نے یہ درآمد کیا تھا اور خاص طور پر جن کا جہاز 8 دن میں پاکستان پہنچ گیا تھا ان کو بھی لا کر پوچھا جائے کہ تمہیں کیسے پتا تھا کہ حکومت پاکستان یوکرائن سے گندم درآمد کرنے کی اجازت دینے والی ہے کہ تم نے ایک مہینہ پہلے اس کا order place کر دیا تھا۔ اس کی انکوائری کر دیں ورنہ میرا اور آپ دونوں کا دامن اس کی وجہ سے داغ دار رہے گا۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ بابر ستار صاحب کے حوالے سے ہر بندہ بحث کر رہا ہے۔ ان کے خلاف جو campaign ہے ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ یعنی کہ ایک شخص اگر یہ پوچھ لیے کہ آڈیو لیک کون کر رہا ہے۔ یہ جو WhatsApp کی calls ہیں وہ کون اس وقت بیٹھ کر ریکارڈ کر رہا ہے۔ اس پر اداروں نے request کی ہے کہ آپ recuse کر کے سائیڈ پر ہو جائیں۔ آج تک کسی ادارے نے کسی

جج کو کہا ہو گا کہ تم recuse کر دو۔ اس دن شبلی فراز صاحب نے مسئلہ اٹھایا تھا کہ آخر اتنی جلدی کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کے سینیٹرز کے آئے بغیر آپ کو اجلاس بلانے کی جلدی کیا تھی۔ اب ہمیں سمجھ لگ رہی ہے کہ اس ایوان میں کچھ نہ کچھ تو ایسا ہونے والا ہے جس کا شاید آپ کو بھی پتا نہ ہو لیکن میں آپ کو بتا دوں کہ ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے۔ میں آپ کو پیشگی اطلاع دے رہا ہوں۔ وہ کیسے ہوگا؟ ہم شاید عدلیہ کے لیے ربڑ سٹیمپ بننے والے ہیں۔ ہم کم از کم اس کا حصہ نہیں بنیں گے۔ جناب چیئرمین! یاد رکھیں اگر ہم نے ججوں کی terms define شروع کر دی تو پھر کل کو extension شروع ہو جائے گی۔ وہ extension جو ہمارے بھی گلے پڑی ہے اور آج میں مانتا ہوں کہ کچھ extensions ہمارے گلے بھی پڑی ہیں۔ اگر Judiciary کی terms define کے حوالے سے تمام اسمبلیوں میں 2/3 majority لی گئی ہے اور سینیٹ بھی اس کا حصہ بن رہا ہے۔ کم از کم ہم یہاں پر اس کو support نہیں کریں گے۔ اگر یہ process اس لیے بنایا جا رہا ہے کہ یہاں پر PTI کے سینیٹرز نہ آئیں۔ جناب چیئرمین! ہماری numbers game مکمل ہے۔ میں ہاؤس کے توسط سے کہہ رہا ہوں کہ ہمارے ہمارے 36 سے زیادہ سینیٹرز ہیں۔ ان لوگوں کے پاس 2/3 majority نہیں ہے۔ تو آپ سوچ لیں کہ اگر آپ نے ججوں کی terms define کرنے کے حوالے سے ربڑ سٹیمپ بننا ہے تو آپ کو 2/3 majority کے لیے PTI کے 36 ممبران کی ضرورت ہوگی۔ Thank you so much, sir.

جناب چیئرمین: جی عرفان صدیقی صاحب۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: عون صاحب نے جو بات کی ہے میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ یہ سب speculations ہیں کہ ججوں کی عمر میں کوئی توسیع کی جا رہی ہے یا کوئی نئی قانون سازی آ رہی ہے۔ جب اس طرح کی کوئی چیز ہاؤس میں آئے گی تو ظاہر ہے کہ ہمارے ان معزز ساتھیوں کو حق حاصل ہوگا کہ یہ اس کے خلاف بولے یا اس کی حمایت کریں لیکن فی الحال اس طرح کی کوئی چیز نہیں ہے اور نہ ہمیں اس طرح کی پیش بینی کرنی چاہیے جس سے غلط فہمیاں پھیلیں اور پھر میڈیا پر خواہ مخواہ کی ایک بحث شروع ہو جائے۔

دوسری بات ججوں کی تکریم کے حوالے سے ہے۔ ہم بالکل ان کے ساتھ ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ کسی جج کے خلاف، چاہے اس کا کوئی بھی نام ہو، ان کے خلاف جو تضحیک آمیز پراپیگنڈہ کیا جا رہا ہے۔ ان کے conduct کے بارے میں، ان کی فیملیوں کے بارے میں اور ان کی backgrounds کے بارے میں ہم ان کی مذمت کرتے ہیں۔ ان جذبات میں ہم ان کے ساتھ شریک ہیں۔

جناب چیئرمین: جی، ہدایت اللہ خان صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Hidayatullah Khan regarding news about taxation on solar energy**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب چیئرمین! جیساکہ آپ کے علم میں ہے اور اس ایوان کے بھی علم میں ہے کہ اس وقت ملک میں شدید مہنگائی کی لہر دوڑ رہی ہے۔ لوگوں کا گزر اوقات بہت مشکل ہو گیا ہے۔

(اس موقع پر سینیٹر شہادت اعوان صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر ہدایت اللہ خان: اس کے ساتھ ساتھ عوام کی زندگی کو مزید اجیرن بنانے کے لیے قسم قسم کے اقدامات اور پروپیگنڈے جس میں حقیقت ہوتی ہے یا نہیں وہ نکالے جاتے ہیں۔ حکومت ان کی تردید بھی کرتی ہے لیکن اس کے باوجود بھی وہ پروپیگنڈے جاری رہتے ہیں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ابھی سولر پر میری بہن نے بات کی ہے۔ سولر سسٹم پوری دنیا میں عوام کے لیے متعارف کروائے جاتے ہیں اور خصوصاً ہمارے ملک میں تو اس لیے بہت ضروری ہے کہ اس ملک میں ہے کیا؟ بجلی کی لوڈشیڈنگ اور بجلی کی بہت زیادہ قیمتوں سے نجات پانے کے لیے غریب عوام کی خواہش اور امید تھی کہ ہم اس سسٹم کو کسی طریقے سے لگالیں گے اور ان مسائل سے چھٹکارا حاصل کریں گے۔ جناب چیئرمین! دو تین دنوں سے ہم سن رہے ہیں کہ حکومت اس پر بھی ٹیکس لگا رہی ہے۔ تو یہ ہمارے لیے اور حکومت کے لیے بھی بہت شرم کی بات ہے کہ غریبوں سے کم از کم یہ حق تو نہ چھینا جائے۔ اگر آپ مفت بجلی نہیں دے سکتے تو کم از کم سولر پر آپ ٹیکس کیوں لگا رہے ہیں۔ اس کے بعد جناب چیئرمین! مجھے یہ ڈر ہے کہ ہوا پر بھی یہ ٹیکس لگالیں گے کہ ہم جو سانس لیتے ہیں دن رات میں کتنی مرتبہ لیتے ہیں۔ اس سانس لینے پر بھی ٹیکس لگے گا۔ کیونکہ یہ تو سورج کی روشنی ہے۔ سورج سے جو تپش حاصل ہو رہی ہے اس کو سولر نظام کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے سورج کو ہمارے فائدے کے لیے نکال دیا ہے۔ پھر چاند پر سورج کی روشنی آتی ہے تو اس پر بھی ٹیکس لگائیں گے کہ تم چاند کو کیوں دیکھتے ہو۔ جناب چیئرمین! میرے خیال میں اس پر سخت قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اس ایوان کی طرف سے یہ پیغام جانا چاہیے کہ یہ ہمیں بالکل قابل قبول نہیں ہے۔ کسی صورت میں ہم عوام کے جتنے بھی مفادات ہیں ان کے حق میں ہم ہوں گے۔ ان شاء اللہ ہم کھڑے رہیں گے۔ اس کے لیے ہم ہر حد تک جائیں گے۔ اس ایوان کے جتنے بھی میرے دوست اور colleague ہیں۔

(آگے T14 پر جاری ہے)

سینیٹر ہدایت اللہ خان: (جاری) اس ایوان کے جتنے بھی میرے دوست اور colleague ہیں، میں سب سے یہ عرض کروں گا کہ اس پر ایک متفقہ resolution منظور کرلیں۔ آج کل یہ ہو رہا ہے کہ جو solar لانے والے لوگ ہیں، انہوں نے سب کچھ مہنگا کر دیا، وہ کہتے ہیں کہ چونکہ ہم پر ٹیکس لگ گیا۔ دوسری طرف لگانے والے کہتے ہیں کہ ہم پر ٹیکس لگ گیا۔ لٰہذا، اس سے ایک بہت بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔ اس لیے اس کے متعلق کوئی clear-cut اعلان کریں اور اس کی وضاحت کریں۔ اگر نہیں کر سکتے تو پھر اس ایوان کی طرف سے ان کو ایک message جانا چاہیے۔ آپ مہربانی کرکے اسے نوٹ کرلیں۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ مولانا صاحب نے ابھی الیکشن کے بارے میں بہت سی باتیں کی ہیں۔ پہلے مولانا صاحب 'نکے دا ابا' فرمایا کرتے تھے۔ آج انہوں نے 'نکے دا ابا' کو نام سے پکارا جو کہ بہت خوشی کی بات ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جتنی بھی جماعتیں ہیں، انہیں خوش نہیں ہونا چاہیے کہ وہ حکومت میں ہیں۔ اسی طرح کوئی خفا بھی نہ ہو کہ حزب اختلاف میں ہے کیونکہ یہ سلوک سب کے ساتھ ہونے والا ہے اور ہو رہا ہے۔ میرے خیال میں اس معاملے پر تمام سیاستدانوں کو، خصوصاً وکلاء صاحبان بشمول آپ کے، بیٹھ کر غور کرنا چاہیے کہ ہمیں کس طریقے سے اس ملک کو اصل عوام کی طاقت بنانا ہے۔ عوام جس کسی کو چنیں، جس کو بھیجیں، ان کا یہ حق تسلیم کیا جائے۔

جناب چیئرمین! تیسری بات جو میں کرنا چاہتا ہوں، میں جب اپنے صوبے کے حالات کو دیکھتا ہوں، امن و امان کے حوالے سے، دھماکوں کے لحاظ سے یا اغوا کے حوالے سے تو وہ بالکل خراب ہیں۔ ابھی ایک sitting سیشن جج کل اغواء ہو گئے۔ جس طریقے سے بھی وہ واپس آئے لیکن الحمدللہ، رات کو اپنے گھر پہنچ گئے لیکن ایسے حالات میں اس صوبے کو ایک ایسی غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہونا پڑتا ہے جس پر کوئی یقین ہی نہیں کرتا۔ ابھی میں نے سنا ہے کہ آسٹریلیا میں ہمارے جو students ہیں، ان کو بھی ایک نوٹس دیا گیا ہے کہ انہیں وہاں کوئی داخلہ نہیں ملے گا۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام کو خصوصی طور پر یہ بتایا گیا ہے کہ انہیں داخلے نہیں ملیں گے، باقی کو ملیں گے۔ میں اس موقع پر صابر شاہ صابر صاحب کا ایک شعر پڑھنا مناسب سمجھتا ہوں۔ (پشتو زبان میں شعر پڑھا گیا)۔ اس کا ترجمہ کچھ یوں ہے کہ تمہارے باغ اور سبزہ زار میں تو پری زاد اِدھر اُدھر آتے جاتے رہتے ہیں جبکہ میری بیری میں کانٹے لگے ہوئے ہیں اور اس میں بدروحیں رہتی ہیں۔ لٰہذا، یہ کون سا نظام ہے اور کون سا انصاف ہے؟ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے، میں ابھی ٹی۔وی پر دیکھ رہا تھا کہ پنجاب حکومت اپنے عوام کے لیے بجلی کی ایک رعایت دے رہی ہے۔ پہلے phase میں پنجاب کے عوام کو 100 یونٹ بجلی free ملے گی۔ دوسرے phase میں انہیں 200 یونٹ ملیں

گے جبکہ تیسرے میں 300 یونٹ ملیں گے۔ یہ میں جھوٹ نہیں بول رہا بلکہ یہ چیز ٹی۔وی پر چل رہی ہے، آپ خود دیکھ لیں۔ لٰلذا، میں اس بات پر حیران ہوں کہ یہ بجلی بنتی کدھر ہے۔ سستی بجلی تو ہمارے ہاں پانی سے بنتی ہے۔ چھ ہزار میگاواٹ سے زیادہ خیبر پختونخوا میں بنتی ہے۔ چاہیے تو یہ تھا، [***][1] میں یہ کہتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: ان الفاظ کو حذف کیا جاتا ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں یہ کہتا ہوں کہ آئین اور قانون کے مطابق جو حق ہمارا ہے، پہلے ہمیں دیا جائے۔ صوبۂ خیبر پختونخوا اور بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں جبکہ ان وسائل پر ہمارا حق نہیں ہے۔ ہمارا حق جنگلات پر نہیں ہے۔ ہمارا حق پانی پر نہیں ہے۔ ہمارا حق oil and gas پر نہیں ہے۔ ہمارا حق قیمتی معدنیات، زمرد اور ماربل پر نہیں ہے۔ ہمارا حق وہاں کی قدرتی پیداوار اور جو قیمتی اشیاء زمینوں سے نکلتی ہیں، ان پر نہیں ہے۔ وہاں پر ریکوڈک ہے، وہاں پر قیمتی چلغوزے کے پودے ہیں، دونوں صوبے الحمدللہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں لیکن ان پر ہمارا حق تسلیم نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سب کچھ مرکز کا ہے۔ دوسری طرف جب گندم کی باری آتی ہے تو پھاٹک لگا کر یہ کہا جاتا ہے کہ یہ صوبۂ پنجاب کی ہے، آپ اسے نہیں لے جاسکتے۔ یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ پیمانہ ایک ہونا چاہیے۔ ہمارا صوبۂ پختونخوا اور بلوچستان، آج کل آپ یقین کریں، جس طرح مولانا صاحب نے کہہ دیا کہ یہ سارا جتنا بھی مسئلہ ہوا ہے، اس صوبے میں ہوتا ہے اور ہوتا رہے گا۔ اس حوالے سے اگر ہم ابھی سے نہ سوچیں اور اس حوالے سے کوئی قدم نہ اٹھائیں تو میرے خیال میں آئندہ آنے والے لوگ ہمیں معاف نہیں کریں گے۔ جہاں تک ہمارے صوبے اور بلوچستان کی پسماندگی اور حقوق کا معاملہ ہے، ہم کسی کے منہ کا نوالہ نہیں چھیننا چاہتے۔ ہم ایک مسلمان ماں اور ایک مسلمان باپ کی اولاد ہیں۔ چار بیٹے ہیں، پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا۔ یہ سب ایک ماں اور ایک باپ کی اولاد ہیں اور سب مسلمان ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ بڑا بھائی پنجاب، اپنا کردار ادا کرے۔ جو بھی اس کا حق بنتا ہے، لے لے۔ ہم یہ نہیں کہتے ہیں اس کے منہ کا نوالا ہمیں دیا جائے بلکہ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمیں ہمارا حق دو۔ یہاں پر بھی خوشحالی آجائے، یہاں پر کارخانے لگیں، یہاں پر بجلی کی فراوانی ہو۔ بلوچستان کو ان کا حق دے دو جبکہ آپ اپنا حق لے لو، سندھ کو ان کا حق دے دو۔ اس وقت مہنگائی کے جو حالات ہیں، اس وجہ سے ہیں کہ ہم نے درمیان میں تضادات کی دیوار کھڑی کرلی ہے۔ ہمیں ان معاملات سے نکلنا ہوگا۔

[1] "Words expunged as ordered by Mr. Presiding Officer."

جناب! چونکہ آپ وقت کے بارے میں بار بار کہتے ہیں تو میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو solar کا مسئلہ ہے، اس حوالے سے سخت ایکشن لینا چاہیے۔ اگر کسی نے propaganda کیا ہے یا افواہ بھی پھیلائی ہے تو اس کے خلاف بھی کارروائی کی جائے کیونکہ آج کل اس وجہ سے لوگوں کے ذہنوں میں بہت زیادہ تشویش پائی جاتی ہے۔ یہ لوگ کہاں جائیں؟ کیا ہم یہاں سے ہجرت کر جائیں؟ کیا ہمیں اس ملک کے اندر رہنے کا حق حاصل نہیں ہے؟ کیا غریب لوگ یہاں سے جا کر کسی اور ملک میں منتقل ہو جائیں یا پھر خودکشیوں پر مجبور ہوں؟ کیا خیبر پختونخوا اور بلوچستان کسی کو جہیز میں دیا گیا ہے؟ میرے خیال میں ایسا نہیں ہے۔ الحمدللہ، ہم آزاد اقوام ہیں اور ہم نے انگریز سے آزادی حاصل کی ہے۔ ہمارے آباؤ اجداد نے قربانیاں دی ہیں، جیلیں کاٹی ہیں اور شہادتیں پیش کی ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی جائیدادیں نیلام ہو گئیں تب جا کر انہوں نے ہمیں یہ آزادی لے کر دی ہے۔ یہ آزادی کوئی جہیز میں لے کر نہیں آیا کہ ہم اس کے غلام بن جائیں۔ ہم نے ایک غلامی سے نجات حاصل کی تو اب ہمیں دوبارہ غلام بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ہم کسی صورت میں بھی اس کے لیے تیار نہیں ہیں۔ ان شاءاللہ، آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں ہم پھر بات کریں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہدایت اللہ صاحب! شکریہ۔ سینیٹر منظور احمد صاحب۔

## Point raised by Senator Manzoor Ahmed regarding political situation in the country

سینیٹر منظور احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ پہلے تو میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ عطاءالرحمٰن صاحب ہمارے بھائی ہیں، میں ان کی بہت عزت کرتا ہوں۔ انہوں نے جو الفاظ صوبۂ بلوچستان کے حوالے سے استعمال کیے، ایک کروڑ بیس یا پچیس لاکھ لوگوں کے صوبے کے بارے میں، اس کی درستگی ضروری ہے۔ میں نے سیاست کرنی ہے، یہ میرا حق ہے جبکہ یہاں پر بولنا تمام دوستوں کا حق ہے لیکن پورے بلوچستان کے لیے اس طرح کے الفاظ استعمال کرنا، درست نہیں۔ میں اس کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ پہلے اپنی صفوں کو درست کر لیں، اس کے بعد پھر پورے بلوچستان کے حوالے سے بات کریں۔ اگر ایک بندے کی بات ہوتی، دو کی ہوتی، تین کی ہوتی تو چلو، ٹھیک تھا۔ کیا پورا بلوچستان بکاؤ ہے؟ کیا پورے بلوچستان کے لوگ بکتے ہیں؟ اگر یہاں پر ہم سیاست کی بات کرتے ہیں، اگر یہاں پر میں جمہوریت کی بات کرتا ہوں، پچھتر سال کے دوران اس ملک میں جتنے الیکشنز ہوئے ہیں، آپ تاریخ اٹھا کر لیں، ان تمام الیکشنز کے بعد کوئی نہ کوئی پارٹی اٹھ کر یہ کہتی ہے کہ اس میں rigging ہوئی ہے یا ہمارے ساتھ ناجائز ہوا ہے۔ (جاری۔۔۔T15)

سینیٹر منظور احمد:--(جاری)ـــاس کے بعد کوئی نہ کوئی پارٹی اٹھ کر یہ کہتی ہے کہ اس میں rigging ہوئی ہے اور میرے ساتھ ناجائز ہوا ہے۔ میں اپنے حق اور اپنے مینڈیٹ کی بات کرتا ہوں۔ اگر آپ یہ باتیں بلوچستان کے لئے کرتے ہیں تو آپ نے اپنا صوبہ چھوڑ کر بلوچستان سے کیوں الیکشن لڑے۔ اگر آپ کو اپنے مینڈیٹ پر اتنا گھمنڈ تھا تو پہلے اپنے حلقے سے کھڑے ہو کر دیکھتے کہ آپ کا مینڈیٹ کہاں تھا۔ اگر میں یہاں پورے صوبے کی تذلیل کروں تو میرے خیال میں یہ مناسب گفتگو نہیں ہوگی۔ سندھ، پنجاب اور خیبر پختونخوا میرے لئے محترم ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمیں ایک دوسرے کی عزت کرنی چاہیے۔ تمام قومیں بلوچستان میں رہتی ہیں۔ ان کے خود کتنے MPAs وہاں بیٹھے ہیں۔ ذرا ان سے پوچھیں۔ اب الیکشن ہوگئے اور جیسے بھی ہوئے لیکن ہوگئے۔ میں نے 75 سال کی تاریخ آپ کو بتادی کہ جب بھی الیکشن ہوئے ہیں تو انہی ایوانوں میں یہی رونا چلتا رہا ہے کہ میرے ساتھ یہ ہوا اور وہ ہوا۔ چلیں ایسا کہنا آپ کا حق ہے۔ یہاں پر کہا جاتا ہے کہ میرا مینڈیٹ چرا کر کسی اور دیا گیا۔ اس کے بعد یہ کہا جاتا ہے کہ یہ ایوان طاقت کا سرچشمہ ہے۔ اگر یہ ایوان طاقت کا سرچشمہ ہے تو عوام کی رسی کیوں دوسرے لوگوں کے ہاتھوں میں دی ہوئی ہے۔

جناب! اگر میں اور آپ یہاں عوام، ان کے فلاح و بہبود اور ان کی غربت کی بات کرتے ہیں تو پچھتّر سال سے یہی عوام مملکت خداداد پاکستان میں رہتی آرہی ہے۔ جب آپ اقتدار میں ہوتے ہیں تو آپ کو عوام یاد نہیں آتی اور آپ کو نظر نہیں آتے۔ جب آپ اقتدار سے نکل جاتے ہیں تو عوام کا درد آپ کے دل میں جاگ جاتا ہے اور پھر مینڈیٹ اور دوسری باتیں آپ کے ذہن میں آتی ہیں۔ ہم نے سیاست کرنی ہے اور یہ ہمارا حق ہے۔ ہم جب بھی اس فلور پر بات کرنے کے لئے کھڑے ہوئے ہیں تو ایک دوسرے کو عزت دیتے ہیں۔ اگر میں بلوچستان کی بات کروں تو یہ کہوں گا کہ چاہے وہ سیندک ہو یا ریکوڈک، ان پر ضرور debate ہو۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ ان کی وجہ سے دوسرا پاکستان بنے گا اور اس میں کوئی شک بھی نہیں لیکن پھر بلوچستان کے حقوق کہاں جاتے ہیں؟ ابھی ایوان میں خیبر پختونخواہ کی سیاست، حقوق اور نظام کی بات ہوئی۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی ابھی تک complete ہی نہیں ہے۔ جب مخصوص نشستوں پر وہاں حلف برداری ہوگی تب اسمبلی complete ہوگی، سینیٹ کے الیکشن ہوں گے اور پھر آپ یہاں آسکیں گے۔ بلوچستان میں چاہے عوام نے کسی کو بھی ووٹ دیا ہو، ان کے پیچھے 10 یا 15 ہزار لوگ ہوتے ہیں۔ اگر میں بلوچستان کی محرومیوں کی بات کروں تو بلوچستان پہلے ہی تباہی کے دھانے پر کھڑا ہے۔ یہاں پر میرے دوست اپنے

صوبوں کی محرومیوں پر رو رہے ہیں۔ آپ ذرا آ کر بلوچستان تو دیکھیں۔ اسی فلور پر ہم بار، بار یہ کہتے آ رہے ہیں کہ انسان اور جانور ایک ہی جگہ سے پانی پیتے ہیں۔ کیا یہ لوگ پاکستانی نہیں ہیں؟

جناب! اگر میں گیس کی بات کروں تو وہ 1952 سے نکل رہی ہے اور ابھی تک ضلع ڈیرہ بگٹی اور اس کی تحصیل سوئی میں گیس نہیں ہے۔ میں پنجاب اور دوسرے صوبوں کو گیس دے رہا ہوں۔ میں بالکل انہیں دوں گا کیونکہ وہ میرے بھائی ہیں لیکن پہلے آپ بلوچستان کی ضروریات تو پوری کریں۔ کیا بلوچستان کا اتنا بھی حق نہیں ہے کہ جو گیس آفس کراچی میں بنا تھا، وہ بلوچستان میں نہیں بن سکتا تھا۔ میں سندھ کی مخالفت نہیں کر رہا۔ وہ ہمارے بھائی ہیں لیکن جہاں سے گیس نکل رہی ہے، وہاں head office نہیں ہے۔ وہاں کے افسران کی تفصیلات اٹھا کر دیکھ لیں کہ کتنے بلوچستان سے ہیں۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ وہ دو، چار سے زیادہ نہیں ہوں گے۔ کیا یہ بلوچستان کی ساتھ زیادتی نہیں ہے؟ کیا بلوچستان پاکستان کا حصہ نہیں ہے؟ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم برابری کی بنیاد پر بات کریں۔ بلوچستان جو زراعت اور لائیو سٹاک پر dependent ہے، اب ہمارے ساتھ یہ دونوں نہیں رہے۔ ہمارے پاس کوئی industry بھی نہیں ہے۔ One Belt One Road اور CPEC کے تحت بلوچستان کو جو چیزیں ملنی تھیں، وہ نہیں ملیں اور جن کو ملنی نہیں چاہیے تھیں، ان کو ملیں اور میں اس پر debate بھی کرنا نہیں چاہتا۔ یہ تمام باتیں ہمارے سامنے ہیں۔ ہم کسی کی مخالفت نہیں کر رہے بلکہ یہ کہہ رہے ہیں کہ آئیں اور مل کر اس فورم کو طاقتور بنائیں۔ رسی اپنے ہاتھ میں رکھیں اور کسی دوسرے کو نہ پکڑائیں لیکن جب بھی اقتدار کی بات آتی ہے تو سب سے پہلے میں بھاگتا ہوں کہ وہ مجھے دے دیں، باقی جو ہوتا ہے، ہونے دیں۔ یہ سب ہم اپنے ہاتھوں سے کر رہے ہیں۔ ہم اپنے ساتھ، اپنے بچوں کے ساتھ، اپنے عوام کے ساتھ یہ ظلم کر رہے ہیں۔ میں ایک بار پھر یہ کہوں گا کہ آئیں اور مل بیٹھ کر غربت پر بات کریں۔ آئیں اور پاکستان کے لئے، پاکستان کی پسماندگی، اور جو پسماندہ علاقیں ہیں، ان کے لئے سوچیں۔ جو سیلاب آیا ہے، اس کے بارے میں سوچیں۔ آپ ان بچوں کے لئے سوچیں جو سکول سے باہر ہیں۔ ہم نے کبھی اس پر بات کی ہے؟ ہم نے کبھی یہ بات نہیں کی۔ ہم بس اچھا سا تنقید کر لیتے ہیں لیکن اس پر ہماری سوچ نہیں ہے کہ ہم اس ملک کے 24 کروڑ عوام کے لئے کچھ کر سکیں۔

جناب! اس پر تمام پارٹیوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ کسی ایک پارٹی کا کام نہیں ہے۔ اگر میں کہوں کہ میں ان سے باہر ہوں تو ایسا نہیں ہو سکتا۔ ہمیں مل کر چاہے ہماری سول سوسائٹی، بیوروکریسی، سیاستدان، جج صاحبان، ادارے اور عوام ہوں، سب نے مل کر ملک کو مشکلات سے نکالنا ہوگا۔ ہمیں باہر سے بھی خطرات ہیں۔ ملک کے اندر بھی دشمن بیٹھے ہیں۔ ہم مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں۔ ہمیں ان سے نکلنا چاہیے۔ اب وقت ہے کہ ایک دوسرے پر تنقید چھوڑیں اور ایک دوسرے کی عزت کریں پھر ہم ان مشکلات سے نکل سکتے ہیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع صاحب! ہم لسٹ کے حساب سے چل رہے ہیں۔ جیسے ہی آپ کی باری آئے گی، میں آپ کو فلور دے دوں گا۔ سب دوستوں کو موقع ملے گا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرے خیال میں اگر سب پانچ، پانچ منٹ بات کریں تو سب کو موقع ملے گا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر جان محمد۔

**Point of Public Importance raised by Senator Jan Muhammad regarding recent catastrophic flooding in Balochistan and negligent behaviour of authorities concerned**

سینیٹر جان محمد: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ نے مجھے وقت دیا۔ آج ویسے بھی ایک agenda item بلوچستان میں سیلاب کے حوالے سے تھا لیکن سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کی غیر موجودگی کی وجہ سے وہ اہم issue discuss نہیں ہو سکا۔ اس دوران بلوچستان میں جو بارشیں ہوئی ہیں، جو environmental تبدیلی آئی ہے، اس سے بلوچستان شدید متاثر ہو رہا ہے۔ بلوچستان کے اس متاثر ہونے نے بلوچستان کے عوام کی زراعت، ان کے گھر، infrastructure، بندات کو تباہ و برباد کر دیا ہے اور جو PDMA and NDMA کی ذمہ داریاں تھیں، انہوں نے پوری نہیں کیں۔ انہیں یہ ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔۔۔ (جاری T16)

T16-29APR2024 Taj/Ed. WAqas 07:30 p.m.

سینیٹر جان محمد: ۔۔جاری۔۔ اور NDMA اور PDMA کی جو ذمہ داری تھی، وہ انہوں نے پوری نہیں کی۔ ان کو یہ ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔ اسی لیے یہ سوال اٹھایا گیا تھا اور تحریک لائی گئی تھی۔ چونکہ کامران مرتضیٰ صاحب موجود نہیں ہیں، وہ تحریک defer ہوئی۔ یہ اہم مسئلہ ہے۔ NDMA کو اپنا role ادا کرنا چاہیے۔ بلوچستان میں جو نقصانات ہوئے ہیں، لوگوں کے solar panels ٹوٹ گئے ہیں، بندات ٹوٹ گئے ہیں، ان کی سروے کرنی چاہیے، reports بنانی چاہییں اور نقصانات کے ازالے کے لیے اقدامات کرنے چاہییں۔ یہ بہت اہم ہے۔

دو سال پہلے آپ نے دیکھا کہ بہت بڑا سیلاب آیا تھا۔ جناب چیئرمین! آپ حیران ہوں گے کہ اس سیلاب سے کوئٹہ کراچی شاہراہ پر اوتھل سے لسبیلہ کے درمیان پانچ پل ٹوٹ چکے ہیں، جام صاحب جو وزیر ہیں، یہ ان کا حلقہ ہے، دو سال گزرے ہیں۔ آج کل پھر وہاں بارشیں ہو رہی ہیں لیکن وہ پل اسی طرح ٹوٹے ہوئے ہیں۔ وہاں کوئی کام نہیں ہوا، لوگ نیچے سے گزر کر جاتے ہیں۔ جب بارشیں ہوتی ہیں تو آٹھ آٹھ، دس دس گھنٹے گاڑیاں کھڑی رہتی ہیں اس انتظار میں کہ پانی گزرے پھر ہم جائیں۔ یہ NHA, PDMA اور ,NDMA یہ تینوں اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے بلوچستان کو بالکل لاوارث سمجھا ہے کیونکہ وہاں سے کوئی آواز نہیں آتی، لوگ اس پر احتجاج نہیں کرتے، اس پر نہیں بولتے۔ ان اداروں کے افسران پر پابندی لگائیں کہ یہ جب بھی بلوچستان میں سفر کریں گے تو by road سفر کریں۔ یہ جہازوں میں آتے جاتے ہیں، ان کو کیا پتا کہ کہاں سڑک ٹوٹی ہے، کہاں پل ٹوٹے ہیں، کتنا کام ہوا ہے۔ جو بھی ذمہ دار لوگ ہیں، ان کے by air سفر پر پابندی لگائیں، یہ لوگ by road سفر کریں تاکہ ان کو پتا چلے کون کون سی پل ٹوٹی ہیں۔ NDMA اور PDMA کو پابند کیا جائے کہ فوری طور پر بلوچستان میں سروے کریں اور لوگوں کے جتنے نقصانات ہوئے، ان کا ازالہ کیا جائے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان محمد صاحب، اس پر رپورٹ منگوا لیتے ہیں۔ آپ نے اس پر تفصیلی بات کی ہے۔ یہ اہم مسئلہ ہے۔ ہم اس پر ایک report call کر لیتے ہیں، اس رپورٹ کے بعد مزید اس پر discussion کرتے ہیں۔

سینیٹر جان محمد: جناب! ایک اور چھوٹا سا مسئلہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی۔

سینیٹر جان محمد: وہ issue یہ ہے کہ جب نواز شریف وزیراعظم تھے، انہوں نے بلوچستان کے طلباء کے لیے کچھ اعلانات کیے تھے۔ ان کے داخلوں کی ایک پالیسی تھی، وہاں ہر یونیورسٹی میں بلوچستان کے بچوں کو داخلے ملتے تھے اور وہ تمام scholarships وفاقی حکومت کی طرف سے ملتی تھیں۔ ان کی حکومت ختم ہونے کے بعد آہستہ آہستہ یہ سلسلہ رکتا جا رہا ہے۔ ابھی چونکہ دوبارہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے، ان کو چاہیے کہ جس طرح نواز شریف کے دور میں ہوا تھا، اسی طرح ان کے داخلے کے حوالے سے ہر یونیورسٹی میں کوٹا مخصوص ہو اور ان کے اخراجات وفاقی حکومت ادا کرے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان محمد صاحب، اس پر آپ Calling Attention Notice دے دیں تو اس پر تفصیلی بات ہو جائے گی۔ جو بہتر چیز ہے وہ بھی ہو گی۔

سینیٹر جان محمد: وہ بھی کریں گے لیکن جناب! میں سمجھتا ہوں کہ یہ اہم مسئلہ ہے، یہ alreadyاس حکومت سے متعلق ہے۔ جناب! تیسرا اور سب سے اہم مسئلہ ہمارا Pak-China Corridor ہے، 67 billion dollarsاس ملک کی ترقی اور infrastructure کو بہتر کرنے پر خرچ ہو رہے ہیں۔ اتنی بڑی رقم کے حوالے سے بلوچستان والے کہاں کھڑے ہیں؟ گوادر پورٹ گوادر میں ہے، اس پورٹ کے معاہدے کو آپ دیکھیں، اس معاہدے میں 93% China Company کو جاتا ہے اور 7% Federal Government of Pakistan کو جاتا ہے۔ گوادر اور بلوچستان کے عوام مکمل طور پر نظر انداز ہیں۔ اس طرح کے معاہدوں سے بلوچستان میں unrest ہے، لوگ روزانہ احتجاج کرتے ہیں، وہ مایوس ہیں، انہوں نے جو امیدیں اس وفاق سے لگائی ہیں، ان کو ان کا حق نہیں مل رہا ہے۔ اگر اس طرح کے معاہدے ہوں گے تو اس سے مزید مایوسی بڑھے گی۔ بلوچستان اور وفاق کے درمیان جو خلیج ہے، وہ بڑھتا جائے گا۔ لہٰذا اس طرح کے معاہدوں کو revisit کیا جائے، ان میں بلوچ، بلوچستان کا حصہ محفوظ کیا جائے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان صاحب! اس issue کو دنیش کمار صاحب کئی مرتبہ highlight کرتے رہے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو اس پر Calling Attention Notice بھی دے دیجیے گا۔

سینیٹر جان محمد: دنیش صاحب نے بہت اچھا کیا ہے۔ دنیش صاحب بلوچستان کی آواز ہیں۔ ہمیں ان سے امید ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی مولانا عبدالواسع صاحب۔

## Point raised by Senator Abdul Wasay regarding the irregularities in the election process

سینیٹر عبدالواسع: شکریہ، جناب چیئرمین! (عربی)۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی)۔ جناب! سینیٹ کا رکن بننے کے بعد یہ میری پہلی تقریر ہے۔ سب سے پہلے میں چیئرمین صاحب اور ڈپٹی چیئرمین صاحب اور تمام نئے اراکین کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ جناب! ہم اس ایوان میں جو بات کرتے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم اس طرح بات کریں تاکہ عوام کی نمائندگی ہو، عوام کی آواز کو اس ایوان تک پہنچادیں لیکن آج ہماری جماعت نے فیصلہ کیا ہے کہ فیصلے ایوانوں میں نہیں، میدانوں میں ہوں گے۔ یہ اس لیے نہیں کہ ہم نہیں سمجھتے کہ فیصلے کرنے کی جگہ ایوان ہیں لیکن ایوان کے اندر اس طرح کے انتخابات کے ذریعے جب اس طرح کے نمائندے آجاتے ہیں، جیسے میرے دوست منظور کاکڑ صاحب نے بات کی، انہوں نے اب اپنا نمک حلال کرنے کے لیے اس قسم کی بات کی۔ پھر آخر میں جا کر بلوچستان کی شکایت بھی شروع کر دی کہ یہ ہوتا ہے، وہ

ہوتا ہے۔ جب بلوچستان کی شکایتیں اس طرح کے نمائندے کریں گے تو بلوچستان کے لوگ اسی طرح محروم رہیں گے اوراحساس محرومی کا شکار رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو اللہ کے دیے ہوئے احکامات کے مطابق فیصلے نہیں دیتے، وہ قوم ظالم ہے۔ آج اگر ہماری معیشت کی حالت کو دیکھا جائے، امن وامان کی حالت کو دیکھا جائے۔ آج ہر دوسرے اشخاص کے درمیان یہ بات چل رہی ہے کہ ہمارا ملک، خدانہ کرے default کی طرف جارہا ہے۔ ملک ٹوٹنے کی طرف جارہا ہے اور خاص طور پر جو دو شورش زدہ صوبے ہیں یعنی خیبر پختونخوا اور بلوچستان، ان صوبوں میں الیکشن کا طریقہ کار ہمارے پالیمانی لیڈر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب نے تفصیل سے بتایا دیا۔ کیا اس سے کوئی انکار کرسکتا ہے؟ اگر ان سے بھی کوئی انکار کرلیتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ اس ایوان کا حق بھی نہیں رکھتے کہ یہ اس ایوان میں بات کرلیں یا ادھر بیٹھ جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین ! بلوچستان میں جو الیکشن ہوا۔ جو election process ہے۔ اس کے بعد جو الزامات لگ رہے ہیں، پوری دنیا اور پورے پاکستان میں جو باتیں ہورہی ہیں، Form 45 اور Form 47 والا جو معاملہ چل رہا ہے، یہ بات نہیں کرنی چاہیے تھی۔

(T17 پر جاری ہے)

T17-29APRIL -2024 Tofique Ahmed/ED: KHALID 07:40PM.

سینیٹر مولانا عبدالواسع : (جاری۔۔۔) جو معاملہ چل رہا ہے، ابھی ہمیں شرم سے یہ بات نہیں کرنی چاہیے کہ اس کا دفاع کریں۔ بہر حال یہ محترم جو خاموش ہوجاتا تھا اور اب جب جان بلیدی صاحب اٹھ گیا میرا خیال یہ تھا۔ جب وہ بلوچستان میں روڈوں پر تحریک چلا رہا تھا، اس تحریک کے حوالے سے ان کی زبان سے، وہ نہ صرف establishment کے بارے میں بات کر رہے تھے، میاں نواز شریف صاحب اور زرداری صاحب کو اپنی تقریروں میں ننگی گالیاں دے رہے تھے لیکن آج وہ اتنا مصلحہ پسند بن گیا اور جب نمائندے اس طرح ہوتے ہیں تو ان نقصانات کا ازالہ کون کرے گا؟ ان نقصانات اور اس ملک کو بچانے کے لیے حقیقی نمائندے جب تک منتخب نہ ہوجائیں، اس وقت تک نہ تو یہ ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ یہ ملک اپنے آپ کو بچا سکتا ہے۔ جو حقیقی نمائندے عوام کے درمیان سے آجاتے ہیں پھر وہ ان مسائل کا ذکر کرتے ہیں جو بلوچستان میں احساس محرومی ہے، بلوچستان میں وسائل کا جو غلط استعمال ہیں، بلوچستان میں ساحل اور وسائل کا جو مسئلہ ہے، وہ سارے اس وقت حل ہوسکتے ہیں جب عوام کے حقیقی نمائندے آجاتے ہیں۔ جناب چیئرمین ! تمام سیاستدان یہ بات کرتے ہیں لیکن مجھے افسوس اس بات کا ہے جب کسی بھی سیاستدان کے حق میں فیصلہ آجاتا ہے اور الیکشن ان کے حق میں ہوجاتے ہیں، وہ کرسی تک پہنچ جاتے ہیں پھر سب کچھ ٹھیک ہوتا ہے اور جب ان کے

حق میں نہیں ہوتا پھر سب کچھ خراب ہوتا ہے۔ جیسے کہ اللہ جل جلالہ فرماتے ہیں (عربی) اور جس کے حق میں فیصلہ ان کے مفاد میں ہو، ان کے گروہی مفادات میں ہو اور ان کے ذاتی مفاد میں ہو تو پھر مضبوطی سے پکڑ لیتے ہیں کہ جمہوریت کا فیصلہ ہے اور یہ حق کا فیصلہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر مولانا عبدالواسع: جناب چیئرمین! مجھے دو منٹ دیں۔ اس حوالے سے کل عرفان صدیقی صاحب اور کچھ دوست بات کر رہے تھے وہ اچھی بات کر رہے تھے لیکن میں احترام کرتا ہوں۔ اب مجھے بتائیں کہ ہماری جو پہلی بنیاد ہے جیسے کہ (فارسی) میں کہتے ہیں کہ جب آپ پہلی خشت ٹیڑھی رکھ دیتے ہیں تو پھر آسمان تک دیوار ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ لہٰذ جب الیکشن اور انتخابات اس طرح 47 and 45 والا معاملہ ہو تو پھر اس کے بعد آپ اس ایوان میں وضاحت نہیں دے سکتے یہ ایوان عوام کے لیے کیا کر سکتا ہے؟ ہمارے ملک میں 75 سالوں سے جو ہو رہا ہے لیکن جب سیاستدانوں نے ان کے لیے اپنا کندھا استعمال کیا، ہمارا اگلہ تو ان لوگوں سے ہے۔ میں جمیعت علماء اسلام سے ہوں، ہم اپنے دوستوں سے، مسلم لیگ (ن) کے دوستوں سے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے دوستوں سے کہہ رہا ہوں جب 2018 کے الیکشن کے حوالے سے ہم نے ایک مشترکہ تحریک چلائی اس تحریک کے نتیجے میں وہ حکومت کسی نہ کسی طریقے سے ختم ہو گئی لیکن جو اب نیا الیکشن آیا ہے کیا ان کے نتائج میں کوئی فرق ہے؟ لیکن جب نتائج میں فرق نہیں ہے، ہم ابھی بھی وہیں پر میدان میں ہیں، ہم نے ابھی تک وہ نتائج تسلیم نہیں کیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، مولانا صاحب۔

سینیٹر مولانا عبدالواسع: میں گزارش کرتا ہوں کہ آپ اگر اس نتائج کو اپنے حق میں تسلیم کرتے ہیں لیکن آئندہ آپ کا کیا حشر ہوگا لہٰذا جناب چیئرمین! میں سیاستدانوں سے یہ گزارش کرتا ہوں خدارا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، بہت مہربانی۔

سینیٹر عبدالواسع: بس دو منٹ، مسائل تو بہت ہیں، بلوچستان کے بھی مسائل ہیں، بلوچستان کے ذخائر اور معدنیات کے بارے میں جو بھی مسائل ہیں، ان کی وجہ سے بلوچستان احساسِ محرومی کا شکار ہے۔ بلوچستان کو حقیقی اور جمہوری نمائندوں کی ضرورت ہے۔ میں آپ کو شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مولانا صاحب آپ کو اور بھی وقت ملے گا۔ سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔

## **Point of public importance raised by Senator Nadeem Ahmed Bhutto regarding political and economic conditions in the country.**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) بہت شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ میں گزشتہ تین Sessions میں کوشش کرتا رہا، ہاتھ اٹھا اٹھا کر میرا کندھا تھوڑا imbalance ہوگیا ہے۔ میں سوچ رہا تھا پتا نہیں مجھے اس بجٹ تک موقع ملے گا کہ نہیں ملے گا۔ ایک benchers schools میں نالائق شاگرد ہوتے ہیں، ہم لائق شاگرد بننے کی کوشش کریں گے تاکہ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Display کے حساب سے سب کو باری مل رہی ہے، یہاں پر جتنے بھی دوست بیٹھے ہیں ان سب کو باری ملے گی۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: محترم چیئرمین گیلانی صاحب موجود نہیں ہیں، میں انہیں اور Leader of the House, Leader of the Opposition and Parliamentary Parties کے Leaders اور نئے آنے والے تمام سینیٹرز کو مبارک باد پیش کرنا چاہ رہا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اپنی قیادت کا محترم صدر آصف علی زرداری صاحب، محترم بلاول بھٹو زرداری صاحب اور ادی فریال کا شکریہ ادا کرنا چاہ رہا تھا۔ میرا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے اور میں پیپلز پارٹی کا ایک ادنیٰ سا worker ہوں اور یہ پیپلز پارٹی کی خوبصورتی ہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے floor پر، ایوان بالا میں پیپلز پارٹی کی قیادت نے ایک worker کو سینیٹر بنا کر اس floor پر بھیجا ہے۔

جناب والا! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا میں صرف دو چار گزارشات کروں گا۔ اس وقت اس ملک کا جو اصل مسئلہ ہے وہ غربت، مہنگائی، بیروزگاری، امن و امان اور دہشت گردی ہے۔ حزب اختلاف میں جو میرے دوست بیٹھے ہوئے ہیں، اس پورے ایوان میں جتنی بھی پارٹیاں ہیں ان سب سے گزارش کروں گا کہ آئیں غربت کو کیسے ختم کیا جائے، مہنگائی کو کیسے دور کیا جائے، بیروزگاری کو کیسے ختم کیا جائے، امن و امان اور دہشت گردی سے کیسے نمٹا جائے، اس پر ایک debate ہونی چاہیے۔ اس کے ساتھ پاکستان پیپلز پارٹی جیسے ہی معرض وجود میں آئی تو اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی نے روٹی کپڑا اور مکان کا ایک منشور دیا تھا۔ آج بھی پاکستانی عوام اسی دائرے میں گھوم رہی ہے، آج بھی ان کا سب سے بڑا مسئلہ روٹی، کپڑا اور مکان کا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے کافی حد تک اس مسئلے کو address کیا اور روزگار بھی دیا۔ میری شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو کے لیے نعرے لگتے تھے کہ محترمہ آئے گی اور روزگار لائے گی۔ شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو کو روزگار دینے پر cases ہوئے، محترم چیئرمین یوسف رضا گیلانی پر بھی نوکری دینے پر cases ہوئے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ روزگار دیا ہے، روزگار چھینا نہیں ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ پارلیمنٹ کے بالادستی کی بات کی ہے۔ میں پہلے دن جب oath کے لیے آیا اور جب پارلیمنٹ میں داخل ہوا تو میرے نظر قائد محترم شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید کی تختی پر پڑی، مجھے فخر محسوس ہو رہا تھا کہ میرا تعلق اس جماعت سے ہے جنہوں نے اس ایوان کی بنیاد رکھی، جنہوں نے اس ملک کو آئین دیا۔ ایٹم بم سے لیکر آئین تک اور CPEC سے Thar Coal تک، آپ اگر detail میں جائیں دیکھیں گے ہر بڑا وہ project جس کا براہ راست فائدہ عوام کو ہوا ہے، اس کی بنیاد پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین نے رکھی ہے۔ آج بھی میرا لیڈر بلاول بھٹو زرداری صاحب کا یہ vision ہے اور وہ الیکشن campaign میں بھی یہ کہتے رہے کہ ہم نفرت، تقسیم اور انتشار کی سیاست کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا ہمیشہ clear role رہا ہے اور ہمیشہ سنجیدہ قسم کی سیاست کی ہے۔ اس وقت ملک کو جو بحران ہے، سب سے بڑا بحران معاشی اور سیاسی عدم استحکام ہے، اس معاشی اور سیاسی عدم استحکام کو ہم سب نے address کرنا ہے، اس کو ٹھیک کرنا ہے اور ملک کو اپنی صحیح سمت میں لیکر جانا ہے۔ جناب والا! Joint Session میں صدر زرداری صاحب کی جو تقریر تھی، میں اس پر بھی بات کرنا چاہ رہا تھا، اس حوالے سے بھی میں دو چار گزارشات کرلوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کے لیے ہمیں موقع ملے گا، بہت شکریہ۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب والا! میں صرف ایک منٹ لوں گا، میں اپنی تقریر کو windup کرنا چاہ رہا ہوں۔ میں آپ سے صرف یہ گزارش کروں گا کہ نفرت، تقسیم اور انتشار کی سیاست کا خاتمہ، غربت بیروزگاری اور مہنگائی کا خاتمہ، دہشتگری کا خاتمہ اور ہم سب نے مل کر روشن پاکستان کی بنیاد رکھی ہے جس کے لیے ہم سب یہاں پر موجود ہیں، آپ کا شکریہ۔ آپ سے یہ گزارش ہے جب صدر صاحب کی Joint Session کی تقریر پر debate ہو تو مہربانی کرکے مجھے موقع دیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ندیم بھٹو صاحب وہ آج کے agenda میں نہیں ہے، آپ کو یقیناً موقع ملے گا، آپ پرانے parliamentarian ہیں، آپ اس ایوان میں نئے ہیں۔۔۔۔۔جاری۔۔۔T-18۔۔۔

T18 – 29Apr2024 IMRAN/ED: WAQAS 07:50 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: (جاری ہے۔۔۔) اور اس ایوان میں آپ نئے ہیں لیکن ہم آپ کو بہت پرانا جانتے ہیں اور سندھ اسمبلی سے دیکھتے آئے ہیں۔ ہم آپ کے والد لعل بخش بھٹو صاحب کو سنتے ہیں۔ آپ کو اس پارلیمان میں تب موقع ملے گا جب یہ agenda پر ہوگا۔ جی جناب سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب پہلے آپ دنیش صاحب کو موقع دیں۔ان کی بتی آدھے گھنٹے سے جل رہی ہے۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: دنیش بھائی اگر آپ مہربانی کریں تو ضمیر گھمرو صاحب کو۔۔۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب میرے خیال میں اس کو آپ بند کردیں کیونکہ میں کوئی ایک گھنٹے سے اس کو بجا رہا ہوں۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: میرے پاس یہاں سے اس کو بند کرنے کا سسٹم نہیں ہے ورنہ آپ تو ایوان میں سب سے آخر تک بیٹھتے ہیں۔ میں تو صرف یہ کوشش کر رہا ہوں کہ ضمیر صاحب بیٹھے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: آپ پھر پانچ منٹ سے زیادہ وقت نہیں لیں گے۔

**Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding successful conclusion of Hanglaj Mela in Balochistan and abduction of six-year-old Priya Kumari in Sangrar, Sindh.**

سینیٹر دنیش کمار: جی بہت بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین میں سب سے پہلے آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کی بے توقیری کا اندازہ اس سے لگائیں کہ وزیروں کی تمام کرسیاں خالی ہیں۔ ہم کیا دیواروں سے باتیں کریں۔ جناب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ نے اس ایوان کا تقدس بحال کروانا ہے تو آج آپ اپنی چیئر سے ایک ruling پاس کروائیں کہ اگر کوئی وزیر یہاں حاضر نہیں ہوگا تو اس کو دس دن کے لیے معطل کر دیا جائے گا ورنہ اس طرح سے ایوان نہیں چلے گا کہ ہم بیٹھ کر یہاں دیواروں کو سنائیں یا یہاں بیٹھے صحافیوں کو سنائیں یا یہاں موجود چند visitors کو سنائیں۔ یہ عزت ہے ہماری اس ایوان میں۔ یہ تو ہماری تذلیل ہو رہی ہے۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: دنیش کمار صاحب! اصل میں بزنس ختم ہو گیا تھا تو اس وجہ سے۔۔۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب بزنس ختم ہو گیا تھا تو ہم تو موجود ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ منسٹر صاحب آئیں اور اپنا بزنس ختم کرکے چلے جائیں اور ہم فضول یہاں بیٹھے ہیں۔ یہ تو بہت عجیب بات ہے۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: دنیش کمار صاحب! آپ بہت قابل احترام ہیں اور ہر session میں آپ کو سنا جاتا ہے۔آج ہم گورنمنٹ کو لکھتے ہیں کہ آئندہ کم از کم ایک منسٹر یہاں پارلیمان میں موجود رہے گا۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! میں اب اپنے مدعے پر آتا ہوں۔ اپریل کی چھبیس، ستائیس اور اٹھائیس تاریخ کو ہنگلاج ماتا کا میلہ بلوچستان میں منعقد کیا گیا جہاں پر لاکھوں کی تعداد میں یاتری آئے۔ بلوچستان کی سرزمین پیار اور محبت کی سرزمین ہے۔ جو ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ پاکستان میں انتہا پسندی ہے اور عدم برداشت ہے، تو میں ان تمام کو دعوت دیتا ہوں کہ بلوچستان آئیں اور دیکھیں کہ ہنگلاج ماتا کے مندر میں کس آزادانہ طور پر لاکھوں یاتریوں نے اپنی مذہبی عبادت کی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جتنی برداشت اور مذہبی ہَم آہنگی بلوچستان میں ہے، پورے ملک میں آپ کو اتنی نہیں ملے گی۔

جناب چیئرمین! یہ ہمارے بلوچستان کی خوبصورتی ہے اور اس یاترا میں تقریباً نوے ہزار یاتری سندھ سے آئے اور ہم نے انہیں welcome کیا۔ کافی یاتری پنجاب سے آئے، ان کو ہم نے welcome کیا۔ میں بلوچستان گورنمنٹ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے یاتریوں کو تمام تر سہولیات فراہم کیں۔ میں اپنی پاک فوج کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہمیں security فراہم کی۔ میں اپنی law enforcement agencies کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس میلے کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔

جناب اعلیٰ! جہاں بلوچستان میں اتنی مذہبی ہم آہنگی ہے وہاں دوسری جانب سندھ میں پکے کے ڈاکو ہماری ہندو لڑکیوں کو زبردستی اسلام قبول کروا رہے ہیں۔ جناب! کچے کے ڈاکو تو لوگوں کو اغوا کرتے ہیں لیکن یہ پکے کے ڈاکو ہماری ہندو لڑکیوں کو زبردستی اغوا کرتے ہیں۔ حالانکہ آئین پاکستان اس ضمن میں ہماری حفاظت کرتا ہے کہ کسی کو زبردستی مذہب تبدیل نہیں کرایا جا سکتا۔ قران پاک میں ہے کہ (عربی میں آیت پڑھی) یعنی مذہب میں کوئی جبر نہیں۔ سورۃ الکافرون میں ہے کہ (عربی میں آیت پڑھی) یعنی آپ کا مذہب آپ کے لیے اور ہمارا مذہب ہمارے لیے۔ یہ ظالم لوگ نہ تو قران پاک کو مانتے ہیں اور نہ ہی آئین پاکستان کو مانتے ہیں اور ہماری بچیوں کو زبردستی مذہب تبدیل کرواتے ہیں۔

سندھ کی دھرتی صوفیوں کی دھرتی ہے۔ سندھ کی دھرتی سچل سرمست کی دھرتی ہے۔ سندھ کی دھرتی شاہ عبد اللطیف بھٹائی کی دھرتی ہے۔ سندھ کی دھرتی لعل شہباز قلندر کی دھرتی ہے۔ ان صوفیاء کرام کے خاص نائبین ہندو تھے اور انہوں نے عملی طور پر دکھایا کہ ہمارے ہوتے ہوئے انہوں نے کبھی کسی پر زور زبردستی نہیں کی۔ تو آج یہ کون پکے کے ڈاکو وہاں آگئے ہیں جو ہماری معصوم لڑکیوں کو اغوا کر کے مذہب تبدیل کروا رہے ہیں۔

جناب ظلم تو دیکھیں کہ سنگرار میں پریا کماری محرم کے مہینہ میں اپنے والدین کے ساتھ عزاداروں کو پانی پلا رہی تھی۔ اس چھ سال کی معصوم بچی پریا کماری کو اغوا کر لیا جاتا ہے۔ اب تک دو سال گزر چکے ہیں لیکن اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا اور پریا کماری کو جس نے اغوا کیا ہے

اس کا نام nominate ہے۔ وہ بھی پکے کا ڈاکو ہے مگر اس پر سندھ حکومت ہاتھ نہیں ڈالتی کیونکہ اس کے تانے بانے ایک سیاسی شخصیت سے ملتے ہیں۔ اس وجہ سے کسی کی جرات نہیں ہوتی کہ اس کو پکڑ کر جیل میں ڈالیں اور ہماری پریا کماری آزاد ہو سکے۔ اس کی وجہ سے ہماری پوری دنیا میں بدنامی ہو رہی ہے اور ہم آنکھیں بند کرکے بیٹھے ہیں۔ جناب یہ کبوتر کی طرح آنکھیں بند نہ کی جائیں کہ ان چند گندے انڈوں کی وجہ سے پورا ملک بدنام ہو رہا ہے۔

میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس پر ruling دیں۔ ہماری چھ سالہ معصوم بچی پریا کماری جو دو سال سے ظالموں کی قید میں ہے اور ہمیں یہ شک ہے کہ اس کو بھی مبینہ طور پر زبردستی مذہب تبدیل کروا دیا گیا ہے۔ جناب یہ ظلم کیوں ہوتا ہے؟ ان کو کہیں کہ بلوچستان سے سیکھیں۔ ہمارے بزرگ مولانا عبد الواسع صاحب جو یہاں موجود ہیں، ہمارا دن رات ان کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ہے اور کبھی بھی ہم پر ظلم اور جبر نہیں ہوا ہے تو سندھ میں یہ کیوں ہو رہا ہے۔

جناب پاکستان کا آئین مقدس ہے اور وہ اجازت دیتا ہے کہ یہاں پر تمام مذاہب کے لوگوں کو ان کے اپنے عقائد کی تبلیغ کا حق حاصل ہے مگر ہم وہ حق ابھی استعمال نہیں کرتے۔ ہم غیر مسلموں نے کسی کو تبلیغ نہیں کی۔ ہم نہیں کرتے۔ ہمیں بھگوان شری کرشن نے کہا ہے کہ آپ کی نجات آپ کے اپنے مذہب میں ہوگی تو ہمیں ضرورت نہیں ہے۔ ہماری بچیاں مال غنیمت نہیں ہیں۔ جناب اعلیٰ! یہ ہمارے ساتھ ظلم ہو رہا ہے اور اس پر آپ ruling دیں۔ اس پر تحقیقات کروائیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس پر joint investigation team بنی ہے اور وہ joint investigation team ان ظالموں کو جنہوں نے پریا کماری کو اغوا کیا ہے، ان کو ٹھنڈے airconditioned کمروں میں بٹھا کر ان سے پوچھ گچھ کر رہی ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ ہمارے پاس جو مرچی وارڈ جیل بنی ہے، اس میں ان کو بھیجیں تاکہ ان کو پتہ چلے اور وہاں وہ فر فر بکیں گے کہ انہوں نے پریا کماری کو کہاں رکھا ہوا ہے۔

جناب اعلیٰ! یہ سوچیں کہ یہ ہمارے ملک پاکستان کا مسئلہ ہے۔ ہمارا دشمن ملک ان معمولی واقعات کی وجہ سے میرے عزیز وطن، میری جنم بھومی، میری ماتا پاکستان پر انگلیاں اٹھا رہا ہے۔ جناب اس پر کچھ نہ کچھ کریں ورنہ اگر ہم اسی طرح سے بند ہوتے رہیں گے تو ایک وقت ایسا بھی آئے گا کہ آپ کو یہاں سے ہندو مذہب کا خاتمہ ہوتا نظر آئے گا۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: دنیش کمار صاحب! گو کہ یہ devolved subject ہے لیکن آپ نے ایک اچھی طرف نِشان دِہی کی ہے۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ پچھلے دنوں سندھ کے میڈیا میں بھی آپ نے دیکھا ہوگا کہ چیف منسٹر صاحب نے بھی اس طرف نشان دہی کی ہے اور

موجودہ ہوم منسٹر صاحب نے بھی اس پر رپورٹ منگوائی ہے۔ تو اس ایوان کی تشفی کے لیے ہم بھی رپورٹ منگوا لیتے ہیں تاکہ ہم جائزہ لیں کہ وہاں اس پر ابھی تک کیا پیشرفت ہوئی ہے۔ یہ کسی ایک اقلیت کا نہیں بلکہ ہم سب کا اور مملکت پاکستان کا مسئلہ ہے۔ اس کی ہم رپورٹ منگوا لیتے ہیں اور ہم اس پر مزید آگے کارروائی کریں گے۔ بہت شکریہ۔

## Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding the alleged corruption of PASSCO zonal head in Balochistan.

سینیٹر دنیش کمار: جناب میں ایک اور مسئلے پر بات کروں گا جو بلوچستان کے لوگوں کو درپیش ہے۔ جناب اعلیٰ! وہاں پر جو ابھی گندم کی فصل ہوئی ہے اس حوالے سے بلوچستان کے نصیرآباد ڈویژن، جس سے آپ بھی واقف ہوں گے، وہ بلوچستان کا ایک زرعی علاقہ ہے۔ وہاں بے چارے کسانوں نے گندم کاشت کی۔ اب PASSCO کی جانب سے پورے پاکستان میں اٹھارہ لاکھ جو کہ 1.8 ملین بنتا ہے، گندم کی بوریوں کی خریداری کی گئی جس میں سے بلوچستان کے لئے ایک یا ڈیڑھ لاکھ بوری کا کوٹہ رکھا گیا۔ جناب وہ دو لاکھ بوری کا کوٹہ بھی ہمیں قبول ہے مگر میں اس ایوان میں انکشاف کر رہا ہوں کہ ڈیرہ اللہ یار PASSCO کے zonal head نے، یہ ڈیرہ اللہ یار بلوچستان کا علاقہ ہے۔، اس کے لئے PASSCO zonal head شوکت شاہ کو مقرر کیا گیا ہے۔ (T19 پر جاری ہے)

T19-29APR2024 ASHFAQ/ED.AHSAN 8.00PM

سینیٹر دنیش کمار (جاری)۔۔۔: ڈیرہ اللہ یار بلوچستان کا علاقہ ہے، اس کے لیے PASSCO Zonal Head شوکت شاہ کو مقرر کیا گیا ہے جو پکے کا ڈاکو ہے، اس کو وہاں پر رکھا گیا ہے اور اس نے دکانداری شروع کی ہوئی ہے۔ ہمارے کسانوں سے ایک ہزار روپے لے کر باردانہ دے رہا ہے اور اپنی جیبیں بھر رہا ہے، غریب کسان کو کچھ نہیں مل رہا کیونکہ اس نے agents رکھے ہوئے ہیں۔ جناب! میں کہتا ہوں کہ آپ Food Security سے رپورٹ منگوائیں کہ بلوچستان میں سندھ کے علاقے سے Zonal Head کیوں مقرر کیا گیا ہے اور اس کی کیا وجہ ہے کہ غریب کسانوں کو بوریاں نہیں مل رہیں، ان کے agents ایک ہزار روپے لے کر ان کو بوریاں دے رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دنیش کمار صاحب! آپ کا شکریہ۔ سینیٹر ضمیر گھمرو صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Zamir Hussain Ghumro regarding the Provincial autonomy and socio-economic issues**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب! آپ کا شکریہ۔ جناب! یہاں پر جو باتیں ہوئیں، میں ان کے context میں بات کروں گا۔ پہلے اس concept کو clear کرنا چاہیے کہ Federal Government اس ایوان کو جوابدہ ہے، یہ Constitution کے Article 91 میں ہے۔ یہاں پر mostly جو matters آتے ہیں، وہ provincial Governments کے آتے ہیں، Provincial Governments are not responsible to the Parliament, they are responsible to the Provincial Assembly. ہماری constituency صوبہ ہوتا ہے تو صوبے کے لحاظ سے جو مسئلہ وفاقی حکومت سے connected ہے، اس پر بات کر سکتے ہیں۔

جناب! یہاں کئی باتیں ہوئیں، ان کو politically بڑا angle دیا گیا۔ خاص طور پر انتخابات میں ہماری پارٹی سے زیادہ کسی پارٹی سے زیادتی نہیں ہوئی۔ ہم سے 6 elections چرائے گئے ہیں، ہم بھی اس system کا حصہ ہیں اور 2002 میں کیا ہوا تھا، اچانک Patriot party بنائی گئی تھی، اس کے بعد کس کی حکومت بنی؟ ہم نے Election Tribunal میں petition دی ہے اور وہاں پر petitions پڑی ہیں۔ ہم نے legal process اپنایا ہے، ہم نے قانون اور آئین کا دامن نہیں چھوڑا۔ میرے خیال میں یہ complains ہر elections میں رہی ہیں کیونکہ ہم اس system کا حصہ ہیں اور ہم اس ایوان میں بیٹھے ہیں اور ہم نے legal process ہی اپنایا ہے۔

جناب! یہاں پر solar کے حوالے بات ہوئی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کا solar کے حوالے سے منشور ہے، ہم solar سے مفت بجلی دیں گے کیونکہ solar energy is the provincial matter. Solar کو regulate صوبائی حکومت کر سکتی ہے۔ وفاقی حکومت کے بجلی کی مد میں دو کام ہیں، ایک Hydro and Thermal power سے بجلی پیدا کرنا اور inter-provincial lines بچھانا۔ باقی صوبے میں بجلی کی تقسیم کاری، لائنیں بچھانا، ٹیرف مقرر کرنا، consumption tax لگانا، صوبے میں بجلی generate کرنا، یہ صوبائی حکومت کا کام ہے۔ بدقسمتی سے یہ کام وفاقی حکومت نے لیا ہوا ہے۔ Article 157 میں clearly لکھا ہوا ہے کہ وفاقی حکومت کے صرف دو کام ہیں Thermal and Hydro with the permission of provincial Government

installation کرے۔ نمبر دو یہ ہے کہ اگر صوبے چاہیں توان کو bulk میں بجلی دے دیں۔ صوبے کے اندر جو بجلی کا نظام ہے، وہ Article 157 میں صوبائی ہے۔ Thermal and Hydle energy کا سارا صوبائی کام ہے۔ وہاں پر صوبے میں organizations بنی ہوئی ہیں، ہمارا Energy Board بنا ہوا، جیسے wind power ہے یا solar ہے۔

جناب! ہم coal سے بجلی پیدا کرتے ہیں لیکن وہ سستی بجلی ہوتی ہے اور وہ grid میں چلی جاتی ہے تو ہم اپنے اعوام کو سستی بجلی نہیں دے سکتے۔ اس وجہ سے نہیں دے سکتے کہ یہ سارا نظام bureaucracy نے takeover کیا ہوا۔ ہمارے منشور میں ہے، چیئرمین بلاول بھٹو زداری نے اعلان کیا تھا کہ بجلی مفت فراہم کریں گے.to the extent of 300 units جناب! دوسری بات یہ کروں گا کہ Board of Venue میں shakeup ہوا ہے، پہلے Central Board of Revenue ہوتا تھا، اب Federal Board of Revenue ہے لیکن .unfortunately this is not a Federal اس میں سارے صوبوں کی برابر نمائندگی نہیں دی گئی ہے۔ یہاں پر جو shakeup ہوا ہے، سندھ کے افسران کے ساتھ بڑی زیادتی ہوئی ہے کیونکہ چیئرمین صاحب ان سے junior ہیں اور they are very reputed officers. ان کو کھڈے لائن لگایا گیا ہے یا ان کے خلاف action ہوا اور they are very honest officers. میں point out کرنا چاہتا تھا لیکن یہاں پر کوئی وزیر نہیں ہے۔

جناب! میرے دوست نے پریا کماری کا ایک issue raise کیا ہے، یہ provincial matter ہے، ہم اس کو بالکل condemn کرتے ہیں اور ہم ایسے ہی دکھی ہیں جیسے سینیٹر دنیش کمار صاحب ہیں۔ ہم minorities کے بارے میں sensitive ہیں اور سندھ میں جو بھی اس طرح کے issues ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی نے ان پر action لئے ہیں اور ان کو solve کیا ہے۔ ہماری minorities کے بارے میں policy واضح ہے کہ ہم ان کو کسی قیمت پر protect کرتے ہیں، ان کو اولیت دیتے ہیں۔ یہ واقعہ ہوا ہے، اس میں جو بھی ملوث ہے، چاہے وہ کتنا ہی influential ہو، اس سے کسی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی۔ اس میں بڑی کمیٹی بھی بنی ہے اور اس پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صاحب نے اعلیٰ سطح پر action لیا ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب! آپ اپنی بات کریں، اس پر جواب حکومت دے گی اور ہم نے سینیٹر دنیش کمار صاحب کے کہنے پر report call کی ہے۔ آپ اگر کوئی اپنی بات کرنا چاہیں تو آپ اس کو آگے بڑھائیں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: میں یہی بتانا چاہ رہا تھا، آپ نے حکومت سندھ سے جو فرمایا ہے، وہ بجا فرمایا ہے۔ بلوچستان کے حوالے سے گیس کی بات کی گئی ہے، اب پورے پاکستان میں gas 70% سندھ پیدا کر رہا ہے لیکن unfortunately Article 172 پر ابھی تک عمل نہیں ہوا، وہ devolution کا issue رہتا ہے۔ گیس companies میں بلوچستان اور سندھ کی نمائندگی نہیں ہے، ہم اس حوالے سے proposal پیش کریں گے۔ یہ مسئلہ رہا ہے کہ ان کی employments یا جو boards ہیں، اس میں provinces کے representatives نہیں ہیں۔ وہاں سے جو بات آئی ہے، میں اس کی تائید کرتے ہوئے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب! اس پر صحافی بہت لکھتے رہے ہیں کیونکہ ہماری oversight ہے، ہم یقینی طور پر یہ چیزیں discuss کریں گے۔ آپ کا بہت شکریہ اور آپ کی بہت مہربانی۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! آپ کا شکریہ۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ پہلے وقت ملے۔ ہمارے ہاں old time میں ایک مولوی آتا تھا اور مجالس پڑھتا تھا، وہ صبح تین، چار بجے کہتا تھا کہ سارے لوگ سوئے ہوئے ہیں، میں کس کس کو جگاؤں۔ ایوان خالی ہے تو کیا بات کریں اور کس کو سنائیں اور بڑی بات یہ ہے کہ صحافی بھی چلے گئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! سارے لوگ بیٹھے ہیں، آپ بولیں۔

## Point raised by Senator Saifullah Abro regarding political and economic situation in the country

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ کوشش کریں اور میں بھی کوشش کرتا ہوں۔ جناب! اجلاس کو کوئی تین دن ہو گئے ہیں اور مسائل بہت ہیں، اچھی بات ہے کہ ہم اس ملک کے مسائل کے حل کے لیے بیٹھے ہیں۔ ایک tradition ہوتی ہے، ہم چند دوست بیٹھے ہیں، کچھ بلوچستان کے دوست اور کچھ سندھ کے دوست ہیں۔ قبائلی علاقوں میں ایک بڑی tradition ہوتی ہے کہ جب بھی کوئی جرگہ ہوتا ہے، وہ مسئلے کے حل کے لیے ہوتا ہے اور اس مسئلے کو حل کیا جائے جب لوگ جرگے میں بیٹھتے ہیں۔ ان کی پہلی خواہش یہ ہوتی ہے کہ سچ بولا جائے، کوئی بھی بندہ جرگے میں آ کر جھوٹ نہیں بولتا۔ اس کی بنیاد یہ ہے کہ جرگہ آپس میں مل بیٹھنے کی ایک جگہ ہے اور وہاں پر جب حق اور سچ کی بات کی جاتی ہے تو مسئلہ بالکل حل ہو جاتا ہے۔ آپ یقین کریں کہ ایک مرتبہ یہ بھی ہوا کہ سندھ میں ایک جرگہ ہوا، آپ کو پتا ہے کہ جتنے قتل ہوتے ہیں، اس پر جرمانہ

ہوتا ہے۔ ان کی باتیں final ہو گیئیں، میں اس جرگے میں بیٹھا ہوا تھا تو ایک آدمی اٹھا اور اس نے کہا کہ ہم نے آپ کے دو قتل کیئے ہیں جو فلاں لوگ تھے، آپ نے وہ count نہیں کیئے۔ بے شک مجھ پر جرمانہ ہو گا لیکن میں یہاں پر جھوٹ نہیں بول سکتا۔

جناب! بات یہ ہے کہ یہاں پر ہم چاہتے ہیں کہ مسائل کا حل بھی ہو، ہم یہاں پر یہ بھی چاہتے ہیں کہ ملک آگے بھی بڑھے لیکن سچ تو بولیں۔ یہاں پر ایسی باتیں کی گئیں، آپ یقین کریں اور آپ اس چیز کے گواہ ہیں۔ ہمارے سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب چلے گئے ہیں، وہ اس بات کے گواہ ہیں کہ ان کو جب arrest کیا گیا تھا اور جب شہباز گل کو arrest کیا گیا تو میں اپنی حکومت سے واحد بندہ تھا جس نے اس ایوان میں اٹھ کر کہا تھا۔ آپ نے عرفان الحق صدیقی صاحب کو arrest کیا تھا، وہ بھی اچھی بات نہیں تھی اور جب اس PDMA حکومت نے شہباز گل کو arrest کیا ہے تو یہ بھی اچھی بات نہیں ہے۔ جیل ہمیشہ political لوگوں کے لیے بنی ہے، کسی اور کے لیے نہیں بنی، ہم political لوگ جب تک نہیں سدھریں گے، ہم اپنی چیزیں سیدھی نہیں کریں گے تب تک ایک باری کسی کی ہے، کبھی کسی اور کی باری ہے، یہ 1988 سے چل رہی ہے، یہ آج کل کی نہیں ہے۔

جناب! 1988 میں جب بے نظیر صاحبہ کی حکومت آئی، ان کی حکومت کو 18 ماہ سے زیادہ نہیں چلنے دیا گیا تھا۔ اس کے بعد آپ نے دیکھا، دو سال حکومت چلی پھر دوبارہ حکومت آئی۔ یہ حکومتیں دو اور ڈیڑھ سال چلتی تھیں اور دوسری parties غلط کام کو assist کرتی تھیں۔ ہمیں پہلے یہ سوچنا پڑے گا کہ ہم ان چیزوں سے نکلیں۔ مجھے کم از کم اس ایوان میں یہ سننے کو ملا کہ جو ساری برائی کی جڑ ہے، وہ 2018 سے لے کر تین سال آٹھ مہینے PTI کی Government ہے۔ --آگے---T20

**T20-29April2024 Tariq/Ed: Waqas. 08:10 pm**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو۔۔۔ جاری۔۔۔ یہاں اس ایوان میں کم از کم مجھے یہ سننے کو ملا کہ ساری برائی کی جڑ 2018 سے لے کر تین سال آٹھ ماہ تک PTI کی حکومت ہے، جو بھی غلط کام ہوئے اس دور میں ہوئے، 1947 سے 2018 تک معیشت بھی ٹھیک تھی، تین سال اور آٹھ ماہ میں تباہی ہوئی، پھر جب PDM کی حکومت آئی تو اس نے ماشاء اللہ سے صحیح کرنے کی کوشش کی لیکن انہیں وقت نہیں ملا۔ ابھی انہیں دوبارہ وقت ملا ہے۔ PDM کی حکومت فراخ دلی سے یہ بتائے کہ انہیں حکومت کرنے کے لیے کتنا وقت چاہیے، till death یا کوئی tenure? اگر انہیں دس سال چاہیئیں تو میں اپنی جماعت سے پہلا سینیٹر ہوں میں ان کو لکھ کر دوں گا کہ خدا کے واسطے اگر پاکستان کے مسائل آپ کے ان دس سالوں میں حل ہوتے ہیں، پاکستان کی روپے کی قدر بڑھتی ہے، یہاں سے غربت ختم ہوتی ہے، یہاں سے بے روزگاری ختم ہوتی ہے تو میں PTI سے پہلا سینیٹر

ہوں گا جو انہیں ووٹ بھی دوں گا اور ان کی حمایت بھی کروں گا یا اگر انہیں till death time چاہیے تو وہ تو میں بھی نہیں دے سکتا ہوں۔ زندگی تو خدا کے ہاتھ میں ہے، بات یہ ہے کہ ماضی میں ایسی ایسی باتیں ہوئی ہیں، آپ حقائق پر آ جائیں۔

ابھی اس الیکشن کی بات ہوئی۔ مولانا عطاء الرحمٰن صاحب نے بہت زبردست بات کی، انہوں نے کہا کہ 2018 کے الیکشن کو ہم نہیں مانتے ہیں۔ ہم بھی 2018 کے الیکشن کے بعد تین سال اور آٹھ ماہ کی حکومت میں selected, selected کی گالیاں سنتے آئے، گھر جاتے تھے تو یہ ڈر ہوتا تھا کہ بیوی کھانا دے گی تو وہ نہ کہے کہ selected کھانا ہے، اس بات کا ڈر لگتا تھا کہ selected لوگ ہیں۔ انہوں نے اس چیز پر اتنا غصہ دکھایا تھا لیکن آپ حقیقت کو تو دیکھیں۔ مولانا صاحب نے کہا کہ ہم 2018 کے الیکشن کو نہیں مانتے، ہم ابھی بھی نہیں مانتے۔ مولانا صاحب آپ بالکل نہ مانیں لیکن ایک چیز یاد رکھنی چاہیے کہ 2018 کے الیکشن کو آپ تب تک نہ مانیں جب تک PTI کی حکومت تھی لیکن اسی 2018 کے الیکشن کے بعد اپریل 2022 میں حکومت لی، اس کا حصہ رہے اور اس حکومت میں آپ کے 06 منسٹرز تھے۔ کبھی بھی ماضی میں آپ کو 15 MNAs پر 6 منسٹریاں نہیں ملیں۔ آپ کو تو اپریل 2022 میں ہی اعلان کرنا چاہیے تھا جب خان صاحب کی حکومت گئی اور آپ کا حق تھا وہ الگ چیز ہے اور اس بحث میں ہم نہیں پڑتے کہ وہ کیسے ہوا لیکن اگر PDM کی تمام جماعتوں کو یہ افسوس اور شکایت تھی کہ RTS صحیح نہیں تھا تو میں زیادہ بات نہیں کروں گا لیکن باقی صوبوں میں بھی RTS کے تحت ہی الیکشن ہوا تھا جن میں بلوچستان اور سندھ بھی شامل ہیں۔ ہم اور آپ ایک TV talk show میں بیٹھے تھے وہاں بھی یہ discuss ہوا تھا کہ وہ یہی RTS تھا۔ 2018 کے الیکشن پر objection کرنے والوں نے اپریل 2022 میں مل کر حکومت کیوں بنائی؟ انہیں پہلے کہنا چاہیے تھا اور حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک انقلاب کی بنیاد ہوتی کہ تمام جماعتیں یہ کہتیں کہ ہم بنیادی طور پر اس الیکشن کو نہیں مانتے اس لیے ہم حکومت بھی نہیں بنانا چاہتے۔ آج آپ ہی جیت کر آتے۔ اس وقت ہم TV talk shows پر آتے تھے تو یقین کریں کہ ہم بھی defend نہیں کر پاتے تھے، ایسی مہنگائی اور مختلف چیزیں تھیں، جب ہم کسی TV channel پر جاتے تھے تو گیٹ پر جاتے ہی anchor پوچھتا تھا کہ اڑو صاحب ڈالر بڑھ گیا ہے۔ میں کہتا تھا کہ ڈالر میری ذاتی ملکیت تو نہیں ہے لیکن ایسے حالات تھے۔

ابھی 2024 کے الیکشن کے بارے میں بھی ابھی ایوان میں ایسے سننے کو ملا کہ جیسے کسی کو چھتر مارتے ہیں، جیسے پولیس سٹیشن پر کوئی آتا ہے تو پولیس والا اسے دو چھتر مار کر آگے چلا جاتا ہے، ایسا نہ کریں۔ اگر آپ واقعی چاہتے ہیں کہ PTI آپ کے ساتھ بیٹھے تو فراخ دلی سے آپ اپنی غلطیاں بھی مانیں۔ تین سال اور آٹھ ماہ کی ہماری جو غلطیاں ہوں گی اس کے لیے ہم خدا سے بھی معافی مانگتے ہیں اور آپ سے بھی التجا کریں

گے کہ آپ بھی اسے در گزر کریں اور پاکستان کے لیے آگے بڑھیں لیکن ہمیں اسی روز اس ایوان کی اگلی third chair سے یہ طعنہ دیا گیا کہ ہم نے election tribunals میں کتنے مقدمات کیے لہٰذا الیکشن صحیح ہے۔ وہ ہمارے colleagues ہیں، میں انہیں یاد دلانا چاہتا ہوں اور کہتا ہوں کہ سچ بولیں، 2018 میں جب الیکشن ہوئے تھے تو Election Tribunals میں 292 election petitions دائر ہوئی تھیں، میں صرف نیشنل اسمبلی کا بتاتا ہوں۔ PTI بڑی جماعت تھی جس نے 23 سیٹوں پر فیصلوں کو challenge کیا تھا، PDM کی دو بڑی جماعتوں نے قومی اسمبلی کے 23 نتائج کو challenge کیا تھا تو پھر آپ کیسے کہتے ہیں وہ الیکشن غلط تھے، اس لیے ان چیزوں پر نہ جائیں اور آگے بڑھیں۔

مسائل کو حل کرنے کے لیے الیکشن کے rules ہیں۔ چلیں آپ سب باتیں چھوڑ دیں اور اتنی فراخ دلی دکھائیں کہ خیبر پختونخوا کے جو سینیٹ کے الیکشن ہونے ہیں، جیسا کہ ابھی مولانا صاحب نے کہا وہاں الیکشن نہیں ہوئے اور ہمارے ساتھ بہت ظلم ہوا، جناب ظلم تو PTI کے ساتھ ہوا ہے۔ الیکشن کے قوانین کیا کہتے ہیں۔ الیکشن کا Article 51 کہتا ہے، میں صرف دو صوبوں کی بات کرتا ہوں۔ پنجاب میں 297 General seats ہیں، اس پر 75 special seats بنتی ہیں۔ اس طرح وہاں پر 3.96 average seat پر بنتی ہے، ہمارے وہاں پر 106 ممبرز تھے، ہماری 27 سیٹیں چھینی گئیں۔ بھائی آپ 3.96 کے حساب سے اپنی سیٹ لیں گے ناں، بے شک ہمیں سیٹیں نہ ملیں، کسی بھی مجبوری سے، کسی بھی ادارے یا الیکشن کمیشن کی اجارہ داری سے اگر ہمیں سیٹیں نہیں ملتیں تو کوئی غم نہیں، آپ فراخ دلانہ فیصلہ کریں کہ یہ سیٹیں ہمارا حق نہیں ہے، ہم نہیں لیں گے، تب تو بات بنتی ہے اور میں بھی سمجھوں گا کہ واقعی آپ پاکستان کے مسائل کا حل چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! ہماری 106 سیٹیں تھیں، اس کے نتیجے میں ہماری سینیٹ کی تین سیٹیں گئیں۔ 45 اراکین کی sitting strength پر ایک سیٹ ملتی تھی، جنرل سیٹوں پر ہمارے دو سینیٹرز آئے جو آگے بیٹھتے ہیں۔ Technocrat کی ایک سیٹ 118 اراکین پر ملتی تھی، 27 سیٹیں 106 تو میری 133 سیٹیں بن رہی تھیں، ہماری جماعت کی 133 سیٹوں کی جگہ پر ہمیں 106 تک پابند کیا گیا ہے جس سے ہماری ایک جنرل سیٹ چلی گئی جو 45 پر آنی تھی۔ ایک ہماری technocrat seat چلی گئی اور ہماری ایک women seat چلی گئی۔ ابھی بھی آپ ایوان میں دیکھیں تو ہم ہی اپنی family کے ساتھ بیٹھے ہیں، یہاں ہماری تین سینیٹرز بیٹھی ہیں۔ ہم تو آخر تک ذمہ داری کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ تو کیوں ایک بڑی جماعت جس کی پنجاب میں حکومت ہے اسے یہ خیال نہیں آیا۔ ان کا نعرہ تھا کہ ووٹ کو عزت دو تو یہ ووٹ کو عزت دینا ہے یا ووٹ کو ذلیل کرنے والی بات ہے۔

ابھی میں خیبر پختونخوا کی طرف آتا ہوں۔ مولانا صاحب یہاں سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہاں پر ٹوٹل General seats 115 ہیں، وہاں پر special seats 30 ہیں، 3.84 کے تناسب سے ایک special seat بنتی ہے۔ مجھے یہ بتائیں کہ ان کی چھ سیٹیں ہیں، انہیں دو special seats بھی نہیں ملتیں، اس وقت یہ ہماری seats 12 کیسے چھیننے جا رہے ہیں؟ seats 12 ہماری PTI کی ہیں۔ اب آپ مسلم لیگ (ن) کی طرف آ جائیں، ان کے پانچ MPAs تھے، پانچ پر ایک special seat بنتی ہے، آپ کیسے اس پر seats 11 لیتے ہیں؟ خدا کے بندو، آپ Prime Minister بن گئے، بڑے بڑے ایوان آپ کے ہاتھ آ گئے، یہ چھوٹی سی لالچ آپ لوگوں سے نہیں جاتی، پھر آپ کہتے ہیں کہ آؤ مل کر ہمارے ساتھ بیٹھو، یہ تو ایسی ہی مثال ہے کہ ایک ڈاکو کسی کے گھر میں گھسے، وہاں پر ڈاکہ ڈالے، وہاں پر تباہی پھیر دے، پھر وہاں بیٹھ کر ان سے کہے کہ آؤ میرے ساتھ ناشتہ کرو۔ بھائی وہ کیسے آپ کے ساتھ ناشتہ کرے؟ ہم تب ایسا کر سکتے ہیں کہ آپ کم از کم اتنا مانیں، چلیں ہمارا حق واپس نہ دیں لیکن اتنا تو کہیں کہ ہاں ہم نے ڈاکہ ڈالا ہے، ہم مانتے ہیں، آپ کو واپس کرتے ہیں۔ چلیں آپ واپس نہیں کرتے لیکن مانیں تو سہی ناں کہ ڈاکہ ڈالا ہے۔ یہ surety دلائیں کہ دوبارہ نہیں ڈالیں گے پھر بھی ہم آپ کے ساتھ بیٹھیں گے۔ ہمارے ووٹوں پر ڈاکہ کیوں ڈالتے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں کسی بھی پارٹی کا کوئی حق نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہاں سے PTI کے دس سینیٹرز آنے ہیں۔ یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، ہم ابھی بھی اس ایوان میں بیٹھے ہیں، 85 ارکین موجود ہیں، ایوان ہے جہاں پاکستان کے حوالے سے overall business چل رہا ہے لیکن کم از کم آپ تمام لوگ جب اتنے انقلابی بنے ہیں اور ہمیں اپنے ساتھ بیٹھنے کے لیے کہتے ہیں تو ہم آپ کے ساتھ بیٹھتے ہیں، آئیں شروع کریں۔ ہماری بہن انوشہ رحمٰن بیٹھی ہیں، میں ان سے بھی گزارش کرتا ہوں، ہمارے پیپلز پارٹی کے دوست بھی بیٹھے ہیں، آئیں اور اپنی جماعتوں کو یہ رائے دیں کہ چلیں بہت ہو گیا۔ یہاں کی Chairmanship آ گئی، Deputy Chairmanship بھی آ گئی، آپ کو کمیٹیاں بھی مل جائیں گی، کم از کم خیبر پختونخوا کے الیکشن میں فراخ دلی دکھائیں اور کہیں کہ نہیں، یہ ان کی سیٹیں ہیں۔ بے شک ہمارے ان لوگوں کی غلطی کی وجہ سے یا deliberately کسی ادارے کی وجہ سے ہمیں سیٹیں نہیں ملیں تو آپ اپنا دل بڑا کریں اور کہیں کہ ٹھیک ہے اگر آپ PTI کو سیٹیں نہیں دیتے تو ہمیں بھی نہیں چاہییں، آپ وہاں سے شروعات تو لیں۔ یقین کریں یہ اتنا اچھا پیغام پورے پاکستان میں جائے گا، باقی ایک ایک سیٹ کی وجہ سے کیا ہو گا؟ دو یا تین سینیٹرز آئیں گے، اس سے کیا ہو گا؟ یہ گلے کا طوق ہے، یہ 2024 کا الیکشن گلے کا طوق ہے جس کا بوجھ بڑی جماعتیں بلاوجہ نہ اٹھائیں، آپ آئیں، ہم آپ کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ اگر آپ لوگ بیٹھ کر کہیں گے کہ نہیں ہم آپ کو [***] بھی دیں گے، آپ کو بٹھائیں گے بھی تو ایسا نہیں ہو گا۔ ہم نے بھی چوڑیاں نہیں پہنی ہوئی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: [***][2] کے لفظ کو حذف کیا جاتا ہے۔[***]کے لفظ کو ہم اس میں سے نکالتے ہیں۔ آپ نے جو کہا کہ [***] دے دیں گے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: کون سا لفظ جناب؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ نے ابھی کہا[***] دے دیں گے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: کہاں سے نکالنا ہے؟ نکال دیں۔ نکال دیں کوئی بات نہیں جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نکال دیتے ہیں، بہت شکریہ۔ بہت مہربانی۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب مجھے صرف دو منٹ کا وقت دے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، آپ نے پانچ منٹ سے زیادہ وقت لے لیا ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب یہاں پر باقی لوگ تو آدھا آدھا گھنٹہ بولے ہیں۔ میں تو آپ سے ایک التجا کرتا ہوں کیونکہ آپ بھائی بھی ہیں، آپ سے تعلق بھی ہے۔ یقین کریں کہ آپ کے آج آنے پر میں نے اتنی desk بجائی ہے کہ کسی اور نے اتنی نہیں بجائی ہے، آپ کے اپنے لوگوں نے بھی اتنی نہیں بجائی ہو گی۔ اس وجہ سے تو مجھے تھوڑا اور وقت دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ میں یہ یاد رکھوں گا، بہتر ہے پونجو بھیل صاحب کو وقت دیں۔ آگے جاری۔۔۔(T-21)

T21-29April2024 Naeem Bhatti/ED: Khalid 8:20 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت مہربانی، میں یہ یاد رکھوں گا۔ بہتر ہے کہ پونجو بھیل صاحب کو وقت دیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب والا! یہ سارے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، میں دو منٹ لوں گا۔ مجھے آج آٹھ بجے سونا تھا، میں سو بھی نہیں سکا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ابڑو صاحب، بات کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب والا! ایک بات حقیقت ہے جسے ہمیں ماننا پڑے گا۔ میں نے اس دن بھی تقریر کی تھی، میں آج دوبارہ کہتا ہوں، آج جیسے سعدیہ بہن نے point highlight کیا، یقین کریں یہ پارٹی والی بات نہیں ہے، ہم سب لوگ بیٹھے ہیں، ہر پارٹی میں ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں، ہر پارٹی میں ٹھنڈے دماغ والے لوگ بھی ہوتے ہیں۔ ہم سب یہاں بیٹھ کر اچھا کام کریں لیکن ایسا کام نہ کریں۔ ہاں!

[2] [Wor expunged as ordered by the Chair]

یہاں الیکشن کمیشن پر بہت تنقید ہوتی ہے۔ جناب والا! ہم ایٹمی ملک ہیں، بے شک ہم عدلیہ میں position 139 پر ہیں، بے شک ہمارا GDP 1.5 ہے لیکن الیکشن کمیشن کا جیسا کمال ہے، جیسے rigging میں اس کی grip ہے، ایسا دنیا کے کسی ملک میں نہیں ہے۔ ہر الیکشن میں کبھی پیپلز پارٹی، کبھی مسلم لیگ (ن)، کبھی PTI, ہم ایسے جھانسے میں آجاتے ہیں کہ پتا ہی نہیں لگتا لیکن ان لوگوں کو سلام پیش کرنا چاہیے کہ جیسے وہ الیکشن کو manage کرتے ہیں۔ آپ نے دیکھا کہ 2024 میں کیا ہوا کہ Form 45 تو دیا لیکن پھنس گئے، انہیں معلوم نہیں تھا کہ عوام نے کیا کیا، سارے عوام عمران خان صاحب کے پیچھے۔ انہوں نے بعد میں Form 47 جاری کیا کہ اس پر گزارہ کریں۔ انہوں نے نئی technique ایجاد کی جب ضمنی الیکشن 21 تاریخ کو ہوئے۔ جناب والا! پورے کے پورے بنڈل تھے اور ایسے ہی ڈبوں میں ڈال دیے، میں الیکشن کمیشن کو سلام پیش کرتا ہوں کہ جیسے انہوں نے پوری کی پوری book ایسے ہی ڈبے میں پھینک دی کہ گنتے رہیں۔ میرے خیال میں 2029 میں ہونے والے الیکشن میں ڈبوں پر لکھا جائے کہ مسلم لیگ (ن) کے اتنے ووٹ، پیپلز پارٹی کے اتنے ووٹ، PTI کے اتنے ووٹ، جس جس کی قسمت ہوگی اسے مصیبت جھیلنی پڑے گی۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ پونجو بھیل صاحب۔

## **Point raised by Senator Poonjo Bhel regarding representation of minorities in the assemblies and Senate and political struggle of Pakistan Peoples' Party**

سینیٹر پونجو بھیل: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کی بہت مہربانی کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ جناب چیئرمین! آج جس حوالے سے بہت ساری باتیں ہو رہی ہیں تو میں بھی یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی واحد popular party ہے جس کی اگر آپ ساری تاریخ اٹھا کر دیکھیں، آپ 1973ء کا آئین دیکھیں آج جس کو تمام سیاسی پارٹیاں بہتر سمجھ رہی ہیں۔ اس لیے سیاسی رائے عامہ پیدا کرنے میں پیپلز پارٹی نے یہ vision دیا تھا۔ جناب والا! صوبہ سندھ میں صوفی ازم کی ہوائیں چلتی ہیں، وہاں تمام مذاہب کے لوگ آپس میں بھائیوں کی طرح رہتے ہیں۔ جس طرح ہم سندھ میں دیوالی، ہولی اور تمام مذاہب کے دن ایک دوسرے کے ساتھ مناتے ہیں، اس کی مثال کہیں نہیں ملتی۔ آپ دیکھیں کہ پاکستان میں minorities کی زیادہ تعداد سندھ میں بستی ہے۔ آپ پاکستان پیپلز پارٹی کا vision دیکھیں کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے 1988ء میں سب سے پہلے Ministry for Minorities Affairs بنائی، کسی اور سیاستدان نے نہیں کی۔

جناب والا! تھرپارکر، عمرکوٹ، بدین، ٹھٹھہ، میرپورخاص ڈویژن، سانگھڑ، خیرپور جہاں جہاں بھی اقلیتیں رہتی ہیں، پیپلز پارٹی واحد پارٹی ہے جو انہیں protection دیتی ہے، ان کی مدد کرتی ہے، ان کے ساتھ برادرانہ رویہ رکھتی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے جو leadership پیدا کی کہ general election میں جس نے انہیں جیتنے والی seats دی ہوں، تھرپارکر سے ہمارے minority کے دوست general seat پر جیت کر آئے ہیں، میرپور خاص شہر کی general seat پر جیت کر آئے ہیں اور اس سے پہلے تھانہ بُولا خان میں بھی پیپلز پارٹی کے اقلیتی رکن منتخب ہوئے ہیں، پیپلز پارٹی تمام مذاہب کے لوگوں کو ساتھ لے کر چلتی ہے۔

جناب والا! عرض ہے کہ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے زمانے میں اور موجودہ دور میں بلاول بھٹو صاحب شیو کے مندر میں آتے ہیں اور تلک لگا کر اپنے اقلیتی بھائیوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ میں ان کے ساتھ ہوں۔ یہ لوگ اپنی عیدیں مناتے ہیں، ہولی مناتے ہیں، تہوار مناتے ہیں۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ پیپلز پارٹی کتنی popular ہے اور پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں کے ساتھ اس کی کتنی وفائیں اور تعلق داری ہے۔ جناب آصف علی زرداری صاحب جب صدر بنے تو انہوں نے 18th Amendment میں سب سے پہلے یہ کام کیا کہ سینیٹ میں اقلیتوں کے لیے تمام صوبوں میں four seats مختص کیں، یہ کام کسی اور پارٹی نے نہیں کیا۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ پیپلز پارٹی پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں کے لیے کیا کچھ نہیں کر رہی۔ پاکستان میں بسنے والے شیڈولڈ کاسٹ ہندو دلت جنہیں ہمارے پڑوسی ملک میں نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، انہوں نے وہاں قوانین بنائے تھے لیکن یہاں انہیں برابری کی بنیاد ملتی ہے چاہے وہ کھٹومل ہو، وہ سریندر ولاسائی ہو، وہ پونجو مل ہو، وہ کرشنا کماری ہو، وہ انجینیئر گیان چند ہو، متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے شیڈولڈ کاسٹ دلتوں کو priority کی بنیاد پر ان بڑے ایوانوں میں پیپلز پارٹی نے پہنچایا۔

جناب والا! ابھی کافی دوستوں نے ذکر کیا، میں مانتا ہوں کہ ان علاقوں میں بہت اکثریت ہے، وہاں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے زیادتیاں کی ہیں، پریا کماری اغواء ہوئی، ہم اسے condemn کرتے ہیں، ہم نے بھی احتجاج کیا ہے، ہمارے چیئرمین صاحب نے بھی اس پر suo moto notice لیا، وزیراعلیٰ سندھ آئے، انہوں نے بھی action لیا۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس طرح کی زیادتیاں نہ ہوں اور ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ یہاں کافی دوست کہہ رہے ہیں کہ قربانیاں دی گئیں اور جیل میں لوگ پڑے ہوئے ہیں، میں اُن لوگوں کے نام نہیں لیتا لیکن ان سے پوچھیں کہ سب سے زیادہ قربانیاں تو پیپلز پارٹی نے دی ہیں جس کی leadership نے شہادتیں دیں۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پھانسی قبول کرلی، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو شہید کیا گیا، میر مرتضیٰ بھٹو کو شہید کیا گیا، آصف علی زرداری صاحب نے کتنا عرصہ جیل میں گزارا اور آخر

میں ان کے سارے مقدمات جھوٹے نکلے۔ یہاں سے تو چیخیں نکل رہی ہیں، ان کی تو کبھی چڑیا بھی نہیں مری، ہماری پارٹی کے بہت سارے لوگوں نے قربانیاں دیں، MRD کی تحریک کے دوران کتنے لوگوں نے کوڑے کھائے۔ پیپلز پارٹی کا یہ وطیرہ رہا کہ اس نے جمہوریت کے لیے جدو جہد کی، یہ credit پیپلز پارٹی کو جاتا ہے۔ جنرل مشرف کے زمانے میں کس طرح الیکشن چوری ہوا، پیپلز پارٹی کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی گئی لیکن ہمارے قائدین نے اس زمانے میں بھی جدو جہد کی اور خاموش نہیں رہے۔ شہید محترمہ بے نظیر اُن حالات میں پاکستان آئیں۔ آپ نے دیکھا کہ جب پیپلز پارٹی 100% جیت رہی تھی تو محترمہ بے نظیر بھٹو کو شہید کر دیا گیا۔ اس وقت جنرل مشرف کی حکومت تھی لیکن آصف علی زرداری، مرد مجاہد نے کہا کہ ہمیں پاکستان چاہیے، انہوں نے 'پاکستان کھپے' کا نعرہ لگایا اور اپنے کارکنان کو خاموش کیا کہ ہم یہ شہادتیں برداشت کریں گے لیکن پاکستان کو ٹوٹنے نہیں دیں گے، یہ credit پیپلز پارٹی کو ہے جس نے لاشیں اٹھائی ہیں، اس کے علاوہ کوئی ایسی پارٹی نہیں ہے جس کی اس طرح کی قربانیاں ہوں۔ آپ گڑھی خدا بخش میں دیکھیں کہ ایک گنبد کے نیچے بہت سارے شہید دفن ہیں، انہوں نے پاکستان کے لیے جدو جہد کی تھی۔

جناب والا! ابھی یہ لوگ پریشان ہیں کہ ہمارے لیڈروں نے بڑی قربانیاں دیں، ان سے پوچھیں کہ وہ کیا قربانیاں ہیں؟ وہ پانچ سال جیل بھگت کر تو دیکھیں جیسے آصف علی زرداری صاحب نے جیل کاٹی تھی۔ آپ کی تھوڑی سے چیزیں نکلیں تو آپ نے جا کر GHQ پر حملہ کر دیا، وہ فوج جو رات، دن سرحدوں پر کھڑے ہو کر پاکستان کی خدمت کر رہی ہے، آپ نے اس کے خلاف نعرے مارنا شروع کر دیے۔ آپ تو پاکستان کو توڑنے کے لیے نکل آئے تھے لیکن پیپلز پارٹی نے شہادتیں دے کر اپنے وطن کو مضبوط کیا ہے۔

جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اب ہمارے ساتھ کیا زیادتی ہو رہی ہے کہ پنجاب سے نہروں میں جو پانی آتا ہے، سندھ جو tail پر واقع ہے اور اصول یہ ہے کہ ہمیں سب سے زیادہ پانی ملنا چاہیے لیکن سندھ کو پانی نہیں دیا جا رہا ہے۔ سندھ کے حصے کا پانی سندھ کو نہیں مل رہا ہے، سندھ میں پانی کی shortage ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں اپنے حصے کا پانی دیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پونجو صاحب! شکریہ۔

سینیٹر پونجو بھیل: ہم کہتے ہیں کہ پاکستان مضبوط ہو گا تو ہماری پارٹیاں بھی مضبوط ہوں گی، اگر پاکستان کی فوج مضبوط ہو گی تو پاکستان مضبوط ہو گا۔ اس لیے ہم تمام پارٹیوں کو request کرتے ہیں کہ آئیں اور بیٹھیں۔۔ (جاری۔۔۔۔)

(جاری)۔۔۔ سینیٹر پونجو بھیل: پاکستان مضبوط ہوگا تو پاکستان کی parties بھی مضبوط ہو گئیں، اگر پاکستان کی افواج مضبوط ہو گی تو پاکستان بھی مضبوط ہوگا۔ اس لیے ہم تمام Parties سے request کرتے ہیں کہ آئیں اور پاکستان کے آئین کے تحت چلیں۔ پاکستان کو مضبوط کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریزائیڈنگ آفسر: ڈاکٹر زرقا تیمور۔

(مداخلت)

جناب پریزائیڈنگ آفسر: فوزیہ صاحبہ آپ تشریف رکھیں۔ آپ اپنا button press کریں۔ آپ تشریف رکھیں۔ ڈاکٹر صاحبہ کی تقریر سنیں۔

(مداخلت)

**<u>Point raised by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur regarding the prevailing political situation in the country and release of political workers.</u>**

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب چیئرمین! آپ کی توجہ دلوانا چاہتی ہوں میں قرآن مجید کی ایک سورۃ سے شروع کرنا چاہتی جو کہ مجھے بہت پسند ہے اور میں ہمیشہ request کرتی ہوں جو ہمارے ہاں تلاوت ہوتی ہے۔ میں نے دو تین سورتیں ان کو بتائیں تھیں کہ ہمارے جو لوگ ایوانوں میں بیٹھے ہوتے ہیں، ہمیں بہت ضرورت ہے کہ ان آیات کی تلاوت کی جائے اور ترجمہ پڑھا جائے۔ وہ سورتیں ہمارے اوپر لاگو ہوتی ہیں۔ میں آج سورۃ تکاثر کی دو تین آیات پیش کرتی ہوں۔ (عربی)۔۔۔ ترجمہ: کہ تم انسانی مال و دولت جس کو تم نے اپنے اوپر حاکم کیا ہوا ہے، اپنے ہوس کے لیے، اس ہوس میں تم مبتلا رہو گے جب تک تم قبر میں نہیں پہنچ جاتے۔

میں نے اس لیے اس سورۃ سے شروع کیا ہے کہ یہ ہمارے ایوانوں کی اور ہمارے بڑے عہدوں کی کہانی ہے۔ دنیاوی مال و دولت کے لیے، دنیاوی عہدوں کے لیے ہمارے پارلیمان میں لوگ آتے ہیں، وہ مہرے بنتے ہیں، کٹھ پتلی بنتے ہیں، sleeper cells بنتے ہیں۔ اپنے ضمیر کو بیچ کر، اپنی conscience کو بیچ کر انسان جس بات کی وجہ سے اشرف المخلوقات بنا ہے وہ اس کی سوچ ہے اور اس سوچ کو بیچ کر ہم دنیاوی مال و دولت کے لیے اپنے آپ کو ٹھوکراتے ہیں اور اس نہج پر لے آئے ہیں۔

جناب چیئر مین ! جس نہج پر اس وقت یہ پارلیمان کھڑی ہے میں اس حوالے سے عمران خان صاحب کا ذکر کرنا چاہوں گی کہ وہ وہ انسان ہیں، وہ ہستی ہیں Prime Minister تو وہ رہے ہیں لیکن پوری دنیا میں وہ مانے جاتے ہیں کیوں؟ جتنا آپ ان کو دبا رہے ہیں اتنا ہی ان کا stature بڑھ رہا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ عمران خان صاحب تو اس وقت جیل میں ہیں، وہ ایک حق کے اوپر کھڑے ہوئے ہیں۔ باطل کے خلاف کھڑے ہوئے ہیں، اپنی conscience، اپنے ضمیر کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں۔ پاکستان کی عوام کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں اور انہوں نہ ہی ایک روپے کی کوئی corruption کی اور نہ ہی انہوں نے پاکستان کے مفاد کو کبھی بیچا، نہ چھوٹے فائدے کے لیے اور نہ بڑے فائدے کے لیے اور یہ وہ دو چیزیں ہیں جس کی وجہ سے امت مسلمہ ان کی پیچھے کھڑی ہے۔

آپ کسی بھی مسلم ملک میں چلے جائیں وہاں عمران خان صاحب کا نام لیتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ تمہارا hero کب آئے گا دوبارہ تمہارے ملک کو اٹھانے کے لیے لیکن ہم ہی خطاکار ہیں۔ میں اپنے لیے اور اپنی ایوانوں کے لیے میں (عربی) ہی پڑھوں گی کہ جہاں سے ہم آئے ہیں وہاں ہی ہم نے جانا ہے۔ اس وقت نوشتہ دیوار ہے کہ یہ ایوان معذرت کے ساتھ میں بھی 2027 تک اس کا حصہ ہوں لیکن یہاں پر اب کچھ نہیں رہ گیا کہ جس کی کوئی اہمیت ہے۔ یہاں پر صرف کسی کی آواز، کسی کی بات، اپنی نہ کوئی بات ہے اور نہ اپنا کوئی ضمیر ہے۔ آپ دیکھیں میں دوسری row میں ہوتی تھی مجھے بھی $4^{th}$ row میں کر دیا گیا۔ کیوں؟ اس لیے کیونکہ یہ سزا ملی ہے مجھے سچ بولنے کی۔

اس ایوان میں معذرت کے ساتھ میرے لیے سب بہت قابل عزت ہیں اور میں سب کی عزت کرتی ہوں، چاہے وہ کسی بھی Party سے ہو اور چاہے وہ کسی بھی مرتبے پر فائدہ ہو۔ ہمارا difference صرف خیالات کا، نظریات کا ہے، ذاتیات کا نہیں ہے۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ جو یہاں سچ کی بات کرے گا مجھے عموماً اس ایوان میں محسوس ہوتا ہے کہ میں غلط ہوں کیونکہ majority میرے خلاف ہوتی ہے۔ ہم میں سے جو لوگ بھی سچ کی بات کرتے ہیں، حق کی بات کرتے ہیں ہمیں یہ باور کرایا جاتا ہے کہ ہم غلط ہیں۔ ہمیں چپ کرنا چاہیے، ہمیں سچی بات نہیں کرنی چاہیے، ہمیں غلط بات کا ساتھ دینا چاہیے۔ میں تو اس لیے نہیں آئی یہ میرا آج آخری موقع ہو یا ہم سب کا آخری دن ہو آج، میں تو باطل کے ساتھ کھڑے ہو کر نہیں مرنا چاہتی اور اپنے ایک ذاتی فائدے کے پیچھے اپنی آواز بند کرکے، اپنے بچوں کے پیچھے ایسا نہیں ہونا چاہیے۔

ہم لوگوں نے اللہ کو جان دینی ہے یہ مال و دولت یہاں ہی رہ جائے گا جو آج ہے وہ کل نہیں ہوگا یہ نشیب فراز ہم سب نے دیکھا ہے اور ہمارے اوپر اتنی بڑی ذمہ داری ہے لیکن ہم ان سے آنکھیں بند کرکے اپنے اپنے ذاتی مفادات سے اپنے آپ کو explain کرتے ہیں کہ نہیں ٹھیک ہے۔ ایسے ہی ہوتا ہے ہمارے بڑے کہہ رہے ہیں کہ ایسے ہی چلاؤ وہ بھی تو چلا رہے ہیں نا، ان کو تو عہدے مل گئے۔ ہم جس دن ان کی طرح

ہو جائیں گے ہمیں بھی عہدے مل جائیں گے لیکن نہیں عزت اور ہمارا ضمیر کہتا ہے کہ ہماراleader کھڑا ہوا ہے۔ وہ اپنی ذات، مال، جان کے پیچھے اکیلا وہاں پر ہے اس کو کس چیز کی کمی ہے۔ وہ کیوں جیل میں بیٹھا ہے؟ پاکستان کی غریب عوام کے پیچھے اور جو لوگ ان کے پیچھے ہیں کچھ مانگ نہیں رہے ان کے اوپر جعلیcases ہیں۔

عمران خان صاحب پر اس وقت 200 fake cases ہیں، آج بھی ان کاcase bail ہونا تھا لیکن Chief Justice of Islamabad High Court کی طبیعت ناساز ہو گئی تو وہ نہیں آئے اس لیے نہیں ہوا۔ میں ایک اور بات آپ کو بتاوں مجھے پاکستان واپس آئے 14 years ہو گئے ہیں۔ جب میں پہلےDubai سے آتی تھی تو میں جہاز میں روکا کرتی تھی کہ یہ کام غلط ہے، میں سڑک پر جاتی تھی اور کہتی تھی کہ یہ کام غلط ہے اس کو مت کرو لیکن اب میں نے ایک تبدیلی دیکھی ہے۔ ایک ہفتہ پہلے میں ایک شادی پر جارہی تھی وہاں پر دو سڑکیں تھیں ایکsideایک طرف جانے کی اور دوسریsideدوسری طرف جانے کی رش ہو گیا تو ہماریsideکے لوگone way میں چلے گئے۔ مجھے اتنی خوشی ہوئی یہ دیکھ کر کہ لوگ اپنی گاڑیوں سے نکلے اور خواتین اور مرد انہوں نے ان کو نکال کر گھسیٹا گاڑیوں سے باہر، گھسیٹا تو نہیں لیکن انہوں ان کو کہا کہ آپ کیا کر رہے ہیں؟ آپ غلط کر رہے ہیں یہ آپ غلط کر رہے ہیں ایسا مت کریں۔ پاکستان کی عوام اب کھڑی ہو گئی ہے اور اگر یہ ایوان اپنی ذمہ داری کو نہیں سمجھے گی تو یہ ایوان آپ اور میں جانتے ہیں کہ کتنی بے دقت ہو چکی ہے تو آپ سے اور ہمارے سے نہ کوئی پوچھے گا اور نہ ہی کوئی پوچھتا ہے۔

سارےdecisionsاوپرlevelsپر لیے جاتے ہیں اور لیے جائیں گے تو یہ بے وقت ہو کر رہ جائے گا یہ ہمیں کسی طرح سے بھی زیب نہیں دیتا۔ میں پھر سے ان لوگوں کی بات کروں گی جو اس وقت جیل میں ہیں۔ آج ہمارے ایکworker لطیف رفیق صاحب جو دس مہینے جیل میں رہے وہ جیل سے جب رہا ہوئے تو آج ان کی موت واقع ہوئی ہے کیونکہ جیل میں ان کی طبیعت خراب تھی۔ اسی طرح ہمارے عمر چیمہ صاحب ہیں وہwheel chairپر آ گئے ہیں دس مہینے سے وہsolitary confinement میں ہیں۔ اعجاز چوہدری صاحب ہمارے سینیٹر ہیں ان کاproduction order نہیں جاری ہوتا، ان کے نکلنے سے کیا ہو جائے گا اگر وہ ایوان میں آ گئے تو انہوں نے کیا کر لینا ہے۔

عمران خان صاب کوbail نہیں ملتی، عمران خان صاحب کے اوپرcases پرcases بنائے جا رہے ہیں اس کے لیے ہم کھڑے ہوں گے۔ ہم بات کریں گے اور ہم تہذیب کے دائرے میں رہ کر بات کریں گے لیکن یہ ہمارا حق ہے اور ہم اپنا حق مانگیں گے۔ دوسری اور آخری بات میرے بھائی بہت پیاری باتیں کر کے گئے ہیں میں ان کو صرف یہ بتانا چاہوں گا کہ بھائی صاحب آپ جس خطے کے باسی ہیں اور ہم جس خطے کے باسی

ہیں یہاں پر بہت صدیوں سے divide and rule چل رہا ہے کم از کم جب سے انگریز آئے تب سے تو یہ ہی چل رہا ہے۔ آپ کو کانٹ چھانٹ کر آپ کے اوپر ہمیشہ کسی اور کی مرضی مسلط ہو گی۔ آپ کو نہیں پتہ ہو گا لیکن آپ کے چند لوگ جو یہ طاقت ہیں جس طرح کوئی چین گیا، کوئی سعودی عرب گیا۔ ہمارے اسحاق ڈار صاحب ہمارے لیے بہت قابل عزت ہیں لیکن یہاں پر ایک ایک آدمی کو تین تین، چار چار، پانچ پانچ عہدے ملتے ہیں تو اس سے لوگ اس لیے پریشان ہوتے ہیں کیونکہ ہر عہدہ ہمارے لیے بھی عزت کا باعث ہے اور ہم لوگ expect کرتے ہیں کہ جو لوگ ان عہدوں پر جائیں وہ اس کا کام کریں۔

لوگ سوال پوچھ رہے ہیں ہم تو نہیں پوچھ رہے ہم تو بہت ناچیز اور عاجز لوگ ہیں ہم تو بلکل بھی اس قسم کا سوال پوچھ نہیں سکتے لیکن میں بات یہ کر رہی ہوں کہ عوام پوچھ رہی اور ہم عوام کو جواب دہ ہیں۔۔۔ (جاری)

T23-29Apr2024 FAZAL/ED: Ahsan 08:40 pm

سینیٹر زرقا سہروردی تیمور (جاری ہے۔۔۔) ہم عوام کو جواب دہ ہیں۔ عوام ہم سے یہ بھی پوچھتی ہے کہ آپ ایوانوں میں کیسے جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمارا ایک موقف ہے کہ عمران خان صاحب کو رہا کرو۔ جو ہمارے بے گناہ کارکنان جیلوں میں بند ہیں ان کو رہا کیا جائے۔ لوگوں کے ساتھ جو ظلم ہو رہا وہ بند کیا جائے۔ خواتین جو جیلوں میں بند ہیں ان کو رہا کیا جائے۔ ان کے کیس عام عدالتوں میں چلیں۔ جناب چیئرمین! جب تک یہ نہیں ہو گا تو ہماری معصوم اور چند افراد کو نہ پسند آنے والی آواز جس نے مجھے چوتھی قطار میں کر دیا اور پتا نہیں وہ اس ایوان میں باقی تین سالوں میں میرے ساتھ کیا سلوک کریں گے۔ جناب چیئرمین! ہم تو بولتے رہیں گے۔ ہم ناچیز اور عاجز ہیں۔ ہم کچھ بھی نہیں ہیں لیکن ہماری آواز آپ کے سامنے اٹھتی رہے گی اور میری استدعا ہے اس ہاؤس کے ان سب لوگوں سے کہ آپ اپنا حق ادا کریں۔ ہم سب نے مرنا ہے۔ سب مال و دولت یہی رہ جائے گا۔ سب عہدے بھی یہی رہ جائیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، ڈاکٹر صاحبہ۔ سینیٹر بلال احمد مندوخیل صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Bilal Ahmed Khan regarding installation of LPG plants to address the issue of gas shortage in Balochistan**

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اس ایوان کے توسط سے یہ بولنا چاہوں گا کہ میں اس ایوان میں بیٹھ کر پچھلے دو تین دن سے یہ محسوس کر رہا ہوں یہ ایوان صرف بلوچستان کا ایوان ہے۔ اب تک جتنے بھی ہمارے بھائی اور ساتھی بات کر چکے ہیں وہ

بلوچستان کے متعلق ہی بات کر رہے تھے۔ باقی پاکستان کے متعلق کسی نے بات نہیں کی۔ شاید پاکستان کے مسائل حل ہیں اس لیے اس پر بات نہیں کی گئی۔ ہمارے مسائل شاید پاکستان سے زیادہ ہیں اس لیے سارے لوگ اس پر بات کر رہے ہیں یا ہم neglected ہیں اس وجہ سے ہم اس پر بات کر رہے ہیں۔ مسائل تو اس دنیا میں جب سے دنیا بنی ہے اور جب تک یہ دنیا قائم رہے گی مسائل ہوتے رہیں گے اور حل ہوتے رہے ہیں۔ مسائل کبھی ختم نہیں ہوں گے۔ ہاں! مسائل کم ضرور ہوں گے اگر ہم صدق دل اور اچھی نیت سے اور اچھی پلاننگ سے اور اچھی سوچ کے ساتھ ان مسائل کو حل کرنا چاہیں تو میرا اللہ کی ذات پر یہ ایمان ہے کہ یہ مسائل کم ہو سکتے ہیں اور ان شاء اللہ کم ہوں گے۔

جناب چیئرمین! میں بھی بلوچستان سے تعلق رکھنے والا پاکستان پیپلز پارٹی کا ایک ادنیٰ کارکن ہوں۔ بلوچستان کے حوالے سے میں بات کرنا چاہوں گا۔ گوکہ مجھے بات کرتے ہوئے عجیب محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ہم بلوچستان والے صرف شکوہ ہی لے کر آئے ہیں۔ جیسے ہم صرف شکوے شکایت کرنے کے لیے یہاں آئے ہیں۔ ہم یہاں پر اپنے مسائل حل کرنے کے لیے نہیں بلکہ صرف شکوے شکایت کرنے کے لیے آئے ہیں لیکن شکوے شکایت کرنے کے بھی کچھ وجوہات ہوں گے۔ جناب چیئرمین! بلوچستان میں کچھ ایسے حالات بنا دیے گئے ہیں کہ ہم بلوچستان والے اس پوزیشن پر آ چکے ہیں کہ اگر آپ قومی اسمبلی اور سینیٹ کی بات کرلیں تو آپ کو بلوچستان کا نمائندہ شکایت کرتے ہوئے کم اور شکوہ کرتے ہوئے زیادہ نظر آئے گا۔ جناب چیئرمین! ان شکووں کے کیا وجوہات ہیں؟ ان شکووں کی وجوہات یہ ہیں کہ ہماری جتنی بھی حکومتیں رہی ہیں وہ بلوچستان کو وہ اہمیت اور توجہ نہیں دے پا رہی جو بلوچستان کا حق ہے۔ جو بلوچستان کے ساتھ ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! میں ایک چھوٹی سی مثال آپ کو بلوچستان کے بارے میں دے رہا ہوں۔ اس وقت پورے پاکستان میں قدرتی گیس کا مسئلہ ہے۔ کراچی جیسے شہر میں بھی سردیوں کے موسم میں رات بارہ بجے کے بعد صبح چھ بجے تک لوڈشیڈنگ ہوتی ہے۔ بلوچستان میں سردیوں کے موسم میں گیس نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ عام دنوں میں اگر موسم بہتر ہو تو ہم اللہ تعالیٰ کے شکر ادا کرتے ہیں کہ آپ کی بڑی مہربانی کہ آپ نے بادل آئے نہیں، برسے نہیں اور سردی ہوئی نہیں تاکہ ہمیں گیس کی ضرورت نہ پڑے۔ اس مسئلے کو اگر آپ دیکھیں تو یہ ہمارا یہ مسئلہ کب سے چلا آ رہا ہے۔ یہ اس وقت سے چلا آ رہا ہے کہ جب سے پاکستان میں قدرتی گیس جیسے ہم سب لوگ سوئی گیس کے نام سے پہچانتے ہیں۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ سب سے پہلے پاکستان میں جو قدرتی گیس دریافت ہوئی وہ بلوچستان کے علاقے جیسے سوئی کہتے ہیں اس میں دریافت ہوئی۔ اس لیے اس قدرتی گیس کو سوئی گیس کا نام دے دیا گیا۔ اس وقت جو سب سے پہلا کنواں جو دریافت ہوا اس کی مقدار 1000 mmc per day کے حساب سے تھی۔ یہ پاکستان تاریخ میں سب سے بڑا کنواں تھا۔ اس معیار کا کنواں آج تک پورے پاکستان میں کسی دوسری جگہ پر نہیں ملا۔ اس کے بعد قادر پور گیس فیلڈ تقریباً 250 mmc per

2200 mmc per dayکے حساب سے گیس produceہو رہی ہے۔ ہمارے ملک کی اس وقت 1800 سے لے کر dayکے حساب سے ضرورت ہے۔ جس میں سے ہمارے domestic and commercial units شامل ہیں۔ جبکہ ہماری اس وقت production وہ 600 سے 680 mmc per dayکے حساب سے ہے۔ ہم بڑے فخر سے یہ بات کرتے ہیں کہ ہمارے ملک میں جو exploration ہو رہی ہے اس کی ratio دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ اگر ہم دس کنویں کھودتے ہیں تو ان میں سے 5 یا 6 کامیاب ہو جاتے ہیں لیکن ان کی پیداوار 10 سے لے کر 15 mmc per dayکے حساب ہے۔ اس طرح اس وقت ہمارے پورے ملک کی جو production ہے وہ وہ 600 سے 680 mmc per dayکے حساب سے ہے۔ جس طرح ابھی ہم کہہ سکتے ہیں کہ 2013 سے لے کر 2028 کی جو مسلم لیگ (ن) کی حکومت تھی انہوں نے ہمارے بلوچستان کے لیے کچھ LPGکے حوالے سے کچھ سہولیات دیں۔ LPG کی دس یونٹ کی منظوری صوبہ بلوچستان کے لیے دی۔ جس کے لیے میں کہوں گا کہ انہوں نے بلوچستان کو دو حصوں میں تقسیم کیا۔ پانچ یونٹ ہمارے بلوچ بیلٹ کے لیے مختص کیے اور پانچ یونٹ پختون بیلٹ کے لیے مختص کیے۔ بد قسمتی سے 2018 آگیا۔ اس وقت تک بلوچ بیلٹ میں ان دس پلانٹوں میں چار پلانٹ install ہو چکے تھے۔ میں اپنے پختون بیلٹ کے بارے میں کچھ آپ کو بتاتا ہوں کہ ان میں آواران، بیلہ، ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورلائی، قلعہ عبداللہ، کیچ، تربت، خضدار، تربت، اوتھل، وینڈر اور اس کے ساتھ ساتھ مسلم باغ، خانوے زئی، چمن اور خاران کے علاقوں کے لیے یہ دس یونٹ منظور ہو چکے تھے جن میں سے چار یونٹ installہو چکے تھے۔ اوتھل کا پانچواں یونٹ ابھی تک باقی ہے وہ بھی installہونا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے پختون بیلٹ کے جس میں سے ژوب، لورلائی، قلعہ سیف اللہ، خانوے زئی، قلعہ عبداللہ اور چمن وغیرہ کا area تھا۔ وہاں پر جو یونٹ لگنے تھے اس دوران 2018 کے الیکشن ہوئے اور بد قسمتی سے regime changeہوگیا۔ اس نئی حکومت میں ایک منسٹر صاحب تھے انہوں نے خصوصی طور پر اس پراجیکٹ کو اس لیے بند کیا کہ یہ 2013 سے 2018کے درمیان کی حکومت کی یہ پراجیکٹ ہے لہٰذا اس کو بند کیا جائے۔ اس سے قطعی نظر کہ اس پراجیکٹ سے استعفادہ کن لوگوں کو ہونا ہے۔ اس پراجیکٹ کے completeہونے سے فائدہ پاکستان کے عوام کو ہونا ہے۔ اس پراجیکٹ کے completeہونے کا فائدہ پاکستان کو ہونا ہے۔ اس لیے وہ پلانٹس آج دن تک installنہیں ہوسکے۔ اس لیے آج بھی ان علاقوں میں ہمارے لوگ قدرتی جنگلات کو کاٹ کاٹ کر اپنے گھر کی ضرورت اور سردی سے بچنے کے لیے لکڑی کا استعمال کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئر مین! تھوڑا سا وقت مزید چاہیے۔ یہ درخت جن کو تناور درخت لگنے میں سالوں کا عرصہ لگ جاتا ہے ایک گھنٹے سے کم عرصے میں کٹ جاتا ہے۔اس درخت کو بننے میں سالوں کا عرصہ لگ جاتا ہے اور کٹنے میں چند لمحے لگ جاتے ہیں۔ جناب چیئر مین! کیا ہم ان چیزوں کو محسوس کر سکتے ہیں کہ ہمارے ان جنگلات کو کاٹنے سے ہمارے موسم پر کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ آج ہم جس چیز کا رونا رو رہے ہیں۔ آج ہم جن سیلابوں کا رونا رو رہے ہیں کہ بے وقت کی بارشیں ہو رہی ہیں۔ بے وقت کے سیلاب آ رہے ہیں۔ ان چیزوں سے ہم relate نہیں کر پا رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، بلال خان صاحب۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئر مین! میں صرف یہ request کرنا چاہوں گا کہ جن علاقوں میں، (آگے T24 پر جاری ہے)

T24-29Apr2024 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 8:50 pm

سینیٹر بلال احمد خان مندوخیل: (جاری) میں یہ request کرنا چاہوں گا کہ جن علاقوں میں، خاص طور پر 2013 سے لے کر 2018 کے درمیان مسلم لیگ کی حکومت تھی، آج بھی مسلم لیگ کی حکومت ہے اور ان کے وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں یہ request کروں گا کہ وہ اپنے اس project کو دوبارہ take up کریں اور ہمارے اس علاقے میں یہ جو plants تھے، جن کو انہوں نے approve کروایا تھا، ان projects کو دوبارہ announce کریں اور ہمارے ان علاقوں کو LPG plants install کرنے کی اجازت دیں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلال صاحب! شکریہ۔ شاہزیب درانی صاحب۔

**Point of public importance raised by Senator Shahzaib Durrani regarding prevailing political situation in the country and non-serious attitude portrayed by the Opposition Members**

سینیٹر شاہزیب درانی: جناب چیئر مین! شکریہ۔ سب سے پہلے تو جتنے بھی نئے منتخب اراکین آئے ہیں بشمول نئے چیئر مین صاحب اور ڈپٹی چیئر مین صاحب، ان سب کو مبارک باد پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! جس دن ہم نے oath لیا، اس دن اور اس کے بعد جب مشترکہ اجلاس تھا اور اس کے بعد جب ہمارا first session call ہوا تو I got a bit disappointed from this House. As a second timer when I left this House, اس ایوان کی کچھ روایات تھیں، اس کی تہذیب اور تمدن کا ایک طریقہ تھا، یہاں بات چیت کا ایک انداز تھا، یہاں پر ہم کہتے تھے کہ we are members of Upper House. یہاں پر ہم تہذیب سے بات کرتے تھے اور جب ایک دوسرے کو پکارتے تھے تو ایک دوسرے کے نام کے ساتھ honourable Senator لگا کر پکارا کرتے تھے۔ یہاں کا ایک proper dress code ہوا کرتا تھا لیکن اس دن جب ہم نے حلف لیا اور اس کے بعد جس دن مشترکہ اجلاس تھا، اس میں ہم نے جس طرح کی بدمزگی دیکھی، ہلڑ بازی دیکھی، چیخنا، چلانا، shouting, hooting وغیرہ، یہ اس ایوان کی روایات نہیں رہی ہیں۔ اس ایوان کی پہچان ہم سے ہے۔ اگر ہم اس کی عزت نہیں کریں گے، ہم یہاں کوئی trend set نہیں کریں گے تو کوئی اور اسے set کرنے والا نہیں۔

جناب چیئرمین! یہاں پر بات ہوئی ظلم کی۔ I am not going to justify any wrong but I want to put some light on what happened. یہ جو ظلم کی داستان یہاں پر بیان ہو رہی ہے کہ ہمارے لوگ کن کن تکالیف سے گزرے۔ میں صرف recent past کے متعلق ایک بات کرتا ہوں۔ ایک sitting Prime Minister کو آپ disqualify کرتے ہیں، کس بات پر؟ صرف اس لیے کہ اس کے پاس ایک اقامہ تھا یا ایک visa تھا۔ اس کو آپ نے disqualify کرکے جیل میں ڈال دیا۔ اس کی بیٹی کو آپ ایک solitary confinement میں رکھتے ہیں۔ کس لیے؟ کیا ہماری مائیں بہنیں نہیں ہیں؟ اس کی ماں بسترِ مرگ پر تھی لیکن آپ اسے بات کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں، یہ کہاں کی روایات ہیں؟ ایک مسلمان کی حیثیت سے تو چھوڑیں، انسانیت کی حیثیت سے بھی ہمیں یہ چیز کہیں پر دکھائی نہیں دیتی۔ یہاں پر بات ہوئی production orders کی۔ I am not against the production orders. If a gentleman is a member of this House, he must be produced لیکن جناب! ہم سات سات دن اسپیکر آفس کے باہر اراکین کے production orders کے لیے کھڑے ہوتے تھے جبکہ ہمیں جواب ملتا تھا کہ نہیں ہے۔ سابقہ وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کو جب یہاں پر produce کیا جاتا تھا، انہوں نے request کی کہ ان کے lodge کو sub-jail declare کیا جائے۔ جیسے ہی سابقہ وزیراعظم کو پتا چلا کہ sub-jail declare ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ انہیں arrest کرکے واپس لے جائیں۔ انہیں daily صبح لاہور سے اسلام آباد لایا جاتا تھا اور daily شام کو واپس لے جایا جاتا تھا۔ اگر دس دن سیشن ہوتا تھا تو روزانہ یہ

routine follow کی جاتی تھی۔ صبح انہیں لایا جاتا تھا، شام کو واپس لے جایا جاتا تھا۔ یہاں بیٹھے ہوئے سینیٹرز میں سے کوئی بھی ہمیں بتائے گا کہ رانا ثناءاللہ پر بننے والا کیس real تھا۔ No, that was not a real case. That was a fake case. ہمیں اس وقت self-catharsis کی ضرورت ہے، ہمیں اپنے گریبانوں میں جھانکنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ ہم سے کیا غلطیاں ہوئی ہیں تاکہ ہم انہیں repeat نہ کریں۔

یہاں ہم صرف ایک دوسرے کے خلاف blame game چلا رہے ہیں اور mud-slinging کر رہے ہیں کہ آپ نے یہ کیا، میں نے وہ کیا۔ جناب! 1258ء میں ہلاکو خان نے بغداد کا محاصرہ کیا ہوا تھا جبکہ اندر مناظرہ چل رہا تھا just like the debate that we are having here. ایک کہہ رہا تھا، میں صحیح ہوں، آپ غلط ہیں جبکہ دوسرا کہہ رہا تھا کہ میں صحیح ہوں اور آپ غلط ہیں۔ وہاں پر توتو، میں میں ہو رہی تھی۔ پھر اس کا انجام کیا ہوا؟ پورا بغداد جل گیا۔ ہمارے سروں پر اس وقت climate change جیسا ہلاکو خان منڈلا رہا ہے۔ ہمارے سامنے غربت ہے۔ دہشت گردی اس وقت کا سب سے بڑا ہلاکو خان ہے۔ بلوچستان میں آئے روز ہمارے نوجوان، ہمارے فوجی، ہمارے سپاہی، ہمارے پولیس افسران، ہمارے ایف۔ سی کے افسران اور ہمارے civilians شہید ہو رہے ہیں لیکن ہم یہاں mud-slinging میں لگے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس ہاؤس کی بنیاد کیا تھی؟ To have equal representation and discuss the national matters. یہاں پر ہم یہ کیوں discuss نہیں کرتے کہ غربت جیسے مرض سے کیسے جان چھڑائی جائے۔ یہ جو inflation ہمارے سامنے موجود ہے، یہ جو ابھی ہم یہاں بیٹھ کر wheat کی بات کر رہے تھے، ہم کیوں ان مسائل سے جان نہیں چھڑانا چاہتے؟ ہم کیسے اپنی IT exports کو بڑھائیں؟ ہم اپنے FDIs کو کیسے increase کریں؟ ہم اپنے education system کو کیسے بہتر بنائیں؟ ہم brain drain کو کیسے روکیں؟ Sixty per cent of the population is below the age of thirty. چھ کروڑ عوام بے روزگار ہیں، ہم ان کے لیے کیوں یہاں پر بات نہیں کرتے کہ ان کے لیے روزگار کیسے پیدا کیا جائے؟ ہم کیوں کوئی creative dialogue نہیں کرتے؟ ہم صرف اس چیز میں لگے ہوئے ہیں کہ آپ نے کیا کیا، میں نے کیا کیا، تم سے یہ ہوا، میں غلط ہوں۔

جناب چیئرمین! یہاں ابھی ایک سینیٹر صاحب نے بادشاہت کی بات کی۔ بادشاہت میں reconciliation کی بات نہیں ہوتی۔ بادشاہت میں آپ Charter of Economy کی بات نہیں کرتے۔ ہم request کرتے تھے، سعد رفیق صاحب ان کو چیخ چیخ کر کہتے تھے

کہ آج ہم یہاں بیٹھے ہیں، کل وہاں ہماری باری ہوگی اور تم یہاں بیٹھے ہوگے، یہ کام نہ کرو۔ یہ لوگ سنتے ہی نہیں تھے۔ بادشاہت میں آپ دوسرے فریق کو offer نہیں کرتے کہ آئیں، بیٹھیں، بات کرتے ہیں، اس ایوان میں ایک basic rule set کرتے ہیں کہ ہم نے بات کرنی ہے۔ جناب! ارسطو کے اسکول کا ایک ہی rule تھا اور وہ tolerance تھا۔ آپ نے tolerance کے ساتھ، تہذیب اور تمدن کے دائرے میں ایک دوسرے کی بات سننی ہے اور patience کے ساتھ جواب دینا ہے۔ ہم پچیس کروڑ عوام کو کیا دکھا رہے ہیں کہ ہم یہاں elect ہو کر آئے ہیں ہلڑ بازی کرنے اور لڑنے کے لیے۔ یہ کام تو پھر ہم چوکوں میں بھی کر سکتے تھے، یہاں آنے کی کیا ضرورت تھی؟

جناب چیئرمین! یہ میری ایک مختصر سی گزارش تھی۔ میں صرف اس بات پر اپنی گفتگو ختم کروں گا کہ اگر ہم آج یہ decide نہیں کرتے اور آج فیصلہ نہیں لیتے کہ ہم نے کیا direction set کرنی ہے تو پھر ہمارا انجام وہی ہوگا کہ:

زنداں میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنوں کی

اب سنگ مداوا ہے اس آشفتہ سری کا

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: درانی صاحب! مہربانی۔ ذیشان خانزادہ صاحب۔

**Point of public importance raised by Senator Zeeshan Khan Zada regarding present political situation in the country and release of the former Prime Minister, Imran Khan and Bushra Bibi**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ آج آپ اس سیٹ پر بہت اچھے لگ رہے ہیں۔ ماشاء اللہ، آپ ہماری سینیٹ کے ایک favourite member ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ ہمارے اور بھی favourite member بن جائیں گے اگر آپ نے آج اور ابھی سینیٹر اعجاز چوہدری صاحب کا production order جاری کر دیا۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! اگر آپ production order جاری کر رہے ہیں تو ہم wait کر لیتے ہیں اور پھر ہم آپ کا شکریہ بھی ادا کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنی speech complete کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے پر پہلے اسپیکر صاحب کوئی بات کر چکے ہیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے میری یہ request consider کی۔ آج اراکین نے کافی issues پر بات کی ہے۔ ملکی معاملات پر تو یہاں ہمیشہ بات ہوتی ہے کیونکہ یہ ایوان بالا ہے۔ وہ مہنگائی کے حوالے سے ہو، بے روزگاری کے حوالے سے ہو، دہشت گردی کے حوالے سے ہو لیکن سب سے important issue جو پاکستان کا اس وقت ہے، وہ ایک public issue ہے۔ وہ issue قیدی نمبر 804 کی رہائی ہے۔ عمران خان کو جو مینڈیٹ ملا ہے، اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت یہ سب سے اہم issue ہے۔ جناب! ہمیں عمران خان کی رہائی چاہیے۔ ہمیں بشریٰ عمران خان کی رہائی چاہیے۔ ہمیں پی۔ٹی۔آئی کے تمام سیاسی کارکنوں کی جو اس وقت قید ہیں، رہائی چاہیے۔ ہمیں فارم 45 کے مینڈیٹ کو رہا کرنا ہے جو کہ پی۔ٹی۔آئی سے چھینا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں آج یہاں کھڑے ہو کر کوئی زیادہ سیاسی باتیں نہیں کرنا چاہتا لیکن اس وقت یہ اس ملک و قوم کی ضرورت ہے۔ اس وقت ایک ایسی حکومت آ گئی ہے جس پر عوام کا اعتماد نہیں ہے۔ اس ملک میں کوئی investor نہیں آنا چاہتا۔ کوئی عام بندہ اس ملک میں کام نہیں کرنا چاہتا جبکہ ہر بندہ اس ملک سے جانا چاہ رہا ہے۔ (جاری۔۔۔۔T25)

T25-29April2024　　Abdul Razique/Ed:Khalid　　09:00 p.m

سینیٹر ذیشان خانزادہ: ---(جاری)--- ہر بندہ اس ملک سے جانا چاہ رہا ہے کیونکہ یہاں کے حالات ہر گزرتے دن کے ساتھ بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ ویسے تو issues بہت سارے ہیں لیکن ابھی treasury benches کے کچھ ممبران نے FBR کے حوالے سے یہ ایک issue اٹھایا۔ آج کل FBR میں کچھ consultants کی appointments ہو رہی ہیں اور فیصلے کسی طریقہ کار کے بغیر کیے جا رہے ہیں۔ میں نے recently ایک article پڑھا جس میں comprehensive filtrating process of civil officers کی بات تھی۔ انہوں نے تقریباً 900 افسران کی ایک لسٹ بنائی ہے جس کے مطابق کون کرپٹ ہوگا اور کون نہیں ہوگا۔ اس کی بنیاد پر وہ افسران کو سزا دیں گے۔ کچھ افسران کو تو OSD بنا دیا گیا ہے۔ ان میں ایسے کئی افسران ہیں جنہیں اسی شہباز شریف کی حکومت نے اپنے پچھلے دور میں صدارتی ایوارڈ سے نوازا تھا۔ اس ملک کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ میں یہ صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ اگر ایسا کوئی FBR process میں چل رہا ہے تو ایوان کو اس سے آگاہ کیا جانا چاہیے کہ یہ کیوں ہو رہا ہے اور اس کا طریقہ کار کیا ہے کیونکہ کچھ ایسے افسران ہیں جن کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ جس طرح ان

کی insult کی جارہی ہے، اس وجہ سے ان پر اور ان کی families پر بہت زیادہ psychological pressure ہے۔ اگر کوئی آپ کو پسند نہیں تو آپ اسے transfer کریں۔ یہ نہ کریں کہ انہیں OSD بنا کر پورے ادارے کے سامنے ان کی بے عزتی کریں۔ میں یہ درخواست کروں گا کہ آپ اسے نوٹ کریں اور اس پر کوئی action لیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر فلک ناز۔

**Points of Public Importance raised by Senator Falak Naz regarding insensitive approach of NDMA towards recent flooding in Chitral and release of incarcerated Imran Khan and his wife**

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ میں سب سے پہلے اپنے علاقے چترال کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہوں گی۔ گزشتہ بارشوں کی وجہ سے Upper and Lower Chitral شدید متاثر ہوئے ہیں۔ وہاں کے اکثر مکانات گر گئے ہیں۔ ان سب کے باوجود وفاقی حکومت نے چترال کی طرف دیکھا ہی نہیں ہے۔ صوبائی حکومت کی طرف سے وہاں پر ایمرجنسی کا نفاذ کافی نہیں ہے۔ ہم نے کافی کوشش کی کہ ہمیں NDMA کی طرف سے کوئی امداد ملے لیکن وہ چترال کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ چترال بھی اس ملک کا حصہ ہے۔ گزشتہ بارشوں کی وجہ سے چترال بیس سال پیچھے چلا گیا ہے۔ فصلوں اور باغات کو نقصان پہنچا ہے۔ روڈ بہہ گئے ہیں۔ بجلی، انٹرنیٹ اور telecommunications کا نظام درہم برہم ہے۔ ہر سال جب بھی بارشیں ہوتی ہیں، چترال میں اسی طرح تباہی مچ جاتی ہے۔ وفاقی حکومت اس دوران NDMA and NGOs کی طرف سے کچھ امدادی راشن بھیج دیتی ہے اور پھر ہمیں بھول جاتے ہیں۔ میں جب بھی یہاں بات کرتی ہوں، یہ لوگ ایک کان سے سن کر دوسرے سے نکال دیتے ہیں اس وجہ سے یہاں بات کرنے کا کوئی فائدہ بھی نہیں ہے۔ ابھی ایوان میں کوئی وزیر بھی موجود نہیں ہے۔ میں آپ کے اور اس ایوان کے وساطت سے NDMA سے یہ گزارش کروں گی کہ چترال کے لوگ بھوک سے مر رہے ہیں۔ وہ کھلے آسمان تلے بیٹھے ہوئے ہیں۔ صرف سروے ہو رہے ہیں۔ خوراک اور دوائیوں کی قلّت ہے۔ خدارا اس مصیبت کی گھڑی میں چترال کے لئے کچھ کیا جائے اور کم از کم دوائیوں کا بندوبست کیا جائے۔

جناب! دوسری بات یہ کہ یہاں پر ہمارے معزز ممبران نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ PTI کے ساتھ مفاہمت ہو تاکہ ملک کا نظام اچھی طرح سے چلے۔ ہم اس وقت تک مفاہمت نہیں کریں گے جب تک ہمارے لیڈر، قیدی نمبر 804 کے تمام cases ختم نہیں کیے جاتے، جو ہماری

خواتین سیاسی ورکرز ہیں، انہیں رہا نہیں کیا جاتا اور خاتون اول بشریٰ بی بی کی بنی گالا میں نظربندی ختم نہیں کر دیتے۔ بشریٰ بی بی کا قصور صرف یہی ہے کہ وہ عمران خان کی بیوی ہیں۔ میں نے صرف پاکستان کی نہیں بلکہ پوری اسلامی تاریخ میں یہ نہیں دیکھا کہ کسی خاتون پر حدت کیس بنایا گیا ہو۔ بشریٰ بی بی ایک باپردہ خاتون ہیں۔ جب عمران خان وزیر اعظم تھے تب بھی وہ کسی سیاسی تقریب میں شرکت نہیں کرتی تھیں۔ وہ کبھی سرکاری دوروں پر باہر نہیں جاتی تھیں۔ چونکہ وہ عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑی ہیں اور ان کی اہلیہ ہیں اس وجہ سے انہیں بنی گالا میں نظربند کیا گیا ہے۔ میں نے پہلے ایوان میں ایک قرارداد پیش کی تھی کہ ہم جو PTI کی خاتون سینیٹر ہیں، ہم بشریٰ بی بی کی صحت کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہیں کیونکہ ان کی صحت کو کافی خطرہ ہے۔ انہوں نے خود ہی ان خدشات کا ذکر کیا ہے کہ انہیں زہر دیا گیا ہے۔ بشریٰ بی بی چاہتی ہیں کہ شوکت خانم اسپتال سے ان کا علاج کیا جائے۔ میں یہ گزارش کروں گی کہ ہم جو PTI Women Senators ہیں، ہمیں بشریٰ بی بی سے ملنے دیا جائے تاکہ ہم ان کی صحت کا پتہ کر سکیں۔ خاتون اول ہونے کی حیثیت سے وہ نہ صرف ہمارے بلکہ پورے پاکستان کی ماں ہیں لہٰذا ہماری گزارش قبول کی جائے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر فوزیہ ارشد۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: شکریہ، جناب چیئرمین! مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ میں شروع کہاں سے اور ختم کہاں پر کروں۔ جو میرے دل کی باتیں ہیں اور مطالبات ہیں، وہ وہی ہیں جو میرے PTI senators نے کی ہیں which are regarding releaser of our Chairman Imran Khan and his wife. میں بھی ان مطالبات کے لئے ان میں شامل ہوں لہٰذا میں ان باتوں کو repeat کرکے وقت ضائع نہیں کروں گی۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ سب نے یہاں پر بڑی، بڑی باتیں کرلیں اور انہوں نے کہا کہ Treasury and Opposition کو ساتھ بیٹھ کر ایک balance پیدا کرنا چاہیے اور آپس میں tolerance کا ایک جذبہ ہونا چاہیے۔ جو مزے کی بات مجھے لگی کہ یہ سب کہہ کر بھی انہوں نے اصل میں یہی کہا کہ یہ سب ہمیں نہیں کرنا چاہیے۔ یہ وہی بات ہے کہ آپ ایک بندہ مار دیں اور پھر کہیں کہ I am sorry. سب گلے کر لیے، سارے الزامات ہماری پچھلی حکومت اور پارٹی پر لگا دیے اور خود کو دودھ کا دھلا کہہ دیا۔ ہم سب پر ساری کیچڑ اچھال کر پھر کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ آپ نے اپنی ساری negativity ہم پر نکال دی اور پھر ہم سے امید کرتے ہیں کہ ہم کچھ نہ کہیں۔ ہم کیوں کچھ نہ کہیں؟ ہم بھی عام لوگ ہیں اور اس نظام کا حصہ ہیں، کوئی ولی اللہ نہیں ہیں۔ ہم ایسے کوئی خاص جذبات نہیں رکھتے کہ جو کچھ عوام کے ساتھ ہو رہا ہے، ہم وہ محسوس ہی نہ کریں۔ عوام کا مینڈیٹ چوری ہوا ہے اور آپ نے انہیں ان کا حق نہیں دیا ہے۔

For the first time in the history of Pakistan, the 60-65 percent youth time in their lives, casted their votes. They casted their votes for whom? They casted their votes for the person جو حق پر ہے، جس نے لاالہ الااللہ کا مطلب بتایا، جس نے بتایاکے آپ کیا ہیں اور جس نے عوام میں یہ شعور پیدا کیا کہ یہ آپ کے حقوق ہیں۔۔۔ (جاری T26)

T26-29APR2024 Taj/Ed. Mubashir 09:10 p.m.

سینیٹر فوزیہ ارشد:۔۔جاری۔۔ کس طرح سے اس نے عوام میں شعور پیدا کیا کہ بھائی! یہ آپ کے حقوق ہیں۔ جب تک بچہ روتا نہیں، اپنی آواز بلند نہیں کرتا، اس کی ماں اسے دودھ نہیں پلاتی۔ جب آواز بلند ہو گئی ہے کہ ہمارا رہبر، ہمارا سربراہ عمران خان ہیں، اس کا مینڈیٹ چوری ہوا ہے تو ہم آواز کیوں نہ بلند کریں۔ ہم کرتے رہے ہیں، اب بھی کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ ہمارے ساتھ دن دہاڑے جو ناانصافی ہوئی ہے، اس کا کون ازالہ کرے گا؟ آپ کہیں نہیں جاسکتے۔ یہاں پر کوئی freedom of speech نہیں ہے۔ ہمارے تمام اداروں کو مجبور کہہ لیں یا وہ اس میں ملوث ہیں، مجھے نہیں پتا میں کیا لفظ استعمال کروں مگر ہمارے ادارے free نہیں ہیں۔ وہ حق اور انصاف کی بات نہیں کر رہے۔ انہوں نے Form 47 کو ردی کی ٹھوکری میں پھینک دیا، کیوں؟ کیونکہ وہ سچی بات ہے، ان کے مفاد کی بات نہیں ہے، اس لیے یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ I will not tolerate this....

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: نہیں جناب! مجھے دو منٹ دے دیں۔ میں کافی دیر سے بیٹھی ہوئی ہوں۔ آپ کیوں ہمیشہ مجھے آخر میں بولنے کا موقع دیتے ہیں؟ یہاں ہر کوئی یہی بات کر رہا ہے کہ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ کر بات کرنی چاہیے۔ In short, we are talking about national integration. There is no political harmony in Pakistan which has been a big big challenge for many years and there is no easy solution. Pakistan political parties, they have to engage in constructive dialogue and negotiation to dissolve all these differences. This is what we need to do. This is the dire need of this time and which we don't do مگر کیوں ہم نہیں کر سکتے۔ وہاں سے بھائی نے کہا ہم mud-slinging کرتے ہیں، ہم ایک دوسرے کو نیچا دکھاتے ہیں۔ بھائی! اگر آپ ہمیں نیچا دکھائیں گے تو پھر آپ بھی ہم سے سنیں۔ ہمارے لیے آپ نے جتنا برا بھلا کہنا ہے وہ تو

آپ کہہ جاتے ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ آپ tolerant ہوں۔ ہم بھی تو برداشت کرکے آپ کی بات سنتے ہیں تو آپ بھی ہماری بات سنیں۔

اس ملک میں institutional reforms کی ضرورت ہے which is a must and for that we have to strengthen our democratic institutions such as Parliament, Judiciary and to top it all the Election Commission. To ensure they are impartial and attractive. We need to foster a culture of tolerance and critical thinking through education and public awareness. Now my major topic and my major concern is education. پاکستان میں 2.8 crore بچے سکول نہیں جاتے۔ تعلیم کو بجٹ میں 2% ملتا ہے۔ ہمارے ان بچوں کو پتا بھی نہیں کہ سکول کیا ہوتا ہے۔ I am running an NGO for education and especially to educate out of school children in Pakistan. اسلام آباد کے رقبے میں جو 27 square kilometres ہے، 27 لاکھ کی آبادی میں لگ بھگ ایک لاکھ بچے سکول نہیں جا رہے۔ یہ کیا ہے؟ Our women, they are the very strong pillar of our society. ہم چاہتے ہیں کہ ان کے لیے تعلیم ہو، vocational skills trainings ہوں، ہم ایک ایسا educational system لے کر آئیں جس میں ان جوان بچوں کے لیے entrepreneurship کی initiatives آئیں جس میں بچے خود مختار ہوں، اپنی چھوٹی چھوٹی businesses کریں۔ ہم اس پر توجہ دیں۔ ہمارے ملک کی معیشت جو تباہ ہو رہی ہے، اس پر کام کریں، مثبت کام کریں۔ مگر ہو کیا رہا ہے کہ ہم blame game کر رہے ہیں، ہم ایک دوسرے کو نیچا دکھانا چاہ رہے ہیں۔ It has to come to an end. جناب چیئرمین! جب ہم جیسے لوگوں کی بات کرنی ہوتی ہے تو ہوتا یہ ہے آپ کہہ دیتے ہیں کہ وقت ختم ہو گیا، مجھے بھی پتا ہے کہ سوا نو بجے ہیں، وقت تو ختم ہو گیا مگر مجھے جو سب سے زیادہ گلہ ہے، وہ یہ ہے کہ یہ اجلاس تین دن چلا ہے، اس میں آپ نے کچھ لوگوں کو ہر روز بولنے دیا۔ میں پہلے دن سے بٹن دبا رہی ہوں، آج مجھے تیسرے دن آخری نمبر پر آپ نے وقت دیا ہے۔ میں نام لوں گی۔ جان محمد صاحب کو تینوں دن موقع دیا گیا۔ وہاں سے ایک اور صاحب ہیں، میں ان کا نام بھول گئی، وہ بھی دو دن بولے اور گرجے پی ٹی آئی پر۔ بھائی! اپنی پارٹی کی بات کرو، اپنے ملک کی بات کرو۔ ہمارے system پر کیوں بات

کرتے ہو؟ ہم پر کیوں تنقید ہوتی ہے؟ تنقید کرکے کیا مل رہا ہے؟مزید ایک دوسرے سے نفرتیں بڑھانی ہیں۔ ہمیں ان نفرتوں کو دور کرنا ہے۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فوزیہ ارشد صاحبہ، بہت شکریہ۔

Senator Fawzia Arshad: We have to be tolerant and patient to listen to each other.

پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں کہ آپ کیا ہیں، کیا تھے اور کیا کر رہے ہیں۔ ہم پر انگلی نہ اٹھائیں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ جیسر صاحبِ! آپ نے تو نہیں بولنا ہے؟ بہت شکریہ۔

I will now read out the prorogation order received from the President. In exercise of the powers conferred by Clause 1 of the Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, hereby prorogue the Senate session on the conclusion of its business on Monday, the 29th April, 2024. Signed by President of Pakistan.

Sd/-

(Asif Ali Zardari)

President of Pakistan

----------------

*(The House was then prorogued sine die)*

----------------